Vol. II
No. 9

Friday
20th June, 1952.

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

CONTENTS

	Pages
Starred Questions and Answers	... 459—462
Business of the House	... 462—464
Demands for Grants	. 464—545

Price: Eiaht Annas.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN
1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Friday, 20th June, 1952.

The Assembly met at Five Minutes past Nine of the Clock
[*Mr Speaker in the Chair*]

Mr Speaker· Now we shall proceed to questions

Starred Question and Answer

Shri Ch. Venkat Ram Rao (*Karimnagar*) Question No. 119.

سلک ورکس منسٹر (شری مہدی نوازجنگ) سوال یہ ہے کہ

(1) Whether he is aware of the corruption and high handedness of the Supervisors of Irrigation Branch at Nirmal Project in Sirsilla Taluq ?

سوائے اس کے کہ ایک درخواست رعایا کی طرف سے وصول ہوئی تھی سپروائزر کے خلاف کرپشن کی کوئی ایسی اطلاع مجھے نہیں ہے ۔ جہاں تک ہائی ہنڈیڈنیس (High Handedness) کا تعلق ہے کہا جاتا ہے کہ وہاں دیہاتیوں اور سلوس مین (Sluice men) کے درمیان کچھ بات ہو گئی ہے۔ سلوس مین نے سختی سے گفتگو کی ۔اوسکے بعد کچھ جھڑپ ہو گئی اور سلوس مین کو اس بات کی دھمکی دیگئی کہ اوسے قتل کردیا جائیگا۔ یہ سلسلہ اسطرح شروع ہوا کہ سلوس مین نے وہاں کی نہر کا پانی روک دیا تھا اور کچھ پیسے طلب کئیے تھے ۔ اس کے متعلق تحقیقات کی گئی اور تحقیقات میں یہ بات پائی گئی ۔ چنانچہ سلوس مین کو علحدہ کردیا گیا ۔ لیکن جہاں تک سپروائزر کا تعلق ہے وہ چیز ثابت نہیں ہوئی ۔ معلوم ہوا ہے کہ حقیقت میں سپروائزر نے کوئی زیادتی نہ کی تھی ۔

(2) Whether it is a fact that these officers are not allowing water under the pretext of Taibandi ?

اس کا تعلق سررشتہ مال سے ہے۔ اس میں تعمیرات کو کوئی دخل نہیں ہے۔

(3) Whether people of this area have made any representation to the Government ?

رعایا کی طرف سے درخواستیں آئی تھیں جو کلکٹر کے پاس بغرض تحقیقات بھیجی گئیں ۔

(4) If so, what action has been taken by the Government ?

اس کے متعلق تحقیقات کی گئی ۔ جیسا کہ میں نے ابھی عرض کیا سلوس مین کو برطرف کردیا گیا اور سپروائزر کو کہا گیا کہ وہ رعایا سے نرمی کے ساتھ گفتگو کیا کرے۔

شری ویکٹ رام راؤ- کیا یہ صحیح نہیں ہے کہ حسب رعایا سپروائزر کے پاس آئی دو وھاں اون کو جوتے سے مارا گیا ؟

شری مہدی نو از جنگ- درخواست میں ایسا لکھا تھا ۔ لیکن تحقیقات میں یہ چیز ظاھر نہیں ھوئی ۔ وھاں کے مہتمم صاحب آباسی نے رعایا کو ھدایت دی کہ وہ مزید ثبوت لیکر پھر آئیں ۔ ۱۵ دن تک انتظار کیا گیا ۔ لیکن وہ لوگ نہیں آئے ۔

شری ویکٹ رام راؤ کیا وھاں پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ اور ریوینیو آفیسرس میں اختلافات ھیں اور ان اختلافات کے نتیجہ کے طور پر رعایا تکلیف برداشت کررھی ھے ؟

شری مہدی نو از جنگ- معزز ممبر اگر آھستہ فرمائیں اور مائک سے ھٹ کر بولیں تو مناسب ھوگا ۔

شری ویکٹ رام راؤ- کیا وھاں پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ اور ریوینیو آفیسرس میں اختلافات ھیں اور ان اختلافات کے نتیجہ کے طور پر رعایا تکلیف برداشت کررھی ھے ؟

شری مہدی نو از جنگ- یہ چیز ظاھر نہیں ھوئی ۔

ایک آنریبل ممبر- درخواست پیش کرنے ، اس کی تحقیقات کرنے اور تصفیہ کرنے میں کتنا عرصہ گزرا ؟

شری مہدی نو از جنگ- جہاں تک میرا خیال ھے جلد تصفیہ ھوا فروری کی ۱۶ تاریخ کو درخواست پیش ھوئی تھی اور ۲۱ تاریخ کو جواب دیا گیا ۔

شری بھگونت راؤ گمبھیر راؤ (عثر) - کیا یہ صحیح نہیں کہ پی ۔ ڈبلیو ۔ ڈی ۔ (P.W.D) آفیسر کے پاس اس قسم کی نمایندگی کی گئی تھی کہ پائپ جو بند کیا گیا ھے جاری کیا جائے ؟

شری مہدی نو از جنگ - کہا جاتا ھے کہ گاؤں والوں نے اپنے طور سے وھاں کے پائپ کو ھٹادیا تھا اس کے بعد سپروائزر نے اس کی پوزیشن کو درست کردیا ۔

شری سی ایچ ۔ ویکٹ رام راؤ- یہ تحقیقات کس نے کی ؟

شری مہدی نو از جنگ - آباسی کے انجینیر نے کی ۔

شری لکشمن کو نڈا (آصف آباد ۔ عام) انجینیر کے خلاف کافی ثبوت ھونے کے باوجود تحقیقات اد نہیں کی گئی ا کے متعلق بعد میں شکایت وصول ھوئی تھی تو کیا کارروائی کی گئی ؟

شری مہدی نو از جنگ بعد میں شکایت وصول نہیں ھوئی ۔

شری لکشمن کو نڈا- ایسی کتنی شکایات آنریبل منسٹر کے پاس ھیں ؟

شری مہدی نو از جنگ یہ ھمارے ملک کی بدنصیبی ھے کہ ھم لوگوں میں وہ احساس سچائی اوس درجہ میں اب تک نہیں ھے جو ایک آزاد قوم کے شایان شان ھونا

چاهئے - ایسے کرپشن کی شکایتیں عام ھیں اور یہ ھمارے ملک میں ایک بلا کی طرح ھیں - کرپشن نہ صرف تعمیرات میں ھے بلکہ ممکن ھے کہ دوسرے محکموں میں بھی ھو اور خانگی زندگی پارٹیوں اور فیملیز (Families) میں بھی ھو - ایسے دور کرنا ھمارا فرض ھے -

شریمتی لکشمی بائی (بانسواڑہ) ایسے کرپشنس (Corruptions) کے واقعات جو آنریبل منسٹر کے سامنے آئے ھیں ان کا سختی سے تدارک کیوں نہیں کیا جاتا اور سزائیں کیوں نہیں دیجاتیں ؟

شری مہدی نواز جنگ - جب کوئی جرم ثابت ھوجاتا ھے تو سزا ضرور دیجاتی ھے -

شریمتی شاھجہاں بیگم - (برگی) کیا سپروائزر کا جرم ثابت نہیں ھوا ؟

شری مہدی نواز جنگ - سپروائزر نے رعایا کے ساتھ سخت کلامی کی تھی اور کچھ مار پیٹ بھی ھوئی تھی - انہیں ھدایت دی گئی ھے کہ وہ رعایا کے ساتھ نرمی سے پیش آئیں -

شریمتی شاھجہاں بیگم - کیا یہ سزا کافی ھے ؟

Mr. Speaker : It is a matter of opinion.

شریمتی شاھجہاں بیگم - یہ خود دولتمند لوگ غریب رعایا کو . . . . .

Mr. Speaker This question cannot be allowed

شری وینکٹ رام راؤ - کیا یہ صحیح نہیں ھے کہ نرمل پراجکٹس سے اس قسم کی شکایات آتی ھیں کہ وھاں کے ملازمین پیسے لیتے ھیں اور پیسے نہ دیں تو پانی روک دیا جاتا ھے ؟

شری مہدی نواز جنگ - زیر کاشت زمینوں کے لئے پانی کی قلت کی وجہ ایسی شکایتیں آتی ھیں - تہ بندی کے سلسلہ میں نظام ساگر سے بھی ایسی شکایت وصول ھوئی -

Shri K. Venkiah (Madhira) : Is there any information with the hon. Minister to the effect that there is no water in Wyra this year ?

Shri Mehdi Nawaz Jung : I am not aware of it. I shall make enquiries.

شری بھگونت راؤ گمبھیر راؤ - جب نظام ساگر میں پانی کی قلت نہیں ھے تو وھاں سے ایسی شکایات کہ پانی کم دیا گیا کیوں آتی ھیں ؟

شری مہدی نواز جنگ - تہ بندی کا کام ریوینیو ڈپارٹمنٹ (Revenue Department) سے متعلق ھے -

ایک آنریبل ممبر - رسوب سے متعلق جو بدعنوانیوں کی اطلاعیں ملی ہیں ان کے انسداد کے لئے کیا آنریبل منسٹر کے ڈپارٹمنٹ کی جانب سے کوئی قدم اٹھایا جا رہا ہے ؟

شری مہدی نواز جنگ - یہ ایک عام سوال ہے۔ جہاں تک اس ڈپارٹمنٹ کا تعلق ہے جب یہ کام مجھے دیا گیا تو ہمارے چیف منسٹر نے یہ کہا کہ اس ڈپارٹمنٹ کو سدھارنے کی جانب میری خصوصی توجہ ہونی چاہئے - میں اسکو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ اس ملامت کو محض تعمیرات کی حد تک محدود رکھا جائے - یہ ایک عام مسئلہ ہے۔ چنانچہ کل ٹائمس آف انڈیا میں یہ خبر آئی ہے کہ گورنمنٹ آف انڈیا کی جانب سے اس سلسلہ میں سختی سے کارروائی کرنے کے متعلق بلس (Bills) پیش ہونے والے ہیں تاکہ اس کرپشن کو سختی سے دور کیا جائے - یہ ایک عام مسئلہ ہے اور اسکو کسی سررشتہ کے ساتھ محدود کرنا مناسب نہیں ہے -

شری جی۔ سری راملو - (سبھی) جب سارے اسٹیٹ میں یہ ایک عام طریقہ ہوچکا ہے تو اسکے انسداد کے لئے کیا طریقے اختیار کئے جا رہے ہیں ؟

شری مہدی نواز جنگ - شکایت وصول ہونے پر تحقیقات کی جاتی ہے - اور اسکے صحیح ثابت ہونے پر مناسب کارروائی کی جاتی ہے -

شری جی - سری راملو - اس کونسچن کے بارے میں میرے پاس ایک درخواست وصول ہوئی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ ٹرینل پراجکٹ کے تحت بارلہ چیرو کے سچے نارائن راؤ اور سندر راؤ نے صرف اپنی ۰۰ ایکڑ زمین بچانے کی خاطر ڈی - ای سے ملکر پانی نکالنے کی کوشش کی - کیا یہ صحیح ہے ؟

(Answer was not given)

Business of the House

Mr. Speaker Now, we shall proceed to the next item, the Demands for grants.

ان ڈیمانڈس کو لینے سے پہلے میں چاہتا ہوں کہ اس سلسلے میں کچھ باتوں کی وضاحت کردوں - چیف منسٹر بحیثیت ریوینیو منسٹر جو ڈیمانڈس پیش کرینگے انہیں آج ختم کردینا چاہئے - اس لحاظ سے میں ہاؤس سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا آنریبل ممبرس آج دو پہر میں بھی سیشن رکھنا مناسب سمجھتے ہیں ؟

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - دوران ڈسکشن میں اسکا اندازہ ہوسکتا ہے کہ آیا دوپہر کو بھی سیشن رکھنے کی ضرورت ہوگی یا نہیں - اگر اس وقت میں کافی لوگوں کو اظہار خیال کا موقع نہ مل سکے تو دوپہر میں سیشن رکھا جاسکتا ہے -

چیف منسٹر (شری بی - رام کشن راؤ) - ۲۲ ڈیمانڈس پیش ہونے ہیں - ان پر کٹ موشنس بھی پیش ہوئے ہیں - اس لحاظ سے اگر ضرورت ہوتو علی جناب دوپہر کا وقت بھی لے سکتے ہیں -

مسٹر اسپیکر - میں نے یہ سوال اسلئے ہاؤس کے سامنے پیش کیا کہ ہمارا کام اسموتھلی (Smoothly) چل سکے - جب وقت ختم ہونے کے قریب ہوتا ہے اس وقت ہاؤس میں چاروں طرف سے یہ خواہش ظاہر کی جاتی ہے کہ آنریبل ممبرس کو بولنے کاموقع دیا جائے - اس اعتبار سے دوپہر میں بھی بیٹھنا مناسب ہوگا -

میں ایک اور چیز بیان کرونگا - جنرل ڈسکشن ہوچکے ہیں اس بارے میں کافی بحث بھی ہوچکی ہیں - یہ " کافی " کا لفظ ایسا ہے جسے ممکن ہے بعض لوگ کافی سمجھیں اور بعض نہ سمجھیں - بہر حال میں چاہتا ہوں کہ ڈیمانڈس پر جو کٹ موشنس (Cut motions) پیش کئے جائینگے انکی حدتک ہی آنریبل ممبرس اپنی تقریریں محدود رکھیں -

میں ہاؤس سے ایک اور درخواست یہ کرونگا کہ جن معزز ارکان نے اس سے پہلے بحثوں میں حصہ لے لیا ہے وہ اگران معزز ارکان کو جنہیں اظہار خیال کا موقع نہیں ملا ہے موقع دیں تو مناسب ہے -

دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ بجٹ کے متعلق کافی جنرل ڈسکشن ہوچکے ہیں - اسلئے زیادہ سے زیادہ آنریبل ممبرس کو موقع ملنے کی خاطر کٹ موشنس میں کم وقت لیں - میں اس بوقت پر ٹائم (Time) محدود کرنا تو نہیں چاہتا - میں سمجھتا ہوں کہ کٹ موشنس پر زیادہ سے زیادہ ۴ - ۵ منٹ تقریر ہوسکتی ہے - ایک اور طریقہ جو میں اڈاپٹ (Adopt) کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آنریبل چیف منسٹر جب اپنے ذمہ کے ڈیمانڈس پیش کرچکیں تو اس کے بعد ہی جو ارکان ان سے متعلق اپنی اپنی ترمیمات پیش کرنا چاہتے ہوں ان سے درخواست کی جائیگی کہ وہ اپنے کٹ موشنس پیش کریں - کٹ موشنس پیش ہو جانے کے بعد عام طور پر ان کٹ موشنس پر تقریریں ہونگی - اسکے بعد دوپہر اور سہ پہر میں جبکہ ہمیں بیٹھنا ہی ہے تو اس وقت کٹ موشنس پر ووٹس لئے جائینگے -

شری مادھو راؤ پٹیل - (عثمان آباد - عام) جس مقصد کے لئے کٹ موشن دیا گیا ہے کیا اسی پر بحث ہوسکیگی یا ممبرس عام طور پر پورے ڈیمانڈس پر بحث کرسکتے ہیں ؟

مسٹر اسپیکر - اپنے کٹ موشن کے ساتھ دوسرے کٹ موشنس پر بھی بحث کرسکتے ہیں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - جن ڈیمانڈس پر کٹ موشنس نہیں لائے گئے ہیں کیا ان پر بھی بحث کرنے کا موقع دیا جائیگا ؟

مسٹر اسپیکر - ان کے بارے میں تو یہ سمجھا جائیگا کہ انہیں ہاؤس نے تسلیم کرلیا ہے -

شری بی - رام کشن راؤ - عالی جناب نے ابھی جو فرمایا اس سلسلے میں مجھے ایک شبہ ہے جسے میں صاف کرلینا چاہتا ہوں کہ ہر ممبر صرف اپنے کٹ موشن پر ہی بحث نہیں کرینگے بلکہ سارے کٹ موشنس پر بحث کرینگے - مجھے یہ شبہ ہے کہ یہ اصولا صحیح

نہیں ہے - ہوگا یہ کہ ہر مقرر سب کٹ موشنس پر بحث کرنا چاہیگا - عالی جناب نے فرمایا کہ ہر ممبر کو ۴ - ۵ منٹ لینا چاہئے - میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹائیم اسطرح بحث کے لئے کافی نہ ہوگا - عالی جناب کا ڈائرکشن (Direction) یہ ہونا چاہئے کہ ہر مقرر اپنے اسپیسیفک کٹ موشن (Specific cut motion) پر بولے اور ڈائیگریشن (Digression) کرتے ہوئے سارے میدان در بحث نہ کرے - اس سے بہت سہولت ہوگی اور کام بھی چل سکے گا ورنہ ٹائیم کی پابندی نہ ہوسکے گی -

مسٹر اسپیکر - لیکن اسطرح محدود کرنے سے ایک کٹ موشن پر کسی دوسرے کو اپنے خیالات کے اظہار کا موقع نہ رہیگا - اس میں شک نہیں کہ ٹائیم لمٹ (Time limit) کیا گیا ہے - لیکن اس طرح کٹ موشنس موو (Move) کرنے والے آنریبل ممبرس کے علاوہ دوسرے ارکان کو بھی اظہار رائے کا موقع ملیگا اسلئے میں نے اسے مناسب سمجھا -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - جو سجیشن (Suggestion) دیا گیا ہے وہ ٹھیک ہے - لیکن ٹائیم لمٹ کے لحاظ سے کٹ موشنس پر صرف دو دو لائین ہی کہا جاسکیگا - ۴ - ۵ منٹ میں اس سے زیادہ اور کیا کہا جاسکتا ہے ؟ اگر ایسا نہ ہو تو وقت کی پابندی نہ ہوسکیگی - اس لحاظ سے شری چیف منسٹر کا جو سجشن آیا ہے وہ مناسب ہے -

مسٹر اسپیکر - ٹائیم لمٹ حد بندی نہیں ہے بہت سے ریپریزنٹیشنس (Representations) ہوتے رہتے ہیں - میں چاہتا ہوں کہ اصل غرض پوری ہو -

اب آنریبل چیف منسٹر اپنے ڈیمانڈس پیش کریں -

Demands for grants

Shri B. Ramakrishna Rao Sir, I beg to move. "that a sum not exceeding Rs 1,22,41,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953 in respect of Demand No. 1 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs. 2,84,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending with the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 3 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move: "that a sum not exceeding Rs. 3,68,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st

day of March, 1953, in respect of Demand No. 5 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs. 2,46,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No. 12. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs. 5,30,600 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No 13. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Sir, I beg to move. "that a sum not exceeding Rs. 86,600 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No 14 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move. "that a sum not exceeding Rs 4,76,300 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand of No. 17 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs. 2,51,500 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No. 21. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Sir, I beg to move: "that a sum not exceeding Rs 7,39,700 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 31. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs. 85,200 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No. 35. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Sir, I beg to move. "that a sum not exceeding Rs. 60,300 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No. 37. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Sir, I beg to move: "that a sum not exceeding Rs 16,700 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No 39 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs 6,17,175 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of demand No 55 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs 35,350 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No. 65 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move. "that a sum not exceeding Rs 20,35,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 68 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move: "that a sum not exceeding Rs 54,75,0 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No 73 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move "that a sum not exceeding Rs 11,25000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No 78. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move: "that a sum not exceeding Rs 600 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No. 81 The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move: "that a sum not exceeding Rs 1,22,250 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953, in respect of Demand No 82. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh"

Sir, I beg to move. "that a sum not exceeding Rs. 2,62,500 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March, 1953, in respect of Demand No. 85. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh."

Mr Speaker What is the aggregate amount ?

Shri B Ramakrishna Rao The aggregate amount is Rs 1,96,66,025

Mr Speaker The motions for grant of demands Nos 1, 3, 5, 12, 13, 14, 17, 21, 31, 35, 37, 39, 55, 65, 68, 73, 78, 81, 82 & 85, the aggregate amount being Rs 1,96,66,025 moved Now the cut-motions will be moved.

Shri A. Raj Reddy Mr. Speaker Sir, I beg to move a cut motion to Demand No 1 to reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 for Land Revenue by Rs. 15,19,800 to discuss Economy—by reduction in grant for the Civil team, Dustbund and Rusums

Mr Speaker Cut motion moved :

> "To reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 for Land Revenue by Rs 15,19,800 to discuss Economy—by reduction in grant for the civil team, Dustbund and Rusums "

Shri Uddhava Rao Patil. Mr. Speaker Sir, I beg to move a cut motion to Demand No 1

> "To reduce the allotment of Rs. 1,22,41,000 for Land Revenue by Rs 6,00,000 to discuss Economy—by repatriation of civil administration team "

Mr Speaker · Cut motion moved :

> "To reduce the allotment of Rs. 1,22,41,000 for Land Revenue by Rs 6,00,000 to discuss Economy—by repatriation of civil administration team "

Shri B. Krishnaiah (Khammam-General) · Mr. Speaker Sir, I beg to move a cut-motion to Demand No. 1 :

> "To reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 for Land Revenue by Re. 1."

Shri B. Ramakrishna Rao · Speaker Sir, I would like to draw your attention to the fact that this is a cut motion by one rupee. It is a token cut As you are aware, Sir, cut motions can be moved to discuss specific questions The hon. Member who has just moved this cut motion has shown in his motion that he wants "to discuss the policy of the Revenue Department". This is too vague and too general to be considered as a specific point to be discussed by a cut motion of this sort. I am sure you will rule out this cut-motion as not in order, Sir.

Mr. Speaker. The rule regarding token cuts is tha the cut-motion for a nominal figure should be to ventilate a specific

grievance. The grievance should be specific That is the general rule

بات یہ ہے کہ ریونیو ڈپارٹمنٹ میں کئی چیزیں آجاتی ہیں اور کسی خاص چیز کے بارے میں ان کا کٹ موشن ہے تو میں اسے نامنظور کرنا نہیں چاہتا۔ لیکن پھر بھی میں آنریبل ممبر سے یہ خواہش کرونگا کہ وہ کسی خاص چیز کی حد تک کٹ موشن کو محدود رکھیں ۔

శ్రీ బి కృష్ణయ్య

అధ్యక్ష మహాశయా,

నేను ఈ కట్ మోషన్ (Cut motion) ప్రవేశపెట్టింది ముఖ్యంగా గ్రామాలలో ఉన్నటువంటి పటేలు, పట్వారీల గురించి మాట్లాడుటకు గాను పెట్టాను

Shri B. Ramkrishan Rao Mr. Speaker Sir, as a matter of fact, the cut motion not being in order must have been ruled out, but as you have been disposed to be lenient, I do not wish to come in your way of the motion being moved and discussed. The hon. Member has now specified that he wants to raise the question of patel and patwaris—perhaps, the work of the patel and patwaris or something of the kind or their existence—I do not know what he exactly means because regarding patel and patwaris there are several matters and it may be that the hon Member is against the hereditary system of patel and patwaris or their working If he could specify, I would be grateful

Mr Speaker . All are new and I think the hon. Minister will get sometime also because reply would probably be in the afternoon. He will therefore get sufficient time and on that account the hon. Member should not suffer So I allow it

Cut motion moved :

'To reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 for Land Revenue by Re 1', to discuss about patel-patwaris

Shri V.D. Deshpande . Mr Speaker Sir, I submit that the leniency is on both the sides. We are new to the whole affair and as we have decided, it is taken for granted that we are going to make the grants. So the leniency is natural and in every respect and that should be kept in view by the hon. the Chief Minister.

Mr. Speaker : No appeal to the Chief Minister is necessary.

శ్రీ ఎల్ ముత్తయ్య— (పెద్దపల్లి);

అధ్యక్ష మహాశయా,

నేను ఈ కట్ మోషన్ [illegible] తగ్గించాలని కోరుతున్నాను [illegible] గురించి మాట్లాడుటకు ఈ కట్ మోషన్ [illegible]

2

Shri B Ramakrishna Rao I think, Sir, the hon. Member has not correctly moved his cut motion He has said that he wants the amount of one crore and odd to be reduced to Re 1, whereas the motion reads that it should be reduced by Re. 1

Mr Speaker The cut motion is given to him in writing and he is guided by it The cut motion that he has moved is to reduce the allotment of one core and odd for land revenue by Re. 1. It is for discussion on the Tenancy problem

Cut motion moved

> " To reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 for Land Revenue by Re 1, to discuss the tenancy problem "

Shri K. Venkat Rama Rao Mr Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to Demand No 1 to reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 for Land Revenue by Re 1 to discuss the tenancy problem

Mr Speaker Here again, to discuss the policy of the Revenue Department and its work

Shri K Venkat Rama Rao · That is why I want to discuss the tenancy problem

Mr Speaker Tenancy problem, then the cut motion is same as cut motion No 4 The point is that already there is one cut motion regarding tenancy problem The hon. Member might have noted it at S No 4 He also wants to move his cut motion to discuss the tenancy problem. So I think both the cut motions may be brarketted together, and I find no particular necessity to admit this cut motion

Shri V D Deshpande · Mr Speaker Sir, I beg to move a cut motion to Demand No. 1.

> " To reduce the allotment of Rs 1,22,31,000 for Land Revenue by Re. 1,

to discuss Rusums and Dustband and the hereditary offices of patel and patwaris "

Mr. Speaker Cut motion moved :

> " To reduce the allotment of Rs. 1,22,41,000 for Land Revenue by Re. 1,

to discuss Rusums, Dustbund , probably the hereditary succession of patel and patwaris may be discussed along with the other cut motion.

Shri B. Ramakrishna Rao : This cut motion can be bracketted with cut motion No. [illegible] Sir [illegible]

Mr Speaker But the hon Member has said that he wants to discuss Rusums and Dustband That is a new thing

Shri B Ramakrishna Rao These are already included in the first cut motion

Shri V D Deshpande The reduction proposed therein is over 15 lakhs

Shri B Ramakrishna Rao All right

Mr Speaker Cut motion No 7. Shri K Sreenivasa Rao

Shri Kankanti Sreenivasa Rao (Mahbubabad-General)· Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 for Land Revenue by Re 1 to discuss the problem of land tenure

Mr Speaker Is it different from Land Revenue ?

Shri K. Sreenivasa Rao Yes, Sir There is a difference

Mr Speaker The cut motion to reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 by Re 1 to discuss land tenure is moved Next, Shri Sripat Rao

Shri Sripat Rao (Bhir) Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 1,22,41,000 for Land Revenue by Re 1 to discuss the policy of the Revenue Department, with particular reference to District Administration

Mr Speaker The cut motion to reduce the allotment of Rs. 1,22,41,000 for Land Revenue by Re. 1 to discuss the District Administration is moved.

Mr. Speaker There is a supplementary list Shri B D. Deshmukh.

Shri B D Deshmukh (Bhokardan-General) I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs. 1,22,41,000 for Land Revenue by Re 1 to discuss the maintenance of jeeps and petrol charges.

Mr Speaker The cut motion to reduce the allotment of Rs. 1,22,41,000 for Land Revenue by Re 1 to discuss jeeps and petrol charges is moved.

We shall now proceed to the cut motions regarding Demand No 5. Shri A. Raj Reddy.

Shri A. Raj Reddy (Sultanabad) Speaker, Sir, I beg to move: "that the allotment of Rs. 3,68,000 for Registration under Demand

No 5 be reduced by Re 1 to discuss the actual working of the Registration Offices in Districts and elsewhere "

Mr Speaker The cut motion to reduce the allotment of Rs 3,68,000 for Registration by Re 1 is moved Now we proceed to Demand No 12 Shri A Raj Reddy

Shri A Raj Reddy Speaker, Sir, I beg to move. "that the allotment of Rs 2,46,200 under Demand No 12, Head of Account 25-C, be reduced by Rs 2,46,200 to discuss the refusal of supplies "

Mr Speaker The cut motion to reduce the allotment of Rs 2,46,200 by Rs 2,46,200 to discuss the refusal of supplies is moved

We shall now proceed to Demand No 13 Shri A Raj Reddy

Shri A Raj Reddy Speaker, Sir, I beg to move: "that the allotment of Rs 5,30,600 under Demand No 13 Head of Account 25-D, be reduced by Re 1, to discuss the working and policy of the ministerial staff "

Shri B Ramkrishna Rao Mr Speaker, Sir, I would like to have a clarification on this, the cut motions being moved to discuss the working and policy of the Ministerial staff Probably the hon Member means the staff of the Minister's Peshi.

Mr. Speaker Let Shri A Raj Reddy clarify it

Shri A Raj Reddy By this cut motion I want to discuss the recommendations of the Gorwalla Committee about the staff, retrenchment and so on

Mr Speaker Does the hon Member mean the personal staff of Ministers?

Shri A Raj Reddy: I mean the Secretariat.

Mr Speaker The whole Secretariat ?

Shri A Raj Reddy · Yes, the whole Secretariat.

Shri B Ramkrishna Rao · But the whole Secretariat does not mean the Ministerial Staff and I fail to see any connection between the constitution of the Secretariat staff and the Ministers' salaries. I should like to be clear about the specific issue raised.

Shri A Raj Reddy I limit myself to the personal staff of the Ministers

Mr. Speaker Cut motion moved :

"To reduce the allotment under Demand No. 13 of Rs. 5,30,600 by Re. 1 to discuss the working and policy with regard to the personal staff of the Ministers."

Now there is another supplementary list Demand No 13. Shri K V Narayan Reddy

Shri K V Narayan Reddy (Rajgopalpet) Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to Demand No 13 to reduce the allotment of Rs 5,30,600 for Ministers by Rs 100 to discuss the need for deliberate and growing secular policy in the Administration of the Hyderabad State

Mr Speaker Cut Motion moved

> " To reduce the allotment of Rs 5,30,600 for Ministers by Rs 100 to discuss the need for deliberate and growing secular policy in the Administration of the Hyderabad State "

I want to know whether the lack of a secular policy in the State is sought to be discussed

Shri K V Narayan Reddy I will put up my arguments later

Mr. Speaker Of course I have allowed it. Next, Shri K. V. Narayan Reddy.

Shri K V Narayan Reddy Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 5,30,600 for Ministers by Rs 100 to discuss about the disintegration of the Hyderabad State on linguistic basis immediately keeping in view the present socio-economic crisis

Shri B. Ramkrishna Rao Mr Speaker, Sir, I would like to know if this cut motion is in order So far as I know of the parliamentary practice, a cut motion must relate to the Demand in some way or other in a very intimate manner My hon. friend wants to discuss the question of disintegration of Hyderabad State on linguistic basis immediately keeping in view the present socio-economic crisis This cut motion has been moved in relation to the allotment of Rs 5,30,600 which deals with the salaries and allowances of the Ministers and their Peshi Staff. I would like to know if a cut motion of this sort can be allowed.

Mr. Speaker : I think that the Chief Minister stands for the entire administration. The cut motion can be allowed.

Cut motion moved :

> " To reduce the allotment of Rs 5,30,600 for Ministers by Rs 100 to discuss about the disintegration of the Hyderabad State on linguistic basis immediately keeping in view the present socio-economic crisis "

Next cut motion. Shri K.V. Narayan Reddy.

Shri K.V Narayan Reddy : I beg to move, Sir , a cut motion to reduce the allotment of Rs. 5,30,600 for Ministers by Re. 1,

to discuss the communal character of the various Secretariat Departments of the Government

Shri B Ramkrishna Rao . With regard to this, Sir, I beg to say that this is covered by the cut motion No 1 in which my hon. friend wants to discuss the need for deliberate and growing secular policy in the Administration of Hyderabad State In this cut motion he wants to discuss the negative aspect of it, whereas in the former he wants to discuss the positive aspect. I think the negative and positive aspects may be discussed together under the previous cut motion

Shri V D Deshpande . There is a difference in that, that the first cut motion sought to reduce the amount by Rs. 100 and the second by Re 1

Mr Speaker That does not really make any difference I think these two can be bracketted together

Shri K V Narayan Reddy There is communal character in the Secretariats. This is a token cut and we can discuss it

Mr Speaker . The hon Member can discuss that point also there.

Now, we shall proceed to Demand No 17. Shri Ankush Rao Venkat Rao.

Shri Ankush Rao Venkat Rao (Partur) Mr Speaker sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 4,76,300 for General Administration Department by Rupees 76,000 to discuss the high salaries of Secretaries to Government

Mr Speaker · Cut motion moved

" To reduce the allotment of Rs 4,76,300 for General Administration Department by Rs 76,000 to discuss the high salaries of Secretaries to Government "

Next, Shri Ch Venkatrama Rao.

Shri Ch Venkat Ram Rao (Karimnagar) : Mr. Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs. 4,76,000 for General Administration Department by Rupee 1 to discuss the working and policy of the General Administration Secretariat.

Mr. Speaker . I think that is too wide. Is it to discuss the working and policy of the Chief Secretariat ?

Shri Ch. Venkat Ram Rao : Yes, Sir.

Mr. Speaker . Cut motion moved :

" To reduce the allotment of Rs. 4,76,300 for General Administration Department by Rupee 1—to discuss the working and policy of the Chief Secretariat,

Shri A Raj Reddy Mr Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 4,76,300 for General Administration Department by Rupee 1 to discuss the appointment of the Chief Secretary to the Government.

Mr Speaker Regarding the appointment of the Chief Secretary

Shri A Raj Reddy Regarding the policy of the appointment of the Chief Secretary

Mr Speaker · Cut motion moved ·

> "To reduce the allotment of Rs 4,76, 300 for General Administration Department by Rupee 1 to discuss the policy of the appointment of the Chief Secretary"

Now, we shall proceed to Demand No 21 Shri A. Raj Reddy

Shri A Raj Reddy I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 2,51,500 for Revenue Department by Rupee 1 to discuss the working of the Revenue Board?

Mr Speaker · Is it for discussing the working of the Revenue Board or for the Constitution of the Revenue Board ?

Shri A Raj Reddy : For both (Laughter)

Shri B Ramakrishna Rao . There is already Demand No 31

Mr Speaker In that case, this will go under Demand No 31.

(*Pause*)

Hence this cut motion can not be moved.

Now, Shri K. Ramachandra Reddy.

K. Ramachandra Reddy (Ramannapet) Mr Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs. 2,51,500 for Revenue Department by Re. 1 to discuss the policy and working of the Revenue Department.

میں خاص طور پر ٹیننسی ورکس کے بارے میں جو ریونیو ڈپارٹمنٹ میں ہورہے ہیں
کہناچاہتا ہوں ۔

Mr. Speaker . I could not correctly follow.

شری کے ۔ رام چندرا ریڈی ۔ ٹیننسی کے بارے میں ریونیو ڈپارٹمنٹ میں جو
ورک ہورہا ہے اسکے بارے میں تقریر کرناچاہتا ہوں ۔

Mr Speaker There is already a cut motion regarding Tenancy and this will go under that

Now we shall proceed to Demand No 39 Shri Sreeramulu

Shri G Sreeramulu Mr Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 16,700 for charges in England and High Commissioner for India in London by Rs 16,700, that is to say, to discuss for refusal of supplies and total abolition of the office.

Mr. Speaker · Cut motion moved

"To reduce the allotment of Rs. 16,700 for charges in England and High Commissioner for India in London by Rs. 16,700—to discuss the refusal of supplies and total abolition of the office"

Now, Shri Ch. Venkat Rama Rao

Shri Ch Venkat Rama Rao Mr Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs, 16,700 for charges in England by Rupee 1 to discuss the policy regarding the houses in London belonging to the Hyderabad Government

Shri B Ramakrishna Rao : Both the cut motions may be bracketted because the first one is with regard to the refusal of supplies and the total abolition of the office and the second one is for reducing it by Re. 1 Both may be bracketted and discussed together

Mr Speaker · Yes There is not much difference.

Shri V D Deshpande There is much difference.

Mr Speaker : The two items may be taken together for discussion. Let us proceed to Demand No 68 Shri V D. Deshpande.

Shri V D. Deshpande . Mr. Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 20,35,000 for Territorial and Political pensions by Rs. 20,35,000 to discuss refusal of supplies.

Mr. Speaker Cut motion moved ·

"To reduce the allotment of Rs 20,35,000 for territorial and political pensions by Rs 20,35,000 to discuss refusal of supplies."

Mr. Speaker : *Shri* Sreenivas Rao

Shri Sreenivas Rao (Dichpally) : Mr. Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs. 20,35,000 for territorial and political pensions by Rs. 5,00,000 to discuss Economy—reduction of the high rates of compensation,

Mr. Speaker. I think this can also be bracketted Of course, one is with regard to total abolition, that is to say, refusal of supplies and the other is with regard to reduction of certain amount These may be bracketted

Now, we proceed to Demand No 78 Shri Ch Venkat Rama Rao

Shri Ch Venkat Rama Rao Mr Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to reduce the allotment of Rs 11,25,000 for Well Sinking by Rupee 1 to discuss the working of the Well Sinking Department

Mr Speaker · Cut-motion moved ·

> "To reduce the allotment of Rs 11,25,000 for Well Sinking by Re 1 to discuss the working of the Well Sinking Department"

Now, we shall proceed to Demand No. 82 Shri V. D. Deshpande.

Shri V D. Deshpande. Mr. Speaker, Sir, I beg to move a cut motion to Demand No. 82 to reduce the allotment of Rs. 1,22,250 for non-I.S F. by Rupee 1 to discuss the working and policy of non-I S.F.

Mr Speaker: What does the hon. Member mean by non-I.S.F?

Shri V. D. Deshpande · Non-Indian State Forces.

Mr. Speaker · Cut motion moved ·

> "To reduce the allotment of Re 1,22,250 for Non-I.S F. by Rupee 1 to discuss the working and policy of non-I S F"

Now, we shall proceed to Demand No 85 Shri B D Deshmukh.

Shri B D. Deshmukh ·Mr. Speaker, Sir, I beg to move my cut motion to reduce the allotment of Rs 2,62,500 for Jagir Administration expenditure by Rs. 2,62,500 to discuss refusal of supplies

Mr. Speaker. Cut motion moved ·

> "To reduce the allotment of Rs. 2,62,500 for Jagir Administration expenditure by Rs. 2,62,500 to discuss refusal of Supplies

Now we come to the last. Shri R. P. Deshmukh. I think he is not moving Hence all the cut motions have been moved. Now there will be general discussion on these cut motions Shri A. Raj Reddy.

شری اے - راج ریڈی - مسٹر اسپیکرسر - اب میں جس ......

مسٹر اسپیکر - جن جن ارکان نے کٹ موشنس موو کئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ انکو اسپیچ کا پہلے موقع دیا جانا چاہئے ورنہ ہوگا یہ کہ آخر وقت میں انکو موقع نہیں ملیگا - شری اے - راج ریڈی کہا -

شری اے۔ راج ریڈی۔ مسٹر اسپیکر سر۔ سب سے پہلے ڈیمانڈ نمبر (۱) کے متعلق جو میں نے جو کٹ موشن لایا ہے اسکے بارے میں مجھے اپنے خیالات کا اظہار کرنا ہے۔ اس کے لئے جو الاٹمنٹ ہے اس میں سے ۱۰ لاکھ ۱۹ ہزار ۸ سو روپیے کم کرنے کے لئے میں نے اپنا کٹ موشن لایا ہے۔ اس میں (۳) ایٹمس میں نے داخل کئے ہیں۔ ایک تو گرانٹ فار سیول ٹیم (Grant for Civil Team) سے متعلق ہے، دوسرا دست بند ہے اور تیسرا رسوم سے متعلق ہے۔ جہاں تک سول ٹیم کا تعلق ہے بجٹ کے صفحہ ۳۶ پر دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ .

D-(1) Dustband Rs 19,800

اس میں جو رقم دست بند کے لئے رکھی گئی ہے وہ (۱۹,۸۰۰) روپیے ہے اور رسوم کے لئے سات لاکھ پچاس ہزار روپیے ہیں پہلے جو بجٹ ہمارے سامنے پیش کیا گیا تھا اسکے نوٹ کو یعنی اکسپلینیٹری میمورینڈم کے صفحہ ۹ پر تیسرے پیراگراف کو ملاحظہ فرمائیں تو معلوم ہوگا کہ

As regards the Budget Estimates for 1952-53, the increase of 13 87 over the Revised Estimate is mainly due to the transfer of provision of 10 00 for Civil Team (Revenue Officers on deputation from outside) from Major Head 25-General Administration to this head . ..

۱۰ لاکھ میں سے اسکو کم کرکے تینوں مداب کو ملا کر میں نے ۱۰ لاکھ ۱۹ ہزار ۸ سو کی رقم کٹ کرنے کے لئے یہ موشن لایا ہے۔

جہاں تک مجھے یاد ہے نہ صرف اس طرف کے ارکان بلکہ اوس طرف کے بعض ارکان نے بھی اپنے خیالات کا اظہار اس بارے میں کیا تھا کہ دست بند اور رسوم ایک دیرینہ چیز ہے اور اس سے کوئی خدمت مقصود نہیں ہے، بلکہ یوں کہنا چاہئے کہ یہ پرانے دور کی ایک یادگار ہے۔ سالہا سال تک یہ معاوضہ دیا جاتا رہا ہے۔ لیکن اب اسکو مزید باقی رکھنے کے لئے کوئی جسٹیفکیشن (Justification) نہیں۔ یہ میری نا چیز رائے ہے۔ بہت سے دیگر آنریبل ممبرس نے بھی اپنی تقریروں کے دوران میں اس جانب اشارہ کیا ہے۔ حکومت کی جانب سے جو گورا والا اکنامی کمیٹی قائم ہوئی تھی اس نے بھی یہ بتایا ہے کہ یہ مد ایسا ہے جسکا کوئی جواز نہیں۔ گذشتہ بجٹ کے دوران میں ٹریژری بنچس کو توجہ دلائی گئی تھی کہ ریوائزڈ بجٹ میں اس ایٹم کو بھی ریوائز کرکے پیش کریں۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ اسکے با وجود بھی ایسے فضول مداب کو جیسے رسوم و دست بند ہیں ویسا ہی رکھا گیا ہے۔

دوسری چیز جسکے بارے میں میں کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ پولیس ایکشن کے بعد حکومت نے باہر سے جو عہدہ دار لئے ہیں انہیں ابھی تک باقی رکھکر یہاں کے اڈمنسٹریشن کو ڈویل اڈمنسٹریشن (Dual Administration) بنا دیا ہے۔ مجھے ان حالات سے بحث نہیں جن حالات میں یہ آئے تھے لیکن اب اس ڈویل

اڈمنسٹریس کی کیا ضرورت ہے ؟ آپ جانتے ہیں کہ خود حکومت نے اس اصول کو مان لیا ہے کہ آہستہ آہستہ انہیں ری پیاٹریٹ (Repatriate) کیا جانا چاہئے۔اس لئے کہ یہ گورنمنٹ کے اکسچیکر (Exchequer) پر ایک بار ہیں ۔ ہمیں عوام کے نمائندہ کی حیثیت سے یہ دیکھنا ہے کہ دیس کا ایک پیسہ بھی ناجائز یا فضول خرچ نہ ہو ۔ ان عہدہ داروں کو اب بھی باقی رکھنا نہ صرف گورنمنٹ کے اکسچیکر پر بار ہے بلکہ ڈوبل اڈمنسٹریس کی خرابیاں بھی پیدا ہونے کا امکان ہے ۔ اور اس خرابی کو خود ٹریزری بنچیس بھی محسوس کر رہے ہیں ۔ ابتدائی بحث میں بھی آپ کے سامنے میں نے یہ ویوز (Views) پیش کئے تھے ۔ میں مانتا ہوں کہ اس کے لئے کچھ اڈمنسٹریٹیو ڈیفیکلٹیز (Administrative Difficulties) ہیں ۔ لیکن اس کے لئے یہ مزید خرچ برداشت کرنا مناسب نہیں ۔ اسکو جلد از جلد نکالدینا چاہئے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ٹریزری بنچیس کے ارکان بھی میرے اس خیال کی تائید کرینگے ۔ اس کے لئے جو رقم طلب کی جارہی ہے اسکی منظوری دینا آنریبل چیف منسٹر یا راج پرمکھ کے لئے کسی طرح مناسب نہیں ۔ ان خیالات کے تحت میں نے اپنا کٹ موشن پیش کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہاؤس اسکی پوری پوری تائید کریگا ۔ ایسے مزید جاری رکھنا یا برداشت کرنا کسی صورت میں بھی مناسب نہیں ۔

اسکے بعد میرا جو کٹ موشن ہے وہ

Demand No. 5 (Head of Account No 11)—Registration

کے بارے میں ہے ۔ یہ میرا ٹوکن کٹ (Token cut) ہے ۔ میں رجسٹریشن کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کرونگا ۔ اس محکمہ سے متعلق ضلع میں میرا جو تجربہ ہے وہ یہ ہے کہ یہ محکمہ رجسٹریس عوام کے لئے کسی سہولت کا باعث نہیں ہے ۔ اس محکمہ میں جو کاروبار کی حالت ہے اسکے بارے میں میں کچھ عرض کرونگا ۔ گاؤں میں یہ حالت ہے کہ اگر کسی کسان کے سامنے پولیس یا رجسٹریشن کے محکمہ کا نام لیا جائے اور کہا جائے کہ اس سے سابقہ کرنا پڑیگا تو وہ گھبرا جاتا ہے ۔ وہ سمجھتا ہے کہ اسے ایک بہت بڑی مشکل کا سامنا کرنا ہے ۔ یہ صرف معمولی ان پڑھ لوگوں کا حال نہیں بلکہ تعلیم یافتہ لوگوں کا بھی یہی حال ہے ۔ وہاں کے اصول و قوانین تو ایک طرف رکھے ہوتے ہیں اور عمل دوسری طرح سے ہوتا ہے ۔ اگر کسی ڈاکیومنٹ (Document) کی رجسٹری کے لئے رجسٹریشن کے محکمہ میں جانا ہو تو وہاں بغیر پیسہ دئے یا رشوت دئے کام نہیں چلتا ۔ ہر رجسٹرار یہ سمجھتا ہے کہ اسے اپنی تنخواہ سے ڈبل (Double) یا ٹریبل (Trible) آمدنی اوپر ضرور ہونی چاہئے ۔ یہ چیز عام ہے ۔ یہ چیز میں ٹریزری بنچس کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں ۔ اسکے علاوہ ایک اور بات یہ ہے کہ چند سال پہلے رجسٹریشن کی فیس میں دگنا تگنا اضافہ کردیا گیا ہے ۔ یہ حقیقت ہے کہ گذشتہ تین چار سال میں زمینات کی جسقدر خریدو فروخت ہوئی ہے وہ اس سے پہلے نہیں ہوئی ہوگی ۔ لیکن رجسٹریشن کی مشکلات کی وجہ سے یہ مشغلیاں صرف کاغذی حدتک رہگئی ہیں ۔ قبضے تو ہوچکے

ہیں، لیکن رجسٹری نہیں ہوئی - یہ چیز ایسی ہے جس سے کاشتکاروں کے قبضہ سے زمینات بعد میں چلے جانے کا اندیشہ ہے - یہ ایک فلا (Flaw) ہے - زمیندار اپنی زمینات بیچنے کی طرف مائل ہیں - صرف کریم نگر ضلع میں ہی لاکھوں روپیوں کے وارے نیارے ہوچکے ہیں - اکنامک ٹرینڈ (Economic Trend) کے اس حالت کے سبب رجسٹریس اور قانون رجسٹریشن سے جو دقتیں پیدا ہوتی ہیں انہیں دور کرنا انتہائی ضروری ہے - اس میں شک نہیں کہ ٹیننسی کے تعلق سے ڈویژن آفیسر کو کچھ اختیارات دینے کی وجہ سے کسی قدر تلافی ہوئی ہے - لیکن رجسٹریشن کے محکمہ کا اڈمنسٹریشن درست ہونا چاہئے - اس محکمہ میں پیسہ کی لوٹ کھسوٹ کی وجہ سے بعض زمینات کی رجسٹریاں نہیں ہوئی ہیں - آئندہ خریداروں کے ہاتھ سے یہ زمینات نکل جانے کا اندیشہ ہے - جن لوگوں نے گذشتہ چار پانچ سال پہلے قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے کچھ پیسے کمائے تھے وہ اپنا سونا چاندی بیچ کر یا قرض لیکر زمینات خرید رہے ہیں جسکی مستقل سادے کاغذوں پر عمل میں آرہی ہے - یہ رجحان اس لئے نہیں کہ حکومت کے احکام کی پابندی نہ کی جائے بلکہ اس لئے ہے کہ رجسٹریشن میں در حقیقت کافی مشکلات اور دقتیں ہیں - پروسس (Process) اتنا پیچیدہ ہے کہ رعایا کے لئے اسکی تکمیل مشکل بلکہ نا ممکن ہے - چنانچہ اسکی وجہ سے اسکو کتنا نقصان ہو رہا ہے اس کا اندازہ رجسٹریشن کے نہ ہونے کی وجہ سے لگانا ناممکن ہے - اس سے ٹریژری بنجر اور گورنمنٹ کو بھی زبردست نقصان ہو رہا ہے - اب رعایا کا قبضہ تو ہے - لیکن کل اگر زمیندار کی نیت بدل جائے تو پھر زمیندار دو منٹ کے اندر قبضہ کرسکتا ہے اور اس بیچارے کی قانون بھی مدد نہیں کرسکتا - قانون کی کمزوریوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہم کو اس خاص آسپیکٹ (Aspect) کو ڈیل (Deal) کرنا چاہئے تا کہ کم از کم آئندہ کے لئے اس خرابی کو دور کیا جاسکے ، رعایا جو ہزاروں کی تعداد میں ہے اسکو سہولتیں دیجاسکیں اور ضابطہ کی شکل میں لایا جاسکے - آپ کہتے ہیں کہ ہر چیز لا اینڈ آرڈر (Law and Order) میں لائی جائے اور رسپکٹ آف دی لا (Respect of the Law) ہو - اس بارے میں اس حد تک میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا تھا -

ڈیمانڈ نمبر ۱۲ - (گورنمنٹ ہاسپٹالیٹی آرگنائزیشن - ہیڈ آف اکونٹ ۲۰ - سی -)

اس بارے میں میں نے پوری رقم کو کٹ کرنے کے متعلق کہا ہے - یہ گورنمنٹ ہاسپٹالٹی وغیرہ کیا بلائیں ہیں، ہم کو معلوم نہیں - بلکہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ نظام شاہی کے دور میں جو چیزیں تھیں وہ اب بھی باقی ہیں - گور والا کمیٹی کی رپورٹ پڑھنے کے بعد میں اس سے اپنے آپ کو متفق پایا اور اس نے بھی اپنی رپورٹ میں جو واقعات پیش کئے ہیں وہ بالکل سچ ہیں - گذشتہ زمانہ میں دوسرے ممالک کے لوگوں کو رسیو (Receive) کرنے ، دیگر بڑے بڑے لوگوں کو خوش کرنے ، اور انکی عزت اور پوزیشن کا خیال رکھنے کے سلسلہ میں غیر معمولی اخراجات برداشت کئے جاتے تھے - لیکن ایک عوامی حکومت کے دور میں یہ مناسب نہیں - ہمیں تو ہمارے

ماسٹرس (Masters) یعنی عوام کو خوش کرنا ہے اور ہم انکو خوش کرنے کے لئے ہی یہاں آئے ہیں۔ اس نقطہ نظر سے ہی ہمیں ان سابقہ روایات کی ضرورت نہیں ہے ۔ میں اب تفصیلی طور پر نہیں بیان کرونگا بلکہ صرف گور والا کمیٹی کے حوالہ سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ لیک ویو گیسٹ ہاؤس (Lake-View Guest House) کے بارے میں گور والا کمیٹی نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ اسکو ہوٹل کے طور پر استعمال کیا جائے۔ خاص خاص صورتوں میں ضرورت کو پورا کرنا ہو تو ہم اپنے سجسشنس (Suggestions) دے سکتے ہیں اور گورنمنٹ اس کے لئے متبادل صورت بھی اختیار کرسکتی ہے ۔ لیکن میں اسکو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ ایسی چیزوں پر لاکھوں روپیے خرچ کئے جائیں ۔ میں نے اپنا یہ کٹ موشن گور والا کمیٹی کی رپورٹ کو پڑھکر دیا ہے ۔ میں یہ کہونگا کہ اس ضمن میں ہمارے پہلے بجٹ سشن میں کافی بحث ہوچکی ہے اور اس پر غور کرکے میں نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ اسکو تھوڑے سے عرصہ میں غور و فکر کرکے ختم کر دینا چاہئے تھا کیونکہ یہ کوئی پالیسی کا سوال تو نہیں ہے ۔ مگر حکومت نے ابتک کچھ نہیں کیا ۔ چنانچہ میں نے اسی اسپرٹ (Spirit) اور نقطہ نگاہ کو سامنے رکھکر کٹ موشن پیش کیا ہے اور مجھے امید ہے کہ آپ سب میرے اس کٹ موشن کی تائید کرینگے ۔

ڈیمانڈ ۳۱ ۔ اسبارے میں میرا جو کٹ موشن ہے وہ منسٹیریل پرسانل (Ministerial Personnel) کے متعلق ہے ۔اسبارے میں میں کوئی نئے خیالات یا تفکرات کا اظہار نہیں کرونگا ۔ کیونکہ آپ جانتے ہیں کہ میں دیہات سے آیا ہوں اور ابھی تک کورا ہی ہوں ، اسلئے کوئی تجربہ کی چیز پیش نہیں کرسکتا ۔ میں نے گور والا کمیٹی کی سفارشات کو پڑھکر اپنے آپ کو اس سے متفق پایا ۔ کہا جاتا ہے کہ جو چیز پہلے سے چلی آتی ہے اسکو کیسے ختم کیا جائے؟ مگر یہ بھی کیسے ہوسکتا ہے کہ لیوش(Lavish) طریقہ پر پرسنل اسٹاف (Personal Staff)ہو اور یہ چیزیں ختم نہ ہوں؟

گور والا کمیٹی نے خصوصاً الونس کا تذکرہ کیا ہے اور اس میں اسکی لسٹ بھی دیگئی ہے ۔ ایک زمانہ تھا جبکہ سکریٹری کی سفارش سے منظوری ہوجایا کرتی تھی ۔ لیکن اب ایسا نہ ہونا چاہئے ۔ اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ منسٹیریل اسٹاف زیادہ ہے ۔اگر وہ کسی طریقہ سے کم ہوجائے تو درست ہے کیونکہ یہ چیز گور والا کمیٹی کی رپورٹ میں درج ہے اور یہ میرا سجیشن نہیں ہے ۔ میں اس کے لئے آپ کو گور والا کمیٹی کی رپورٹ کے صفحہ ۵۰ کا حوالہ دیتا ہوں جس میں انہوں نے اس بات پر استدلال پیش کیا ہے ۔ یہ میرا ٹوکن کٹ(Token Cut) اس لئے ہے کہ یہ رپورٹ ایک ماہر نے پیش کی ہے ۔ اور اگر اس سے ہم ایک پائی بھی بچاسکیں تو ہمیں بچانا چاہئے ۔گذشتہ بجٹ کے مباحث کے دوران میں آنریبل چیف منسٹر نے فرمایا تھا کہ ۷۰ - ۷۵ فیصد کی حدتک گور والا کمیٹی کی سفارشات پر عمل کیا گیا اور باقی پر عمل ہوگا لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ اب تک اس پر کوئی عمل نہیں ہوا ہے البتہ بچوں کی فیس میں اضافہ اور چپراسیوں کی تعداد میں تخفیف کی گئی ہے جسے ہم نہیں چاہتے تھے ۔

اس بارے میں میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں کہ میری نگاہ ایک اڈمنسٹریٹر (Administrator) کی نگاہ نہیں ہے۔ لیکن میں اتنا جانتا ہوں کہ جہاں ضرورت سے زیادہ آدمی ہوں وہاں بھی کام خراب ہوتا ہے کیونکہ "Many people's job is no man's job" ۔ اسکے ساتھ ساتھ میں یہ بھی کہونگا کہ جہاں کام زیادہ ہے وہاں بہت کام صرف ایک آدمی کے تفویض کیا جائے تو بھی کام خراب ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ وہاں ایفیسنسی (Efficiency) کم ہوجاتی ہے ۔ اسلئے جہاں کام زیادہ اور آدمی کم ہوں یا جہاں کام کم اور آدمی زیادہ ہوں تو کام خراب ہونا فطری ہے۔ یہ ہمارا تجربہ ہے کہ ہمارا دماغ اس وقت اچھی طرح کام کرتا ہے جب کہ ہم اپنا کام برابر وقت پر کریں اور ہاتھ بھر کام رہے اور اگر کام نہ رہے تو آئیڈل برین (Idle brain) کے تمام نقائص ظہور پذیر ہوتے ہیں ۔ اسلئے فضول اسٹاف کو نکالدیا جائے ۔

میں ہاؤس سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ میرے اس کٹ موشن پر غور کرے ۔

Point of information, Sir I want to know whether my cut motion with regard to demand No. 21 is allowed ?

Mr. Speaker . It is disallowed Demand No. 21 goes with Demand No. 31

شری اے ۔ راج ریڈی۔ ڈیمانڈ نمبر ۲۱ ۔ تو کیا مجھے اجازت ہے کہ جو کٹ موشن ٹیننسی کے بارے میں یہاں آیا ہے اوس پر میں اپنے خیالات کا اظہار کروں ؟ اس کے بارے میں مجھے دو باتیں عرض کرنی ہیں۔ اس بد نصیب ریاست کے اندر اس قانون کے بنانے والوں کا رجحان شعوری طور پر یا غیر شعوری طور پر کیا تھا ، میں نہیں کہنا چاہتا ۔ لیکن میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انسان جس سماج یا طبقہ سے تعلق رکھتا ہے وہی شعور اور وہی رجحان وہ رکھتا ہے ۔ یہ قانون کس طبقہ واری ذہنیت سے بنایا گیا ہے وہ ہم سب جانتے ہیں ۔ میں اس قانون کے بارے میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ اس قانون کے نام میں لفظ ٹننٹس کی بجائے لینڈلارڈس (Landlords) کا لفظ رکھا جائے تو پوری طرح بیٹھ سکتا ہے ۔ اب وقت نہیں ہے ورنہ میں ایک ایک دفعہ پڑھکر بتلاتا کہ وہ قانون عوامی جد و جہد کے تقاضوں کو روکتے ہوئے زمینداروں کی تائید میں کس طرح تدوین کیا گیا ہے ۔

گزشتہ کئی سال سے جو ٹیننسی ایکٹ نافذ ہے اوس کے فوائد کے متعلق رپورٹ دیکھنے سے ظاہر ہے کہ قانون تو بنایا گیا ہے کمیٹیاں بنائی گئی ہیں ۔ اور اسکے متعلق چند چیزیں اخباروں میں بھی آئی ہیں ۔ لیکن زمینداروں نے اس قانون کو اپنے مفید مطلب ڈھال لیا اور (Corrupted red-tape beauracratic machinery) نے اس قانون کا مقصد ختم کردیا۔ اسطرح شروع سے آخر تک بیچارے کسانوں کو تکالیف اٹھانی پڑیں ۔ آج حیدرآباد میں عوامی حکومت قائم ہوئی ہے اور آج یہاں ہم عوامی مسائل کو حل کرنے کے لئے جمع ہوئے ہیں ۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ اس کسان کے لئے جو اپنا خون پسینہ ایک کردیتا ہے مناسب قانون بنائیں اور ضرورت ہو تو اسکو ریٹرا سپکٹیو

ایفکٹ (Retrospective effect) دیں ۔ ہم اگر چاہیں تو اوسکی بہبودی کے لئے بہت کچھ کر سکتے ہیں اور اون کی زندگی کو بہتر بنا سکتے ہیں۔ ہمیں مجموعی طور پر سماج کی بھلائی کے لئے قانون بنانے ہیں نہ کہ (Few privileged) کیلئے ۔ بہت کسی طبقہ کی بھلائی اور ترقی میں سارے سماج کی ترقی مضمر ہے۔ لیکن جب تک ہم اس بنیادی چیز کو نہ سمجھیں جتنے بھی برائی وضع کے مطالبات پیش کرینگے وہ بیکار ہونگے ۔ اب اس کے بعد ریوینیو کے بارے میں میں کچھ عرض کرونگا ۔

مسٹر اسپیکر ۔ آپ نے چونکہ ۴۰ ۔ ۵ کٹ موشن پیش کئے تھے اس لئے میں نے آدھے گھنٹہ سے زیادہ وقت دیا ۔ اب وہ وقت بھی ختم ہوگیا ہے ۔

شری اے۔ راج ریڈی ۔ تو میں اب اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری ادھو راؤ پٹیل ۔ سیول ٹیم کو واپس بھیجنے سے متعلق ٹریژری بنچس نے وعدہ کیا تھا۔اس لئے میں زیادہ وقت نہ لیتے ہوئے مختصراً عرض کرونگا۔ میں ان کے اس وعدہ پر وشواس کرتا ہوں۔ لیکن ایک چیز میں یہاں بیان کرنا چاہتا ہوں ۔ جب پولیس ایکشن ہوا اسوقت خاص طور پر مرہٹواڑی میں لوگ بہت خوش ہوئے کہ اب ایک نیا دور آگیا ہے اور ان کی مشکلات حل ہو جائیںگی۔ اسوقت لوگوں میں ایک جوش تھا اور خیال کیا گیا تھا کہ ۔

مسٹر اسپیکر ۔ یہ جنرل ڈسکشن (General discussion) ہے ۔ لہذا جس حد تک مسئلہ ہے اوسی حد تک اپنے خیالات پیش کئے جائیں تو مناسب ہوگا ۔

شری ادھو راؤ پٹیل ۔ بہتر ہے۔ چونکہ ٹریژری بنچس نے وعدے کئے ہیں اس لئے ان پر وشواس رکھ کر میں اپنی اسپیچ ختم کرتا ہوں ۔

The House then adjourned for recess till Half past Eleven of the clock.

The House re-assembled, after recess, at Half past Eleven of the Clock.

[*Mr. Speaker* in the Chair.]

శ్రీ వి. కృష్ణయ్య:

అధ్యక్ష మహాశయా,

నేను గ్రామాల్లో ఉండే పటేలు, పట్వారీల గురించి మాట్లాడుతాను. మన సంస్థానములో ౨౨ వేల గ్రామాల్లో పటేళ్ళు, పట్వారీలు ఉన్నారు వారికి రూ. 3౫,౫౫,000 ఇవ్వబడుతున్నాయి. ఇంతకు పూర్వము దేశముఖులుగా ఉన్నవారే వతనుగా ఈనాడు పటేలు పట్వారీలుగా గ్రామాల్లో పనిచేస్తున్నారు వారిక్రింద కొన్నివందల వేల ఎకరాల భూములున్నాయి. వీరే గ్రామాల్లో పటేలు పట్వారీలుగా ఉండటంవలన తమ భూములు కాపాడుకొనుటకున్నూ, తమ మిత్రులయొక్క, పెద్దపెద్ద భుస్వాములయొక్క ప్రయోజనాలు కాపాడేవనులు

బాదుకు 30 మైళ్ళ దూరంలో ఉంది అక్కడ 20 మంది రైతులను [illegible] వున్నారు అక్కడి రైతాంగం కొన్ని సంవత్సరములనుండి సేద్యంచేస్తూ [illegible] వారు వాళ్ళపేరుమీద దఖలు ఖారములు తీసికొని యివ్వలేదు [illegible] ఆ భూమిని ఆక్రమించుకొన్నారు వెంకటరామారెడ్డి [illegible] ఎకరాల భూమి ఉన్నది ధనిక రైతులను వెనుకవేసుకు వస్తే అక్కడ [illegible] చేయించి జైలులో పెట్టించారు అక్కడ వారి ఆఫీసుఉంటే [illegible] జండాను తగులబెట్టి, రికార్డులనుకూడా తగులబెట్టేసారు [illegible] స్థానిక అధికారుల చేయికూడా వుంది ఈ అధికారులకు [illegible] సహాయం దొరకలేదు కాని పులగిల్ల గ్రామంలో 20 రైతులను [illegible] మల్లారెడ్డి భూమిని పోలీసులచే అతనిని అరెస్టు చేయించి జైలులో పెట్టించి [illegible] ఆక్రమించుకొన్నాడు పటేలు, పోలీసులు [illegible]రెడ్డికి సహాయంగా [illegible] అరెస్టు చేశారు ప్రతిచోట ఈ విధంగా కౌలుదార్లకు రక్షణ లేకుండా పోతోంది [illegible] కొంత మంది కాంగ్రెసు నాయకులుకూడా దేశముఖ్‌కే సహాయం చేస్తున్నారు [illegible] రైతులకు ఎవరినుంచి రక్షణ లేకుండా పోతోంది [illegible] దేశముఖ్‌కు జన్నారి తాలూకా కాంగ్రెసు నాయకులు చెప్పేదేమంటే "అక్కడి రైతులను తొలగించి నీకు ఇష్టమైన [illegible] భూమిని అప్పగించు" అని చెప్పారు [illegible] ముఖ్యంగా కోరేదేమంటే [illegible] ఒరిగిన తరువాత తొలగించిన కౌలుదారులకందరికి తిరిగి భూమిని ఇప్పించాలని కోరుతున్నాను దీనికై ఒక నిష్పాక్షిక కమిటీనికూడ వేసి విచారణ చేయవలసి యున్నది [illegible] సభ్యులది ఒక కమిటీవేసి విచారణ జర్పించాలని నొక్కి చెబుతున్నాను ఎన్నో సంవత్సరములనుండి సేద్యము చేస్తున్న రైతులను అన్యాయముగా తొలగిస్తున్నారు ఇవన్నీ విచారించి అన్యాయంగా తొలగించబడ్డ రైతులకు తిరిగి భూములు ఇప్పించాలి దీనికి నిన్ననే కొత్తశాసనం చేశారు రైతాంగము శాసనరీత్యా హక్కులకు పోరాడుతుంటే వాళ్ళని కమ్యూనిస్టులని చెప్పి అరెస్టుచేస్తున్నారు ఏదో ఆర్డరుక్రింద ఈ జమీందార్లకు దేశముఖ్‌లకు తుపాకులుకూడ ఇచ్చి ప్రజానీకాన్ని భయపెడుతున్నారు సూర్యాపేట తాలూకా వట్టిరంపాడు పోలీసుగార్డ్సు సహాయంతో రైతులను కొట్టడము, ఇళ్ళు తగులబెట్టడం జరిగింది. చెప్పాలంటే ఇటువంటి సంఘటనలు ఇంకా ఎన్నో వున్నాయి వీటినన్నింటిని మధ్యవరచి స్థానికాధికారులు రిపోర్టులు పంపిస్తున్నారు అసలు దీనికంతటికి కారకులెవరో రేపు చెప్పదలచుకొన్నాను ముఖ్యంగా ప్రభుత్వము రక్షిత కౌలుదార్లకు సహాయం చేయదలచుకుంటే ఆ బేదఖల్లన్నింటిని ఆపుటు వెంటనే ఆర్డర్లు పంపాలని కోరుతున్నాను ఆ విధంగా చేస్తే జమీందార్ల జాగిర్దార్ల అన్యాయ చర్యలనుంచి ప్రజానీకాన్ని రక్షించినవారౌతారు శాసనరీత్యా రైతాంగానికి హక్కు కలుగుటకు ప్రభుత్వము సహాయం చేయాలని కోరుతూ నా ఉపన్యాసాన్ని ముగిస్తున్నాను

مسٹر اسپیکر - ڈیمانڈ نمبر ۱۳ شری نارائن ریڈی -

شری کے - وی - نارائن ریڈی - قبل اسکے کہ میں اس پر ڈسکس کروں دو باتیں کہونگا - آنریبل اسپیکر نے ہم کو بیک بنچس (Back Benche) قرار دیا ہے - بیک بنچس کی ٹریڈیشن (Tradition) جو ہاؤس آف کامنس (House of Commons) میں ہوتی ہے وہی حیدرآباد کے لیجسلیچر میں ہے - لیکن بہت سارے جو بیک بنچس میں

بیٹھے ہوئے ہیں انہیں پہلے سیشن میں بات کرنے کا موقع نہیں دیا گیا۔ اس عام ٹریڈیشن کی خاطر اور پارلیمنٹری پروسیجر کے خلاف وہ اجلاس اسی طرح گزر گیا اور یہ اجلاس اوپن سٹ میں گزر رہا ہے ۔ اس لئے میں امید کرتا ہوں آئندہ آنریبل اسپیکر غیر جمہوری طریقہ اختیار نہیں کرینگے ۔ ان دو چار روز میں جو موقع کٹ موشن کی شکل میں پرووائیڈ (Provide) ہوا ہے اسکو میں غنیمت سمجھتا ہوں اور میں آنریبل اسپیکر کا شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اسکے بعد میں ہندی اور انگریزی یا اردو ان ساری حرفوں میں نہیں جاؤنگا ۔ کیونکہ ڈیموکریٹک پروسیجر اڈاپٹ (Adopt) کرنے کے لئے جو زبان عام فہم ہے اسی میں بات کرنے کے لئے میں کھڑا ہوا ہوں ۔ جو کٹ موشن میں نے پیش کیا ہے اوسکو دوسرے کٹ موشن سے ملاتے ہوئے ڈسکس (discuss) کرنے کے لئے کہا گیا ہے ۔ اس پر مجھے کوئی آبجکشن نہیں ۔ اسلئے میں پہلے کٹ موشن اور دوسرے کٹ موشن کو لیتے ہوئے ڈسکس کرنے کی کوشش کرونگا ۔

آنریبل فینانس منسٹر نے در آمداب کو نکال دیا ہے ۔ اس کے لئے میں شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ اور یہاں ممبرس بھی شکر گزار ہیں ۔ میں اکانمی آف ورڈز (Economy of words) کا قائل ہوں ۔ مختصراً عرض کرونگا کیونکہ میں معاشیات کا طالب علم بھی تھا اور لکچرار بھی ۔ میں اپنی چھپی ہوئی کٹ موشن پڑھکر سناتا ہوں ۔ برائے مہربانی ریمارک کرلیا جائے ۔

To reduce the allotment of Rs 5,30,600 for Ministers by Rs. 100

To discuss the need for deliberate and growing secular policy in the Administration of Hyderabad State

دراصل میں نے جو کٹ موشن پیش کیا ہے وہ یہ ہے ۔

(*i*) To discuss the need for deliberate and growing secular policy in the Administration of Hyderabad State and for eradicating the evil of corruption and nepotism by just and fool-proof methods .

(*ii*) To urge the need for uniform treatment of all communities and for providing additional facilities to the weaker sections of the population in regard to recruitment to services, business and education.

(*iii*) To urge the Ministers (*a*) to scrupulously avoid charges of any kind against them and (*b*) to answer supplementary questions in a dignified and impersonal manner. '

پہلی کٹ موشن میں الفاظ اور حالات کی تبدیلی ہوئی ہے ۔ اسپیکر صاحب کو وسیع اختیارات ہیں ۔ اور وہاں وسیع اختیارات کو استعمال کرسکتے ہیں ۔ پارلیمنٹری ٹریڈیشن ایسا ہے ۔ ساتھ ہی ساتھ میں یہ کہونگا کہ پارلیمنٹری پروسیجر کے سلسلہ میں کافی غلطیاں ہورہی ہیں یعنی ہاؤس کے دونوں جانب سے معتمدی مقننہ کی غلط کارروائیوں کے متعلق اعتراض ہے ۔ علاوہ اس کے اسپیکر صاحب کی جانب سے بھی ایسی بات ہوئی ہے جسے میں دہرانا نہیں چاہتا ۔

شری لکسمن کونڈا - پائنٹ آف آرڈر سر - اسپکر کے بارے میں کوئی کرٹسیزم کی اجازت نہیں دیجانی چاہیے - یہ جو ریمارک کیا جا رہا ہے ۔

مسٹر اسپیکر - بات یہ ہے کہ ان کی ممبر سائی نہیں دے رہی ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ - سب سے ممبروں کو وہ سائی نہیں دے رہی ہے - لیکن یہ ٹھیک ہے کہ اسپکر کے بارے میں کوئی ریمارک نہیں کیا جاسکتا -

شری کے - وی- نارائن ریڈی- میرا اشارہ لجسلیٹیو سکریٹریٹ کی طرف تھا -

مسٹر اسپیکر - - میں سمجھتا ہوں کہ انٹروڈ کشن (Introduction) میں بہت سا وقت جارہا ہے -

شری کے - وی نارائن ریڈی - میں چند چیزیں ھاؤس کے سامنے لانا چاھتا تھا - اس ۵ منٹ کے عرصہ میں حیدرآباد کے ڈس انٹگریشن (Disintegration) سیکولر پالیسی (Secular Policy) اور حیدرآباد گورنمنٹ کی کمیونل پالیسی کے متعلق وضاحت سے روشنی نہیں ڈال سکتا-پھر بھی اگر آنریبل اسپیکر کچھ زیادہ وقت دیدیں تو بہتر تھا -

ہماری گورنمنٹ کو جو ریوینیو ملتا ہے وہ (۹۰) فیصد دیہاتوں سے ملتا ہے اور (۱۰) فیصد شہروں سےوصول ہوتا ہے- لیکن ان دیہاتیوں پر کچھ زیادہ خرچ نہیں ہوتا - بیروزگاری ملک میں بڑھتی جا رہی ہے اسکے روکنے کا انتظام ہونا چاہئے-ان لوگوں کا جو ۹ فیصد ریونیو دیتے ہیں لحاظ نہیں کیا جاتا - دوسری طرف کلکٹریٹ اور سکریٹریٹ میں جوکلرکس اور آفیسرس ہیں وہ اپنے من مانے کاروبار کرتے ہیں - ہمارے راست میں غیر ملکی اور ناقابل لوگوں کو ترجیح دیتے ہیں۔ایک افسر جن کا تقرر گورنمنٹ آف انڈیا سے ہوا تھا انھوں نے مدراس سے ایک کلرک لایا ہے جس کا سوریس اب کلکٹر سے بڑھکر ہے- پہلے اونکی تنخواہ مدراس میں ۶۰ روپیے تھی اور وہ اب ڈھائی سو روپیے پارہے ہیں-ان کے پاس دو جیپ کارس اور ۴ چپراسی ہیں- غرض حیدرآباد میں بہت ساری چیزیں ایسی ہی ہورہی ہیں -

ایک آنریبل ممبر - آپ کا کٹ موشن سکولر پالیسی کے بارے میں اور کمیونل کیریکٹر آف ویریس سکریٹریٹ ڈیپارٹمنٹس (Communal Character of various Secretariat Departments) سے تھا اس لئے آپ کی کٹ موشن کی حدتک رہے تو اچھا ہے - It is irrelevant to this

شری کے - وی - نارائن ریڈی - شکریہ ادا کرتا ہوں -

Mr. Speaker No need, please proceed

شری کے- وی- نارائن ریڈی- میں چونکہ سیکولر (Secular) قسم کا ہوں -

(Laughter)

میں نہیں سمجھتا کہ یہ سکولریزم آخر کس کا نام ہے۔ پنڈت نہرو کی سکولریزم تو نہیں ہے۔ یہاں کی سکولریزم کا جنازہ نکل گیا۔ میں اسکو مختصر کرتے ہوئے کہونگا کہ ہماری ہ کرو ... کے ریونیسں میں جو لوگ ہیں انکا سیول لسٹ سے ہٹایا ہے۔ صرف اکریونیو ڈپارٹمنٹ میں ہی ۴۳ گریٹیڈ آفیسرس ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ سٹلمنٹ (Settlement) میں ۶۲ ہیں اور سکریٹریٹ میں ۱۰۸ ہیں جن کی تنخواہ ۲۰۰ سے ۳ سو تک ہے۔ انکے تقررات کو پیش نظر رکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اسمیں کافی تبدیلیوں کی ضرورت ہے۔ گورنمنٹ کو اس پر فوری توجہ دینی لازمی ہے اور مسٹری کو بھی سدھارنا چاہئیے۔ ساتھ ہی ساتھ سنٹرل پرچیز ڈپارٹمنٹ (Centra' Purchase Department) ۲- سرویس کمیشن (Service Comm ssion) او ۳- سول ٹیم (Civil Team) حیدرآباد کو تباہ کر رہے ہیں۔

آخر میں یہ کہونگا کہ جو کہ ٹریژری بنچیس سے اس کی جانب خاموشی کا اظہار رہے اسلئے خاموشی نیم رضامندی کے طور پر میں اس مسرت میں اپنی تقریر کو ختم کرتا ہوں۔

شری جی۔ سری راملو - مسٹر اسپیکر سر۔ میں آپکے سامنے ان غیر ضروری مدات کو پیش کرنا چاہتا ہوں جنہیں ہم برداشت نہیں کرسکتے۔

To reduce the allotment of Rs 16,700 for charges in England and High Commissioner for India in London by Rs 16,700.

پوری مد کو نکالنے کے لئے میں امنڈمنٹ پیش کر رہا ہوں۔ اگر کچھ صداقت پسندی گورنمنٹ میں ہے اور ان غیر ضروری مدات کو نکالنے کےلئے حکومت تیار ہے تو ہمیں کافی بچت ہو جائیگی۔ بہت سے غیر ضروری مدات ہیں جن پر ہم خرچ کر رہے ہیں۔ میں انکا ذکر کرونگا۔ انکو نکالکر اگر سیونگ کی جائے تو مناسب ہے۔ یہ روپیے مزدوروں اور عوام کی بھلائی پر خرچ کئے جاسکتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ تھیلیوں کے منہ کو پھیرنا چاہئیے۔ غیر ضروری مدات پر نظر ثانی کرکے کٹ موشن کو قبول کرلیں تاکہ سیونگ ہوسکے۔ جب تک ایسا نہ کریں اس حکومت کو عوامی حکومت نہیں کہا جاسکتا۔ میں ایک چیز کی طرف توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ وہ یہ کہ انگلینڈ میں حیدرآباد کا ایک آفس ہے جس پر (۱۶۵۰۰) روپیے صرف ہو رہے ہیں۔ ان اخراجات کو کیوں برداشت کیا جا رہا ہے، میری سمجھ میں نہیں آتا۔ اس بارے میں آنریبل چیف منسٹر اپنی جوابی تقریر میں وضاحت فرمائیں تو مناسب ہے تاکہ ہاؤس کو کچھ روشنی مل سکے۔ یہ آفس لندن میں رضا کار دور میں نظام کی طرف سے قائم کیا گیا تھا۔ اسکے اخراجات آج بھی یہاں سے برداشت ہو رہے ہیں۔ برطانیہ سے سمبندھ رکھنا منظور تھا۔ اسلئے وہ آفس وہاں رکھا گیا تھا۔ لیکن اب اسکو برقرار رکھکر اسکے اخراجات برداشت کرنے کی کوئی وجہ نہیں ہے جبکہ حیدرآباد انڈین یونین میں شریک ہوچکا ہے اور اس کا محرم کو حاصل ہے۔ ان حالات کے تحت امید ہے کہ میرا کٹ موشن بلا کسی نزاع کے منظور کرلیا جائیگا۔ یہ شکایت ہمیشہ آپ کی طرف سے ہوتی ہے کہ مزدوروں اور کسانوں کے حالات کو درست کرنے کےلئے پیسہ نہیں ہے۔ لیکن آپ غیرضروری مدات پر اتنا روپیہ خرچ کرتے ہیں۔ پرسوں ہی آنریبل ایجوکیشن منسٹر نے بتایا

کہ آپ حیدرآباد کے باہر کے اداروں کو ڈونیشنس (Donations) دیتے ہیں۔ آپ کو معلوم ہے کہ خود ہمارے ملک کی تعلیمی حالت کیسی ہے۔ ہمارے لوگوں کی تعلیمی اور معاشی حالت بہت پست ہے ۔ مگر آپ انکی حالت درست کرنے پر پیسہ خرچ کرنے کی بجائے دوسرے لوگوں کی مدد کرتے ہیں ۔ باہر کے لوگوں کو دان دیتے ہیں۔ یہ ٹریژری بنچ کے لئے لمحہ فکر ہونا چاہئیے ۔ ہاں اگر ہماری مالی حالت بہت اچھی رہتی اور ہمارا ملک متمول ہوتا تو ایسی صورت میں آپ کا یہ ''کرن دان،، اچھا رہتا ۔ مگر جب خود آپ کے گھر کی یہ حالت ہے تو ایسی صورت میں دوسرے اداروں کی مدد کرنا کیا یہ صحیح ہوسکتا ہے ؟ ایسے مدات کو ختم کرکے ہم کافی بچت نکال سکتے ہیں ۔ ان سے کروڑوں روپیوں کی بچت ہوسکتی ہے ۔ اس بچت سے آپ کسانوں اور غریبوں کی معاشی حالت کو بہتر بناسکتے ہیں ۔ آبپاشی کا انتظام ٹھیک کرسکتے ہیں ۔ گرومور فوڈ کیمپین (Grow More Food Campaign) کو اس سے کامیاب بناسکتے ہیں اور ہمارا ملک اسکے نتیجہ کے طور پر خود مکتفی بن سکتا ہے ۔ اس پر ٹریژری بنچ غور کریں تو مناسب ہوگا۔ لیکن اگر صرف اس خیال سے کہ یہ بات چونکہ اپوزیشن کی جانب سے آئی ہے اور آپ یہ سمجھیں کہ اسکو ماننا اپنے پرسٹیج (Prestige) کے خلاف ہے تو یہ ہرگز صحیح طریقہ نہیں ہوگا۔ آپ جاگیرداروں کو اتنی بڑی رقم کیوں دیتے ہیں؟ نظام صاحب کے لئے ۵۰ لاکھ کا معاوضہ کیوں رکھا جاتا ہے ؟ آپ ناسل کمپریس بھی دے سکتے ہیں ۔ دستور نے اسکی بھی اجازت دی ہے ۔ مگر آپ پورا دینے کے لئے تیار ہیں ۔ آپکے سکریٹریز کی تنخواہیں زیادہ ہیں ۔ ڈپٹی منسٹرس اور کلکٹرس کو اتنی بڑی بڑی تنخواہیں دیتے ہیں ۔ کیا یہ سب ہمارے اکسچیکر پر بار نہیں ؟ حال ہی میں ہمارا ڈلیگیشن چین گیا تھا ۔ اس نے بتایا ہے کہ وہاں ۱۵۰ سے کم کسی کی تنخواہ نہیں اور زیادہ سے زیادہ ۸ سو تنخواہ ہے ۔ اگر آپ چاہیں تو یہاں بھی ایسا کرسکتے ہیں ۔ مگر اس کے لئے دل کی ضرورت ہے ۔ اس کے لئے دل میں آرزو کی ضرورت ہے ۔ اگر آپ کے دل میں یہ بات نہیں تو ہمارا ترمیمات پیش کرنا اور چیخ و پکار کرنا سب فضول ہے ۔ حکومت اس طرف قدم بڑھا کر اکانمی بھی کرسکتی ہے ۔ سیالیریز (Salaries) کے بارے میں میں یہ کہونگا کہ سوشلسٹ پارٹی نے اپنے مینیفیسٹو میں یہ بتایا تھا کہ یہاں تنخواہیں ایک سو سے کم اور ایک ہزار سے زیادہ کسی کی نہ ہونی چاہئیں ۔ یہ قابل عمل سجیشن ہے ۔ حکومت اگر چاہے تو اس پر عمل کرسکتی ہے ۔ آپ کے پاس تو تین تین ہزار تنخواہ کے سکریٹریز کام کرتے ہیں ۔ عوام کی مشکلات تو رفع نہیں کی جاتیں ۔ لیکن آپ کا طرزعمل اسی طرح جاری ہے ۔ اورپھر اڈمنسٹریشن کا یہ عالم ہے کہ اگر کوئی شخص درخواست پیش کرے تو اس درخواست گزار کو پتہ تک نہیں چلتا کہ اسکی درخواست کا کیا حشر ہوا ۔ اسے رسید تک نہیں دی جاتی ۔ کئی مہینوں تک اس درخواست پر کوئی کارروائی نہیں ہوتی ۔ اسارے میں کوئی باز پرس کرنے والا نہیں۔ زمینات کا مسئلہ ویسا ہی پڑا ہے ۔ بیسک ویجس (Basic Wages) کا سوال حل نہیں ہوتا ۔ درخواستوں کا یہ حشر ہوتا ہے تو عوام آپ کے سامنے مسائل کسطرح سے رکھیں ۔ ؟ اسی طرح پٹیل پٹواریوں کا مسئلہ ہے ۔ پٹیل پٹواری اپنے آپ کو سب کچھ سمجھ لیتے ہیں ۔ وہ اپنے آپ کو

قانون داں بلکہ لجسلیٹرس سے بھی زیادہ سمجھتے ہیں ۔ اور حکومت جب کوئی قانون نکالتی ہے تو وہ نکلتا تو ایک طرح سے ہے لیکن عمل دوسری طرح سے ہوتا ہے ۔ ہر قانون میں کسی نہ کسی طرح سے وہ اپنی جیب گرم کرنے کا راستہ تو نکال ہی لیتے ہیں ۔ خود حکومت ان کے لئے یہ راستہ فراہم کرتی ہے ۔ آپ انہیں دس ہی روپیے تو دیتے ہیں ۔ پھر وہ ۲۴ گھنٹے کام کرتا ہے ۔ ڈپٹی کلکٹر ۔ ڈی ۔ یس ۔ پی ۔ یا جو بھی وہاں جائے اسکے پاؤں تک دبانا پڑتا ہے ۔ آپ ماہانہ تین روپیے دیکر بھی نوکریوں سے کام لیتے ہیں ۔ کیا انکی طرف بھی کوئی دیکھنے والا ہے ؟ اگر ہم کچھ کہیں تو کہا جاتا ہے کہ ”کیا ہمارے پاس جادو ہے کہ جادو کے زور سے سب کچھ یکدم ہوجائے“ مگر آپ کے سامنے آگے بڑھنے کے لئے کوئی جاکہ تو ہونا چاہئے ۔ آج آپ اپنی پالیسی کا بلو پرنٹ (Blue Print) پیش کرنے کے لئے تیار نہیں ہیں ۔ آپ بلوپرنٹ کیوں پیش نہیں کرتے ؟ بیسک ویجس کے بارے میں حکومت کی کیا پالیسی رہیگی ؟ ان تمام کے بارے میں سوشیلسٹ پارٹی حکومت سے ایک جاکہ چاہتی ہے تاکہ اسپر عمل ہوسکے ۔ سکریٹریٹ لیول بھی برقرار رہیگا ۔ نظام سے آپ کو اتنی محبت کیوں ہے ؟ اگر کچھ کہا جائے تو دستور کا حوالہ دیا جاتا ہے ۔ آپ صاف کیوں نہیں کہتے کہ آپ کا دل کیا بولتا ہے ؟ نظام نے لوٹ کھسوٹ کرکے لاکھوں روپیے جمع کئے ہیں ۔ میں نے اس بارے میں ایک سوال بھی روانہ کیا تھا کہ نظام کے پاس کتنی دولت ہے ہاؤس کو معلوم کرایا جائے ۔ لیکن معلوم نہیں کیوں اس سوال کو رول اوٹ (Rule out) کردیا گیا ہے ۔ یہ کہدیا جاتا ہے کہ

It is not within the purview of the Assembly nor is it in the public interest.

نظام کا پیسہ عوام ہی کا پیسہ تو ہے جو نذرانوں اور تحفوں کی شکل میں عوام سے وصول کرکے جمع کرلیا گیا ہے ۔ اسکے باوجود بھی انہیں ڈیڑھ کروڑ روپیہ سالانہ ادا کیا جاتا ہے ۔ آج حکومت کانگریس کے ہاتھ میں ہے ۔ کم از کم دہلی کو دکھانے کے لئے آپ ہاتھ زور سے اٹھا کر آہستہ بھی مار سکتے تھے ۔؟ عوامی وزرا پر آج ذمہ داری ہے ۔ وہ حکومت چلا رہے ہیں ۔ عوام کو دکھانے کے لئے تو کم از کم کچھ کریں ۔ مگر کچھ نہیں کیا جاتا ۔ اسکی وجہ ظاہر ہے کہ آپ کے پاس دل نہیں ہے ۔ آپ سے یہ مسائل حل نہیں ہوسکتے ۔ آپ اسے پورے طور پر مان لیں ۔ کانگریس کے ڈھانچہ کا بدلنا اس کیلئے عین ضروری ہے ۔

شری سری نواس راؤ ۔ مسٹر اسپیکر سر ۔ ٹیریٹوریل اور پولیٹیکل پنشنس یہ ایسے مدات ہیں جو باہر سے آئے ہوئے یا باہر جانے والے لوگوں کے لئے نہیں بلکہ ہمارے پاس کے لوگوں کے لئے ہیں ۔ اس میں منصب ہیں ۔ ماہوارات ہیں ۔ منصب معمولی ہیں ۔ کمپونڈ پنسس میں نظم ہیریڈیٹری ماہوارات وغیرہ شریک ہیں ۔ یہ پبلک فینانس پر ایک بار گراں ہیں ۔ حیدرآباد میں عوامی وزارت تشکیل پائی ہے ۔ اگر اپوزیشن کی طرف سے اس جانب توجہ دلائی جاتی ہے تو ٹریژری بنچز خاموش رہتے ہیں ۔ دوسرے معاملوں میں وہ دستور کی مثال لینا نہیں چاہتے اور دیش کو آگے بڑھانا نہیں

چاہتے ۔ مگر مناصب ماہوارات وظیفے وغیرہ بحث میں باقی رکھے جاتے ہیں۔ یہ مناسب سمجھا جاتا ہے۔ یہ ایسے لوگوں کو دیئے جاتے ہیں جن کی معاشی حالت اچھی ہے۔ بہت سے لوگ بزنس مین (Businessmen) ہیں گورنمنٹ ملازمت میں گئے ہیں۔ وہ اپنی روزی اچھی طرح کما سکتے اور کما رہے ہیں۔ یہ مراویز ایسے لوگوں کے لئے نہیں ہے جو غریب ہیں معذور ہیں اپاہج ہیں یا اپنی روزی نہیں کما سکتے ۔ البتہ بیوگان اور بچوں کی حد تک رعایات کی جا سکتی ہے یا ایسے اشخاص جو بالکل کم رقم پاتے ہیں ان کی حد تک بھی رعایت کی جا سکتی ہے۔ لیکن یہ رقم پانے والے بعض ایسے بھی لوگ ہیں جو ہزاروں کی تعداد میں دوسری طرف سے رقمیں پاتے ہیں ۔ حیدر آباد کچھ دن سے آزاد ہوا ۔ یہاں عوامی وزارت تشکیل پائی ۔ جب پنڈت جواہر لعل نہرو یہاں آئے تھے انہوں نے فتح میدان میں عوام کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہم جاگیرداری منصب داری اور زمینداری ختم کر دینگے ۔لیکن عملاً کچھ نہیں کیا گیا ۔ ہمیں کفایت شعاری سے کام لینا ہے۔ اس لئے میں نے ۲ لاکھ ۳۰ ہزار روپیے کی بجائے ۵۰ لاکھ روپے کی حد تک کٹ موشن پیش کیا ہے ۔ کمپٹریس کے ھائی ریٹس (High Rates) کی بجائے کفایت شعاری سے کام لیا جائے تاکہ پبلک فینانس پر برا اثر نہ پڑے ۔ مجھے خوف ہے کہ اگر چیف منسٹر صاحب اس پر توجہ نہ دیں تو عوام کا جذبہ مخالفت بڑھتا جائیگا ۔ اگر حکومت اس مسئلہ کو حل نہ کرے تو عوام اس کو حل کرینگے اور یہ مسئلہ خود بخود حل ہو جائے گا ۔

اتنا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور آنریبل چیف منسٹر سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس پر غور کریں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ جتنے معزز ارکان نے کٹ موشنس پیش کئے ہیں میں سمجھتا ہوں کہ ان سب کو موقع دیا گیا اور کوئی ایسے معزز رکن نہیں رہے جن کو موقع نہیں دیا گیا ۔ اس کے بعد دوسرے معزز ارکان اپنے خیالات کا اظہار کرسکتے ہیں ۔میں امید کرتا ہوں کہ جو ارکان تقریر کریں گے زیادہ سے زیادہ پانچ منٹ لینگے ۔

میں اسی اصول پر چلنے والا ہوں ۔ اب شری نرسنگ راؤ صاحب تقریر کریں گے ۔

* شری ایم۔ نرسنگ راؤ (کلواکرتی۔عام) مسٹر اسپیکر سر۔ میں نے صبح سے بہت غور سے بحث پر جو بحث کی جارہی ہے اس کو فالو کیا ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو کٹ موشنس پیش کئے گئے ہیں ان پر خوب بحث ہوئی ۔ لیکن میں ان لوگوں میں سے نہیں ہوں جو یہ خیال کرتے ہیں کہ اپوزیشن کے مناصب سے ہمارے انٹنشنس متاثر ہو جاتے ہیں اگر ہم متاثر ہوتے ہیں تو میں یہ کہتا ہوں کہ ہماری موجودگی سے وہ بھی متاثر ہوتے ہیں اور ہم انکو متاثر کرسکتے ہیں تو خیر اس سے ہٹ کر میں یہ کہونگا کہ ایسے جلسوں میں جہاں کہ مختلف خیالات کے لوگ ہوں کئی چیزیں آجاتی ہیں جنکے بارے میں کوئی اختلاف نہیں ہو سکتا ۔ اور میرے خیال میں اس سے آنریبل چیف منسٹر اور حکومت کو بھی کوئی اختلاف نہوگا۔ گورنمنٹ نے خود اکانمی کمیٹی قائم کی تھی ۔ گورنمنٹ کی قائم کردہ اکانمی کمیٹی نے چند تجاویز پیش

* Confirmation not received

کئیے ھیں ۔ اس کو گورنمنٹ کی کمیٹی اس لئیے نہیں کہا جا سکتا کہ اس میں گورنمنٹ کے صرف چار ارکان تھے ۔ اس کمیٹی نے بھی یہی سفارش کی کہ منصبوں اور جاگیروں کو ختم کردیا چاھئیے لیکن ایک پرانے نظام کو پریزنٹ گورنمنٹ (Present Government) اتنی آسانی سے ختم کرسکتی ھے یا نہیں ھمیں غور کرنا ھوگا ۔ بہر حال یہ جو چیزیں ھیں ان میں اصولاً کوئی اختلاف نہیں ھے البتہ آج یہ سن کر میرے پہلے خیال کی توثیق ھوئی ۔ میں اس میں آپ کی مخالفت نہیں کرونگا ۔ صرف اس لئیے کہ اس سبح در میں بھی ۳۰۰ روپیے رسوم پانے والوں میں سے ھوں اور ایک دیشمکھ ھوں ۔ لیکن میں آنکو وسواس دلاتا ھوں کہ میں اس کو آنریبلی چھوڑنے کے لئیے تیار ھوں ۔ گوروالا کمیٹی نے بھی یہی سفارش کی ھے اور ھم جانتے ھیں کہ اب جاگیرداروں ۔ زمینداروں اور پٹیل پٹواریوں کا ایج (Age) ختم ھوگیا ھے ۔ میں یہ عرض کرنا چاھتا ھوں کہ جہاں تک میرے معلومات مدد دیتے ھیں پٹیل پٹواریوں کے موروثی طریقہ کو ختم کرنے پر حکومت غور کر رھی ھے اور نئیے پٹیل اور پٹواریوں کی تعلیم اور تربیت کا مسئلہ بھی در پیش ھے ۔

آپ سیول ٹیم کے خلاف ھیں اور چیف سکریٹری کی تنخواہ پر اعتراض کیا گیا ھے ۔ اس ضمن میں میں یہ کہونگا کہ چیف سکریٹری کی تنخواہ اور دوسرے گورنمنٹ آفسرس کی تنخواہ کا کنٹراکٹ ھوتا ھے کیونکہ یہ انگلش سیول سروس (English Civil Service) کے وقت سے چلا آرھا ھے ۔ یہ سب عہدہ دار آئی ۔ سی ۔ یس ھیں ۔ اور ان عہدہ داروں کی تنخواھوں میں کمی کرنے سے متعلق گورنمنٹ آف انڈیا ھی سونچ سکتی ھے ۔ کیونکہ خاص کر پارٹ (بی) اسٹیٹ کے تعلق سے پریسیڈنٹ کے اسپیشل رسپانسیبلیٹیز (Special Responsibilities) ھیں ۔ اس کے یہ معنی نہیں کہ میں چاھتا ھوں کہ یہاں چیف سکریٹری رھے ۔ آئی ۔ جی ۔ پی اور چیف اڈوائزر رھیں ۔ یہ عہدہ دار اسپیشل رسپانسیبلیٹیز کے تحت یہاں مامور رھوئے جن سے متعلق چیف منسٹر روشنی ڈال سکتے ھیں ۔ مزید یہ کہ دوسرے پارٹ "بی" اسٹیس میں کہیں بھی پولیس ایکشن نہیں ھوا لیکن حیدرآباد میں پولیس ایکشن ھوا اسوجہ سے بھی ان عہدہ داروں کو پریسیڈنٹ کے اسپیشل رسپانسیبلیٹیز کے تحت یہاں مقرر کرنے کی نوبت آئی ۔

ڈسٹرکٹ اڈمنسٹریشن (District Administrations) اور ان ایجنسیز پر ریمارک (Remark) کیا گیا ھے ۔ میں کہتا ھوں کہ ان ایجنسیز کس میں نہیں ھوتی ۔ اگر میرے بھائی میں ھے میرے بچے میں ھے اور میرے دوسرے عزیز میں ھے تو اسکے ذمہ دار کون ھیں ۔ اس کا ذمہ دار میں ھی ھوں ۔ مگر آنریبل ممبرس جتنے یہاں بیٹھے ھیں سب جانتے ھیں کہ ھم میں سے ھر ایک اسکے لئیے ذمہ دار ھے ۔

کہا جاتا ھے کہ کرپشن ھے ۔ صحیح ھے ۔ میں بھی کہتا ھوں کہ کرپشن ھے اور میں بھی اس کا شاکی ھوں ۔ لیکن میں کہتا ھوں کہ اگر چپراسی کو دیا جائے تو انعام ۔ عہدہ دار لیں تو رشوت ۔ اعلیٰ حضرت لیں تو نذرانہ اور میں لوں تو چندہ ۔ ھم سب کو اور مجھے بھی کام نکالنا ھے ۔ یہ ایسا ھی ھے جیسا کہ ڈاکٹر صاحب اور وکیل صاحب فیس لیتے ھیں ۔ میں کہونگا کہ یہ سب کرپشن ھے ۔ اسکی جتنی ذمہ داری دوسروں پر ھے اتنی ھی ذمہ داری

ہم پر بھی ہے ۔ اور اس کی ذمہ داری گورنمنٹ پر بھی ہے۔ اور ملک پر بھی ۔ اس کو دور کرنے کے لئے ہم کو چاہئیے کہ ہم لوگوں کو پبلک مارل (Public Moral) سکھائیں اور تربیت دیں ۔

آج کل ہماری ڈکشنری میں ان نئیں الفاظ کے نئے معنے ہوگئے ہیں ۔وہ ہیں کمیونسٹ رضاکار ۔ دیشمکھ یا دیسپانڈے ۔ کیونکہ یہ الفاظ ان معنوں میں آجکل استعمال نہیں کئے جارہے ہیں جیسے کہ ڈکشنری میں ان کے معنی ہیں۔ یہ نئی ڈکشنری پولس ایکشن کے بعد تیار ہوئی ہے کہ کسی کو کمیونسٹ کہہ دیا جائے ، کسی کو دیشمکھ اور کسی مسلمان کو رضاکار ۔ بہر حال اس کی ذمہ داری بھلانے سے یہ معلومات ختم ہونے والے نہیں ہیں لیکن آپ جو جیرنیس کررہے ہیں اوس کے تحت مڈل کلاس اور لینڈ ہولڈرس کا کیا حشر ہونے والا ہے آپ خود غور کریں ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ ان کے لئے فل پروٹکشن (Full Protection) رکھا گیا ہے۔

شری ایم ۔ نرسنگ راؤ ۔ لیکن میں یہ کہتا ہوں کہ ان دی بسٹ انٹرسٹس آف اگریکلچرل ڈیولپمنٹ (In the best Interests of Agricultural development) ایسے لوگوں کے ہاتھ میں اڈمنسٹریشن نہیں دیاجاسکتا۔ سرجان رسل جو اگریکلچرل سائنٹسٹ تھے اور وہ سنہ ۱۹۵۱ء میں ہندوستان آئے تھے انہوں نے اس کے متعلق جو کہا ہے وہ پڑھکر سناتا ہوں اور اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

> " They could not build a great modern State and an antiquated agricultural system "
>
> " Agriculture was the basis of life and the wealth of the community In England, Agriculture was one of their important industries from the point of view of the number of people employed as well as the money invested "
>
> " Perhaps, the most serious of all the difficulties confronting Indian Agriculture is the lack of Agricultural aristocracy and the educated agricultural middle class "

ایسٹرن جرمنی (Eastern Germany) میں جو سویٹ زون (Soviet zone) میں ہے وہاں پر اگریکلچرسٹ کو دو سو ایکڑ قائم رکھے گئے ہیں اور حیدرآباد میں آپ ایسا نہیں چاہتے ۔ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ہمارے سامنے جو بجٹ آیا ہے آیندہ سال اسمیں ضرور اس کے متعلق غور ہوگا ۔

* **شری پاپی ریڈی** ۔ (ابراہیم پٹن ۔ عام) ان ۔ دنوں میں مجھے جو پانچ منٹ کا وقت دیا گیا ہے اسکے لئے میں شکریہ ادا کر رہا ہوں ۔ ہاوس کی اس جانب سے کٹ موشن پیش کیا گیا تھا اسکے بارے میں بہت سی باتیں یہاں آئی ہیں۔ آنریبل ممبرس آف ٹریزری بنچس نے الیگیشنس (Allegations) اور چارجس (Charges) لگائے ہیں ۔یہاں یہ بات نظر نہیں آتی۔ آنریبل چیف منسٹر نے یہ کہا ہے کہ ،،آپ ہرجگہ سرخ دیکھنا چاہتے ہیں ،، ۔ میں یہ کہتاہوں کہ آپ کیوں ایسی عینک سے دیکھتے ہیں کہ

---

* Confirmation not received

آپ کو ہر جگہ سرخ نظر آتا ہے۔ میں یہ کہوں گا کہ اس جانب جوا پوزیشن ہے اس میں کمیونسٹ سکشن بھی ہے اور دوسرے گروپس بھی ہیں ۔ مگر آپ ہر چیز پر کیوں کمیونسٹ لیبل لگاتے ہیں ؟ یہ مناسب نہیں۔ اس سے ہمارا امپریشن (Impression) لاسٹ ہوگا۔

مجھے یہ کہنے دیجئے کہ آپ کے اڈمنسٹریشن میں ایفشنسی نہیں ہے چند آنریبل ممبرس کہتے ہیں کہ اڈمنسٹریشن میں تعاون یا میوٹینی پیدا کیجاتی ہے تو آرڈر نکالا جاتا ہے یہ بات صحیح نہیں ہے یہاں کوئی میوٹنی کا خیال نہیں ہے۔ ہم کو آپریشن کرنا چاہتے ہیں نا جائز کو آپریشن نہیں ہو سکتا ۔ ہم پر یہ چارجس لگائے جاتے ہیں کہ ہمارے پاس رشین لیڈرس (Russian Leaders) کی تحریریں ہیں ۔ میں ان آنریبل ممبرس سے جنہوں نے یہ چارجس لگائے ہیں یہ کہونگا کہ وہ قانون سے اچھی طرح واقف ہیں۔ آپ گورنمنٹ آف انڈیا کے تھرو (Through) یو۔ این۔ او (U.N.O) میں جائیں تا کہ وہاں اسپر روشنی ڈالی جا سکے ۔

مسٹر اسپیکر - کٹ موشن کی حد تک تقریر کیجائے تو مناسب ہوگا ۔

شری پاپی ریڈی - آنریبل اسپیکر سر ۔

I would request you to give me some time because these are cut motions about 20 to 25 and I had no chance to speak even on the discussion days. I stood up for about 20 times, but I did not get any chance to speak If my hon. friends on the other side had experienced this, they would have felt some pain. Hence even within the five minutes time at my disposal, I shall speak some relevant things, but, of course, not connecting some other things

میں یہ صاف کہدینا چاہتا ہوں کہ ہماری اور آپ کی ذہنیتوں میں فنڈا منٹل ڈفرنسس (Fundamental differences) ہیں۔ ہم سے کہاجاتا ہے کہ ,,ہم میجارٹی سے منتخب ہو کر آئے ہیں۔ اس لئے ہم جو کچھ کہتے ہیں وہ ماننا چاہئے،، ۔ میں کہونگا کہ اس میں ڈینامک چینجس (Dynamic Changes) ہوسکتے ہیں اور ہاوس کے اس جانب والے اس طرف آسکتے ہیں۔ آپ کہتے ہیں میجارٹی سے آئے ہیں لیکن میجارٹی کوئی قابل لحاظ نہیں - ۱۰۰ - ۱۱ ووٹس کی میجارٹی ہے ۔ آپ مینارٹیز کو اوور رول (over rule) کرنا چاہتے ہیں ۔ یہ ڈیموکریسی آپ کو مبارک ہو۔ ہم اس کا جواب نہیں دینگے۔ پیپل اوٹ سائیڈ دی ہاوس (People outside the House) اسکا جواب دینگے ۔ ہم پر سیریس (Serious) اور نان سیریس (Non-serious) چارجس بلائنڈلی (Blindly) لگائے گئے ہیں ۔ جو صحیح نہیں ہیں ۔

کٹ موشن کے بارے میں میں اتنا کہونگا کہ ٹیننسی ایکٹ کے سلسلہ میں میرے آنریبل ساتھیوں نے بہت کچھ کہا ہے ۔ میں یہ کہونگا کہ ٹیننسی ایکٹ از نتھنگ بٹ این آئی واش (Tenancy Act is nothing but an eye-wash.)

اس ایکٹ کی وجہ سے ایوکشن (Eviction) میں اضافہ ہوگیا ہے۔
جو غریب کاشتکار ہیں انہیں نہ پولیس مہیا ہوسکتی ہے اور نہ وہ رشوت دیسکتے ہیں۔
نہ وہ کسی کو ڈنڈا بتا سکتے ہیں۔ لیکن بڑے بڑے پٹہ دار آپ کے فورسس سے ملکر
آپ کے قانون کے لیگل کامپلیکیشنس (Legal Complication) پیدا
کرسکتے ہیں وہ برابر کر رہے ہیں اور اب پبلک گورنمنٹ آنے کے بعد یہ واقعات
زیادہ ہوگئے ہیں۔ ٹیننسی ایکٹ کے بارے میں آنریبل اپوزیشن ممبرس نے بہت کچھ کہا
ہے۔ میں اس کے متعلق صرف اتنا ہی کہونگا کہ وہ اس نقطہ نظر کا حامل ہونا چاہئے کہ ایوری
ایکٹ شڈ گیو اگریگیٹ ویلفیر (Every Act should give aggregate welfare)
اب ہوتا یہ ہے کہ کسان غریب بوم مارتا ہے کہ ہم پروٹکٹیڈ ٹیننٹس
(Protected Tenants) ہیں ہمیں کیوں ایوکٹ کیا جارہا ہے ؟ لیکن کوئی نہیں سنتا۔
حیدرآباد میں ٹیننسی ایکٹ میں پروگریسیو ریفارمس (Progressive Reforms)
لانا چاہئے۔ اور جو پرابلم (Problem) ہے اوسکے متعلق انٹرنیشنل ریمڈی
(International Remedy) ہونی چاہئے۔ ہمارا تو آئیڈیل اسٹیٹ (Ideal State)
ہے جہاں ہمیں جمعبندی جیسی چیزیں وراثت میں ملی ہیں جن کو ہم چھوڑنا نہیں
چاہتے۔

صبح میں ہمارے ایک ساتھی نے تہہ بندی کے متعلق کہا ہے۔ جمعبندی کا حال
یہ ہے کہ تالاب میں پانی نہیں ہوتا۔ اسکے باوجود مجبور کیا جاتا ہے کہ اتنی زمین
پر کاشت کی جائے۔ کاشت نہیں ہوسکتی اور آپ مجبور کرتے ہیں کہ کاشت کی جائے۔
یہ ہے آپکی جمعبندی۔

پٹیل پٹواریوں کے بارے میں بہت سے ساتھیوں نے کہا ہے۔ کرپشن دو ہاتھوں
سے ہو رہا ہے اور دوسرا ہاتھ یہ پٹیل پٹواری ہیں۔ اور پہلا ہاتھ بھی جو کرپٹ کرتا
ہے وہ بھی اس دوسرے ہاتھ کے تھرو (Through) کرتا ہے۔ لیوی سسٹم کی
وجہ سے بھی کرپشن میں اضافہ ہوا ہے۔ جب تک لیوی سسٹم میں تبدیلی نہ ہوگی اس
وقت تک وہ بڑھتا ہی جائیگا۔ دوسرے یہ کہ جمعبندی کے سلسلہ میں بھی کرپشن
ہوتا ہے۔ تری کاشت کی جاتی ہے اور ۲۰ روپیے لیکر خشکی کاشت کا عمل کردیا جاتا
ہے۔ ان چیزوں کی اصلاح کی ضرورت ہے آپ اسکی طرف توجہ نہیں کرتے۔۔۔ (Bell)
اسکے علاوہ کچھ کہنا نہیں چاہتا اور نہ کہنے کے پوزیشن میں ہوں کیونکہ ٹائم نہیں
ہے۔ Thank you very much

آپ نے سرخ سویرے کے متعلق کہا ہے۔ کیا ہر روز سویرا سرخ نہیں ہوتا۔
ہاں آپکو سرخ سویرا کیسے نظر آئیگا۔ آنکھوں پر سے وہ عینک جو لگی ہوئی ہے اس
عینک کو نکالنے کی ضرورت ہے۔ اگر اوس عینک کو نکالدیں تو سرخ سویرا نظر آئیگا۔

کواپریشن۔ کواپریشن۔ آپ ہمارا کواپریشن چاہتے ہیں۔ آپکا کواپریشن لپس
(Lips) پر ہے۔ اور ہمارا کواپریشن ہاتھ پر ہے۔ میں نہیں سمجھتا کہ اسکیموں
اپر ضابطوں اور قوانین پر آپ کب اور کس موقع پر عمل کرینگے۔

* ع

شری است رام راؤ (دیورکنڈہ) مسٹر اسپیکر سر - وہ سب آنریبل ممبرس جو ٹریژری دیچس پر بیٹھے ہیں موجودہ قانون کی تعریف کرتے ہیں اور یہ کہتے ہیں کہ ان سے عوام کو فائدہ پہنچتا ہے ان پر کسی کو اعتراض کرنے کی ضرورت نہیں ہے - ہم روز دیکھ رہے ہیں کہ وہ راج پرمکھ کی تعریف اور جاگیرداروں کی طرفداری کرتے ہیں اور عوام سے کہتے ہیں کہ اخلاق کی تعلیم حاصل کرلینی چاہئے شراب بند کرنا چاہئے - اس قسم کی نصیحتیں کی جاتی ہیں - موجودہ معاشی نظام کو ذمہ دار قرار دینے کی بجائے افراد کو ذمہ دار قرار دیتے ہیں - معاشی نظام کو برقرار رکھنے کی ذمہ داری ان پر ہے - ہندوستان اور حیدرآباد میں غلہ کی قلت ہے بیروزگاری کا مسئلہ حل کرنا چاہئے - اس نقطہ نظر سے جانچنے کی ضرورت ہے - اسی نقطہ نظر سے قوانین بنانے کی ضرورت ہے - چند دوستوں نے یہ کہا کہ جاگیرات کو اسلئے ختم نہیں کیا جاسکتا کہ بہت دنوں سے سماج کی خدمت کرتے آئے ہیں - لیکن حقیقت میں جو عوام ایثار کرتے آئے ہیں آپ نے انکا خیال نہیں رکھا - آپ جاگیرداروں کو معاوضہ دینا چاہتے ہیں - آپ ہمارے سامنے ایسے قانون پیش کرتے ہیں جس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچتا - جیسے قانون لگان داری ہے - اس سے درمیانی اشخاص کو جو اکسپلائے ٹیشن (Exploitation) کرتے ہیں انکو فائدہ پہنچتا ہے - کہا جاتا ہے کہ درمیانی اشخاص کو ختم کیا گیا ہے - کیا واقعی یہ چیزیں ختم ہوگئی ہیں - ؟ حقیقت میں کس کو فائدہ پہنچ رہا ہے یہ دیکھنے کی ضرورت ہے - قانون قولداران کو شروع سے آخر تک دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ کوئی خاص فائدہ اس سے نہیں ہوتا - ایکسال کی نوٹس دیکر اسکو بیدخل کیا جاسکتا ہے - مالک اراضی ٦ مہینے ایک سال خاموش بیٹھتے ہیں - قولدار اپنے مالک اراضی کو ١٥ دن میں قول کی رقم ادا نہ کریں تو بیدخل کیا جاسکتا ہے - کیا اس سے اسکی تائید ہوتی ہے کہ درمیانی اشخاص کو ختم کیا گیا ہے ؟ میرا مطلب ان جاگیرداروں سے نہیں ہے جو رسوم یا محصول ادا کرتے ہیں میرا مطلب ان جاگیرداروں یا پٹہ داروں سے ہے جو بیٹھے ہوئے لوٹ کھسوٹ کرتے ہیں - خود کام نہیں کرتے - کہا جاتا ہے کہ بڑے بڑے زمینداروں کو ختم کردیا گیا ہے - قانون میں بتایا گیا ہے کہ جو (٢٠٠) ایکر سے زیادہ اراضی رکھتے ہیں بیدخل نہیں کرسکتے - میں یقین نہیں کرسکتا - میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ ایسے زمیندار جو (٢٠٠) ایکر سے زیادہ زمین رکھتے ہیں اور ذاتی کاشت نہیں کرسکتے دوسروں کو شریک کرتے ہیں انکے ہلوں اور اپنے ہلوں کو ملا کر کاشت کرتے ہیں - درمیانی آدمی (مڈل مین) کو ختم کرنے کا آپ کا ارادہ نہیں ہے - مڈل مین (Middleman) وہ ہے جو لوگوں کی دولت کو لوٹے ہوئے بیٹھا ہے - غریب آدمی جو محنت کرنے والے ہیں وہ آپ کے قانون سے خوش نہیں ہیں مزدور آپکے قانون سے خوش نہیں ہیں - بڑھی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے متوسط لوگ بھی خوش نہیں ہیں - جاگیرداروں سے آپکو محبت ہے - آپ نے عوام کو دھوکہ دیا ہے اگر آئندہ بھی اسطرح دھوکہ دیں تو ایک نسل تیار ہوگی جو آپکو بھی لوٹنے کیلئے تیار ہوجائیگی - اب بھی وقت ہے عوام کی خدمت کرنے کا - جو قانون آپ بنائینگے اس میں عوام کی بھلائی کا خیال رکھنا چاہئے - یہ میری گزارش ہے - امید کہ میرے الفاظ کی طرف توجہ کی جائیگی اور قانون لگان داری وغیرہ میں ترمیم کی جائیگی -

श्री गोविंद राव मोरे(कधार) मिस्टर स्पीकर, सर, चद दोस्तो को गलत फहमी पैदा हो रही है। चद ऑनरेबल मेम्बर्स ने कहा कि पटेल पटवारियो को तनखा व रुसूम मुकर्र करना हमारा काम नही है और यह भी कहा गया कि देशमुखो के रुसूम को अब अेक करज बद कर दिया जाना चाहिये। मै अिस की वजाहत करुगा कि अुन्हे रुसूम किस लिये दिया गया है। कुछ खिदमत अजाम दी गअी है, जिसके सिले मे अिनकी नसल और अिनके बाल बच्चो को रुसूम दिया जाता है। यह कहा जा रहा है की वह अेक्वख्त बद होनाचाहिये। फिरभी मै कहुगा कि अिसको अेक साल मे या अिसी साल बद नही कर सकते। छान बीन करना चाहिये कि किस तरह अिस रुसूम और दस्तबद को कम किया जासकता है। अिस साल कट मोशन को नामजूर करना पडेगा। मै विश्वास दिलाता हू कि यह चीज आयदा साल के बजेट मे न रहेगी। दूसरी चीज यह है कि टेनन्सी अॅक्ट के बारे मे बहुत सी बाते कही गअी है। कहाजाता है की हमारे मुल्क की सब से बडी बदकिस्मती टेनन्सी अॅक्ट है। यह भी कहा गया है कि पटेल पटवारी रुश्वत लेते है। क्यो कि अिनकी तनख्वा बहुत कम है। वह रुसूम पाते है। अिनके नाम जमीनात है। अिनका हिसाब लगाया जाय तो वह तनख्वा से जियादा होता है। पटेल पटवारियो को वतनदारी के सिस्टिम को अेक्लख्त बद करना चाहिये। आपको जमीनात के मुताल्लुक अेक अुसूल तयार करना चाहिये। जैसा कि लॅड टु दी टिलर (Land to the tiller) अेक अुसूल है। यह अलग बात है कि होल्डिग क्या होनी चाहिये। जमीन अपने माअशी हालात की अिसलाह और जिंदगी बसर करने की गर्जसे होनी चाहिये। अिस मे नफा खोरी नही बल्कि जिंदा रहने की खातिर किसकदर बेसिक होल्डिग (Basic Holding) हो यह मुकर्रर करना चाहिये। चार भाअी अेक जगाह हो तो बेसिक होल्डिग की मजमुअी मिकदार किस कदर हो यहभी मुकर्र होना चाहिये। अिसके अलावा अगर कोअी व्यक्ती अपना पेशा छोड कर जिराअत करना चाहे, मस्लन मै वकालत करता हू और अगर मै वकालत छोड कर जिराअत करना चाहू तो अिस कानून की रुसे यह सहूलत भी रहनी चाहिये। अगर मै जिराअत करना चाहू तो मुझे जमीन मिलनी चाहिये। बडे बडे जमीनदारो से जमीन लेकर तकसीम करने मे कोअी फायदा नही। बल्कि हम को चाहिये कि कोऑपरेटिव्ह फॉरमिग (Co-operative farming) बनाये। लेकिन गवर्नमेंट अिस तरफ ठीक तरह से खियाल नही दे रही है। अगर हम को लोकशाही बनाना है तो वतनदारी के सिस्टिम को खतम करना चाहिये। रुसूम खतम करना चाहिये। अगर अैसा किया जाय तो हम को अितमिनान होगा कि हम कुछ काम कर रहे है।

شری جے-رام ریڈی - (برسانور) مسٹر اسپیکر سر - قولداری کے قانون سے متعلق اب تک ایوریس کی جانب سے جتنی بحثیں ہوئی ہیں ان میں کہا گیا کہ اس سے رعایا کو بجائے فائدے کے نقصان ہوا - میں اس پر ایک کاستکار کی حیثیت سے کچھ عرض کرونگا اس قانون کے دفعہ ۳۸ میں یہ بتایا گیا ہے کہ کونسا قولدار محفوظ کاستکار ہے - انکے حقوق کیا ہیں - جو محفوظ کاستکار ہیں انہیں حق ہے کہ وہ پٹہ دار سے اراضی مناسب قیمت پر خرید لیں - اگر کسی محفوظ کاشتکار کو پٹہ دار یا کوئی اور شخص بے دخل کرتے تو اس کے لئے بھی قوی چارہ کار رکھا گیا ہے - تحصیل میں معمولی رسوم کے ساتھ درخواست دیتے پر وہاں سے داد رسی حاصل کی جاسکتی ہے - چنانچہ ایسی کارروائیوں کا تصفیہ ہوا ہے - ہماری حکومت نے ایسی کارروائیوں کا عاجلانہ تصفیہ کرنے کے لئے بھی احکامات جاری کئے ہیں - یہ کہنا کہ ٹیننسی ایکٹ نافذ ہونے کے بعد پٹہ دار ٹیننٹس کو بے دخل کر رہے ہیں غلط ہے - اگر ایسا ہوا ہے تو وہ عدالت میں رجوع ہوسکتے

ہیں ۔ اگر کوئی شخص اپنے حق کےلئے حکومت کے پاس رجوع نہیں ہوتا ہے تو اس میں حکومت کا کیا قصور ہے ؟ ایسا واقعہ ہو تو تحصیلدار کے پاس درخواست پیش کی جاسکتی ہے ۔ اگر وہاں سے کارروائی میں نا انصافی محسوس ہو تو عدالت میں ضروری چارہ کار اختیار کرسکتے ہیں ۔ اگر ایسا نہیں کرتے تو اس میں حکومت کا کیا دوش ہے ؟ اس قسم کی درخواستیں متعلقہ دفتر میں پیش کی جاسکتی ہیں ۔

شری پا بی ریڈی ۔آنریبل ممبر بحیثیت کاشتکار یہ کہہ رہے ہیں یا قولدار کی حیثیت سے۔

Mr. Speaker : Not Necessary

شری جے ۔رام ریڈی ۔ میں مختصر طور پر کہکر اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔ بہت سے آنریبل ممبرس نے اعتراض کیا کہ محفوظ کاشتکار کا صداقت نامہ دینے کے بعد اس سے کوئی فائدہ نہیں ہوتا ۔ مگر میں یہ کہونگا کہ اس میں غلطی کس کی ہے ۔ اگر کسی محفوظ کاشتکار کو کوئی بیدخل کرنے کی کوشش کرے تو تحصیل سے داد رسی حاصل کی جاسکتی ہے اگر وہ کاشتکار حکومت کی مدد نہ لینا چاہے تو ایسی صورت میں حکومت کیا کرے ۔ ؟ ٹیننسی ایکٹ میں صرف دفعہ ۴۴ ہی ایسا ہے جسکے لحاظ سے پٹہ دار کو حق دیا گیا ہے کہ پروٹیکٹڈ ٹیننٹ سے ذاتی کاشت کےلئے زمین لے ۔ معاشی مقبوضہ کے تعلق سے کہا گیا کہ ۲۰ ایکر یا ۳۰ ایکر فی شخص دینا چاہئے ۔ یہ صحیح نہوگا ۔ دیکھنا یہ ہوگا کہ اس کا کسہ کس قدر ہے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ جس وقت ٹیننسی ایکٹ آئیگا اس وقت یہ بحث تفصیل سے کی جاسکتی ہے ۔

شری جے ۔ رام ریڈی ۔ اپوزیشن بنچس کی جانب سے یہ بحث کی گئی اس لئے میں نے اس کا ذکر کیا ۔

یہ کہا گیا کہ درخواستیں دی جاتی ہیں تو کچھ جواب نہیں دیا جاتا ۔ یہ غلط ہے ۔ درخواست کی رسید دی جاتی ہے ۔ ۱۵ دن کے اندر جواب نہ آئے پر آپ توجہ دلاسکتے ہیں ۔ رشوت کے متعلق بھی کہا گیا ۔ لیکن اس میں عوام پر بھی تو ذمہ داری ہے اس لئے کہ رشوت دینے والے عوام ہیں ۔ میں کہونگا کہ جتنی ترمیمات ہیں وہ واپس لئے جانے کے قابل ہیں ۔ ہم کو ابھی موقع نہیں ملا ہے کہ اپنے انتظامات پورے کرسکیں اس لئے ہم رعایت کی امید کرسکتے ہیں ۔

شری گوپی ڈی گنگا ریڈی (نرمل ۔ عام) ۲۰ مرتبہ اٹھنے بیٹھنے کے بعد اب خوش قسمتی سے مجھے موقع ملا ہے ۔ وہ بھی ۳ ۔ ۴ منٹ کا ۔ ماتیہ سدشیہ سبھا سے یہ کہونگا کہ بجٹ پر دو چار دن سے یہاں شور مچایا جا رہا ہے ۔ کیا بات ہے معلوم نہیں ۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ بجٹ نہیں سنکٹ ہے ۔ اس سے پہلے ایک شاہی راج تھا وہ جاکر اب دیش میں لوک شاہی راج آیا ۔ جنتا سمجھتی تھی کہ کلیان ہوگا ۔ مجھے ایک کسان کی کہانی یاد آتی ہے ۔ ایک کسان کے پاس ایک بھینس تھی جو ایک شاہی کی طرح بانجھ تھی ۔ وہ کسان پریشان تھا کہ اگر یہ بھینس بچھڑا دے تو دودھ ملیگا اور بچھڑا

کام آئیگا - اس نے بہت کوشش کی کہ کسی طرح اسکو ٹھیک کرے - ایشور کی کرپا سے وہ بانجھ بھیس بدل گئی - دوسری بھیس لوک ساھی کی جیسی اسکے پاس آ گئی - کسان بہت خوش تھا - اور سمجھتا تھا کہ بھیس کو بچھڑا پیدا ہوگا اور اسے دودھ ملیگا - اور دودھ پی کر سب خوش و خرم رھینگے - مگر بدقسمتی سے ایسا ھوا بھیس جسے بھی نہ پائی تھی کہ گربھ پات ھوگئی - اسی طرح بجٹ کا جھگڑا ھو رھا ھے - کل ھی ایک آنریبل لیڈی ممبر نے کہا کہ ہمارے منسٹر جو بجٹ لائے ھیں وہ جاگیرداروں اور زمینداروں کے ووٹ سے نہیں آئے ھیں - جنتا نے انہیں اپنا ووٹ دیکر ذمہ داری دی ھے - اب وھی جنتا کو دبا نے کی کوشش کررھے ھیں - مجھے ایک کہانی یاد آتی ھے - بھسما سورسنکرجی کے چیلے تھے - انہوں نے بھولا سنکر جی کی بھگتی کی اور انکے سامنے بہت تپسیا کی - اس سے شنکر بھی بہت پرسن (प्रसन्न) ھوئے - اور بھسما سور سے کہا کہ ور مانگ - بھسما سور نے کہا میں کیول یہ چاھتا ھوں کہ میں جس پر اپنا ھاتھ رکھوں وہ بھسم ھو جائے - سنکر جی نے کہا " تتھاستو " - اب کیا تھا بھسما سور نے سنکرجی کے سر پر ھی ھاتھ رکھنا چاھا - شنکر جی کی دھوتی کھلگئی وہ بھاگنے لگے - انہیں کلیان کا یہ کارن ملا - میں آپ کو کیول یہ بتانا چاھتا ھوں کہ وہ کلیان کرکے کسطرح پریشان ھوئے - اسی طرح جنتا کو بھی اپنا ووٹ دیکر اور آپ پر بھروسہ کرنے کے بعد آج پریشان ھونا پڑا - آپ نے کسطرح ور علاکر جنتا سے ووٹ حاصل کیا ھے ھم جانتے ھیں - جب منتری جی دورہ کرتے ھیں تو پٹیل پٹوار یوں کو پریشانی رھتی ھے - نرمل میں جب پوچھیے منتری آئے تو وھاں ھرگرداور کو ۲۰ - ۲۰ روپیہ دینے پڑے - خود منسٹر ڈاکٹر جیا ریڈی جب وھاں سے گزرے ھیں تو انکے دورے میں یہ واقعہ ھوا ھے - جب کوئی سکریٹری صاحب سکار کھیلنے کےلئے جاتے ھیں تو جنگل کے جنگل صاف ھو جاتے ھیں - عہدہ داروں کے گھر ناٹ اور بھانسوں سے بھر جاتے ھیں - یہ سب مصیبت بیچارے پٹیل پٹواروں کی جان پر ھے -

مسٹر اسپیکر - آپ کا وقت ختم ھوچکا ھے -

شری گوپی ڈی گنگا ریڈی - میں صرف ایک منٹ چاھتا ھوں -

یہ دیکھیئے کہ آخر ان پٹیل پٹواریوں کو اسکیل بھی آپ کیا دیتے ھیں - بعض ان میں سے ایسے ھیں جنھیں سالانہ ۱۸ روپیہ یا ۲۰ روپیہ اسکیل ملتا ھے - بوتھ میں تو ایک کو ساڑھے سات روپیہ اسکیل ھے - وہ کیا سیوا کرسکتا ھے - آپ ان بیچاروں کے کام کی شکایت کرتے ھیں - مولداروں کے قانون کے متعلق میں کچھ کہنا چاھتا تھا لیکن ایک منٹ میں میں کیا کہہ سکتا ھوں اسلئے اگر پھر کبھی موقع مل جائے تو مجھے آشا ھے کہ میں کچھ کہونگا - اب تو ختم کرتا ھوں -

శ్రీ యస్. యల్ శాస్త్రి (బోధన్)

అధ్యక్ష మహాశయా,

నిన్న ఈ రోజున బడ్జెటును గురించి చాలా చర్చలు జరిగాయి. ఈ రోజున కొత్తటిర్మా నాలుకూడా ప్రవేశపెట్టబడ్డాయి ఈ కొత్తటిర్మానాలు నిజంగా బడ్జెటులో వచ్చిన లోపాన్ని

ఖర్చుచేస్తున్నాము విషయం ఆలోచించవలసి యున్నది చాలామంది గౌరవసభ్యులు సలహాలు ఇచ్చారు గాని ఆ సలహాలు నిజంగా ఆచరణలో పెట్టవలసి వచ్చినపుడు, కష్టము, సుఖము కూడా ఆలోచించవలసియున్నది వారు చెప్పినదేమంటే పటేలు, పట్వారీలకు జీతాలు ఏర్పాటు చేయాలన్నారు వతనుగా వస్తున్న ఏర్పాట్లు ఆపివేయుటకు ఆ విషయమై ఆలోచించిచేయుటకై కొంత టైము పడుతుంది రెండవది పైనుంచివచ్చిన ఆఫీసర్లు ఎవరైతే వున్నారో వారిని తొందరగా పంపివేయాలని చెప్పారు ఇదివరకే పై ఆఫీసర్లందరు వెళ్ళిపోయారని గుర్తించు కోవాలి మిగతవారు కొద్ది రోజుల్లో వెళ్ళిపోతారని చీఫ్‌మినిస్టరుగారు చెప్పియున్నారు ఇంతేగాకుండా గోర్వాలా కమిటీ చేసిన సిఫారసు ప్రకారం ఎంతవరకైతే ఖర్చులు తగ్గించుకొన్నామో చెప్పవలసినదన్నారు గోర్వాలా కమిటీ సిఫారసు ప్రకారం ఇదివరకే మన ప్రభుత్వంలో సగం వంతుకు పైగా ఖర్చు తగ్గించి యున్నారు కూడాను మిగతా ఖర్చులు కూడాను కొద్ది రోజులలో మనమంతా సమావేశమై కూర్చొని మనం ఎందునిమిత్తమైతే ఇక్కడికి వచ్చామో ఆవిషయం ఆలోచించి కోఆపరేషన్ (Co-operation)తో పనిచేసినట్లయితే ఖర్చులు తగ్గించుకోవడానికి అనుకూలంగా ఉంటుంది

రెండవది, ౨౨ వేల రూపాయలు పటేలు, పట్వారీల జీతంకోసం ఖర్చుపెడుతున్నప్పుడు ఒక్కొక్కరికి రు ౨౫-లు లేక రు ౩౦-లు చొ జీతం ఇవ్వవలసివచ్చో ఇప్పటికంటే ఇంకా ఎక్కువగా బడ్జెటులో ఖర్చు చూపవలసి యుండును ఇది చాలాకష్టము

లెసెన్సీ విషయంలో భూముల విషయంలో బేదఖలు చేస్తున్నమాట నిజమే గాని చాలా చోట్ల కాంగ్రెసు కమిటీలు, కార్యకర్తలు, దానిలో పాలుతీసుకొని అటువంటి శికాయతులను దూరం చేస్తున్నారు ఆవిధంగా నిజామాబాదులో శికాయతులువస్తే దూరము చేశాము ఇటువంటి విషయాలన్నీ మనమంతా కూర్చొని సహకారముతో పనిచేయవలసి యున్నది మనం ఇక్కడ రామరాజ్యం ఏర్పాటు చేస్తామని చేరాము దీనికి అందరి కోఆపరేషన్ ఉంటేనేచేయగలము

మన గవర్నమెంటును ఏ విధంగా నడపించాలో మీరూ, మేము కలిసి పనిచేస్తే చాలా శ్రేయస్కరముగా నడిపెదమని నేను చెబుతూ విరమించుచున్నాను

శ్రీ వెంకటరెడ్డి—(సుల్తానాపూర్) .

అధ్యక్ష మహాశయా,

ముఖ్యంగా ఒక చిన్న విషయం చెప్పదలచుకొన్నాను. అది ఏమిటంటే లెసెన్సీయాక్టు ను గురించి గౌరవసభ్యులు ఎందరో విపులీకరంగా మాట్లాడి యున్నారు. దానిని గురించి ఒకటి రెండు విషయాలు మీ ముందు పెట్టబోతున్నాను. కరీంనగరు డిస్ట్రిక్టులో మానికొండూరు అనే గ్రామంలో సదాశివరావు అనే దొర, దేశముఖ్ ఉన్నాడు అదే గ్రామంలో జబ్బార్‌ఖాను అను ఒక శ్రీమంతుడు ఉన్నాడు. ఈ సదాశివరావు దొరగారికి ఆ మానికొండూరుగ్రామంలో రెండు కొలవల క్రింద భూములున్నాయి ఒక కొలవ ప్రక్కన భూములు తమ తాతలనుండి కూడా కౌలుకు దున్నేవారు. అయితే పోలీసుయాక్షన్ తరువాత ఆ దొరగారు ప్రభుత్వ సహాయము తీసికొని బేదఖలు సాగించాడు. ఆ రైతులు ౨౪ గంటలు కష్టముచేసి భూమిని దున్నుకు బ్రతికేవారు కోర్టులో పెంఖర్చునూ చేసుకొనుటకు డబ్బులేదు. ఆ మహారాజశ్రీగారు వాళ్ళను బాధలు పెడుతూ బేదఖలుకు కావలసిన చర్యలు జరిపారు. పోలీసులను తాకీలమీద తీసుకువెళ్ళి ధాన్యాన్ని

జప్తు చేయించి పెట్టాడు కోర్టు ఏమీ తీర్పు చేయలేదు రైతులవద్ద డబ్బులేదు ఆ మహారాజా నానాఅవస్థలు పెడుతున్నారు ఆ రైతులమధ్య చీలికలు తెచ్చాడు ఇది అంతా ప్రభుత్వాధికారుల సహాయంతో జరుగుతోంది జబ్బారుఖానుకు అలగనూరుతో ఒక కాలవవుంది మానేటి ఒడ్డున ౮౫ ఎకరాల భూమి ఉంది దానిని ౨౫ సంవత్సరాలనుండి అలగనూరురైతులు పాలుకుదున్నేవారు అటువంటి భూమిని పోలీసు యాక్షన్ తరువాత ఈ నాలుగు సంవత్సరాలనుంచి బేదఖలు చేయించి నానా ఇబ్బందులు పెట్టుచున్నారు ఆ రైతులను ఈ ప్రకారంగా ఇబ్బందులు పెడుతూంటే ప్రభుత్వ అధికారులు, కలెక్టర్లు, తహాశీలుదార్లు ఎవరైనా ఆ మహారాజాకే తోడ్పడుచున్నారు బీదరైతులకు ఏమాత్రము తోడ్పడుట లేదు నేను ముఖ్యమంత్రితో మనవిచేసేదేమిటంటే అక్కడి రైతులకు ముఖ్య ఆధారము ఆ పాలాలు తప్ప వేరే ఆస్తి ఏమీ లేదు అటువంటి విషయమ్లో ప్రభుత్వము వెంటనే తగిన చర్య తీసుకోవాలని నేను కోరుచున్నాను రామనగరంలో వెంకట మాధవరావుగారు పద్మసాలీలు అక్కడ ౨౦ సంవత్సరములనుండి దున్నేవారిని గత సంవత్సరము నుండి బేదఖలు చేయించారు రామవరం గ్రామంలో నందారం రైతులను బేదఖలు చేయించారు నిన్న మన ముఖ్య మంత్రిగారు మాట్లాడుతూ ఈ పామపక్షీయులు ఎప్పుడూ చీకట్లోనే చూస్తారు అందుచేత వీరికి వెలుగు కిరణాలు దొరకవని అన్నారు గాని చీకట్లోగూడా దొరకుతాయి ఏలాగంటే నీటిలో అగ్నివుండదని అందరికీ తెలుసు కాని తెలివిగలవాళ్ళు నీటినుంచి అగ్నిని తయారు చేయగలరు అల్లాగే చీకటిలో కూడా వెలుగును వెలిగించుకోవచ్చును ఈ రైతుల బాధలను తొలగించుమని కోరుచూ నేను ఇంతటితో సమాప్తము చేస్తాను

مسٹر اسپیکر - ۶ بجکر ۱۰ منٹ ہوئے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ کافی ارکان کو موقع دیا جا چکا ہے -

شریمتی معصومہ بیگم (شاہ علی بنڈہ) - میں ہاسپیٹالٹی (Hospitality) کے بارے میں کچھ کہنا چاہتی ہوں - گورنمنٹ ہاسپٹالٹی کے بارے میں جو کٹ موشن پیش کیا گیا ہے اسکے بارے میں کوئی لمبی چوڑی تقریر تو نہیں کرونگی البتہ چند پوائنٹس بیان کرنا چاہتی ہوں - ہندوستان بالعموم اور حیدرآباد بالخصوص اپنی مہمان نوازی کے لئے قدیم زمانہ سے مشہور ہے پہلے کی طرح تو ہم مہمان نوازی اب کر ہی نہیں سکتے اور اسی کے مد نظر بہت کچھ کمی بھی ہو گئی ہے لیکن سر برآوردہ مہمان اور مشاہیر جو باہر سے آتے ہیں انکی مہمان نوازی بہت ضروری ہے چنانچہ گورنمنٹ آف انڈیا نے اس مقصد کے لئے ایک ٹورسٹ بیورو (Tourist Bureau) قائم کیا ہے تاکہ مہمانوں کو ہر طرح کی سہولتیں بہم پہنچائی جائیں - چنانچہ حال ہی میں جو چینیز کلچرل ڈلیگیشن (Chinese Cultural Delegation) ہمارے پاس آیا تھا اسکو ہندوستان کا دورہ کرانے میں کافی صرفہ ہوا انڈین کلچرل ڈلیگیشن (Indian Cultural Delegation) جو چینا سے واپس ہوا ہے اس سے پوچھئے کہ چینا کی عوامی حکومت نے کیسی مہمان داری کی - وفد کے ایک رکن کے بیمار ہو جانے پر انہوں نے انکی تیمارداری کے سارے اخراجات برداشت کئے اور ایک ڈاکٹر کو انکے ساتھ رکھا گیا - ہر ایک کے لئے ایک موٹر دیگئی تھی اور یہی نہیں بلکہ ہمارے ڈیلیگیٹس کے کمروں میں اتنے تحفے جمع ہو گئے تھے کہ ایک انبار لگ گیا تھا - اس سے معلوم ہوتا ہے کہ چین کی عوامی حکومت نے ان اخراجات کو

ناجائز اور غیر ضروری قرار نہیں دیا ۔ اور جو چیزوں میں جب چین کی سال بار بار دیگئی تو کیوں یہاں اسکی نظیر پیش نہیں کیجاتی ۔ میں آنریبل ممبروں سے جو ہاوز کے اس جانب سے کو آنریبس کا اعلان کررہے تھے ان سے یہ درخواست کرونگی کہ اپنے کو آپ پش کا عملی ثبوت دیں اور صدرالمہام مال کی کوشش اور نیک نیتی کا خیال اور لحاظ کر کے اس بجٹ کو منظور کرلیں۔

شری سید حسن ۔ مسٹر اسپیکر ۔ گذشتہ مرتبہ میں نے اپنی تقریر میں ایوان کے آداب سے متعلق چند باتیں کہی تھیں ۔ لیکن میں محسوس کر رہا ہوں کہ آنریبل چیف منسٹر ایوان کے آداب کا لحاظ نہیں کرتے اور آنریبل ممبرس آف دی اپوزیشن کے متعلق " شرم نہیں آتی " "گستاخی کرنا " وغیرہ جیسے الفاظ استعمال کرتے ہیں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ یہ کٹ موشن سے متعلق نہیں ہے ۔

شری سید حسن ۔ چونکہ یہ کنونشن بنتا جا رہا ہے اسلئے میں اس کا تذکرہ پہلے کرنا ضروری خیال کرتا ہوں اور آپ سے درخواست کرونگا کہ آنریبل چیف منسٹر کو اس بارے میں توجہ دلائیں ۔

سکیولریزم میں کمیونل اسپرٹ (Communal Spirit) کا کارفرما ہونا ۔ یہی میرے کٹ موشن کا موضوع بحث ہے ۔ پولیس ایکشن کا کیا مقصد تھا اور اسکے بعد کیا ہونا چاہئے اسپر میں ہاؤس کے سامنے اپنے خیالات پیش کرونگا ۔ پولیس ایکشن کا مقصد تھا کہ فرقہ واریت کو ختم کیا جائے ۔ سرمایہ دارانہ نظام کو ختم کیا جائے جاگیر دارانہ نظام کو ختم کیا جائے اور عوامی حکومت قائم کی جائے لیکن آج ہم دیکھتے ہیں کہ اسکے خلاف عمل ہو رہا ہے ۔ کئی انسانوں کو رضا کاروں کے نام پر ختم کیا جا رہا ہے جو کہ بالکل بے گناہ ہیں ۔ یقیناً سابقہ حکومت میں برے لوگ تھے لیکن اسکی ذمہ داری ان معصوم لوگوں پر ٹھوسی جا رہی ہے اور ان سے بدلہ لیا جا رہا ہے۔ عثمان آباد بیدر اور ایسے بہت سے اضلاع ہیں کہ جنکا دورہ کرنے کے بعد گاندھی جی کے پہلے بھگت پنڈت سندر لعل جی نے کہا کہ کیا مجھے وہاں نعشیں دیکھنے کے لئے بھیجا گیا تھا ۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ وہاں ۱۴ سال سے زیادہ عمر کا کوئی لڑکا تک نظر نہیں آیا ۔ یہ سلوک جو میناریٹی کمیونٹی کے ساتھ کیا جا رہا ہے وہ قابل غور ہے ۔ میں حکومت سے اپیل کرونگا کہ وہ اسکا فوراً انسداد کرے ۔

مسٹر اسپیکر ۔ پولیس ایکشن کے تعلق سے بحث کا اب کوئی موقع نہیں ہے ۔

شری سید حسن ۔ میں اسبات کو بیک گرونڈ (Background) میں بتانا ضروری خیال کرتا ہوں کہ ہزاروں معصوم بچے یتیم ہوگئے اور ہزاروں عورتیں بیوہ ہوگئیں جن کا اب کوئی سہارا نہیں ہے ۔ فینانس سکریٹری کی والدہ کے وظیفہ کی کارروائی فوراً کی جاتی ہے اور جو مراعات انہیں دئے گئے ہیں وہ دوسروں کو نہیں دئے جاتے ۔ غریب پریشان حال ہوکر فینانس ڈپارٹمنٹ کے چکر کاٹتے ہیں اور انکی کلروائیوں پر غور نہیں کیا جاتا ۔ میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ حکومت اسبارے میں کیا کر رہی ہے؟

چیف منسٹر اسکو '' بلڈلس آپریشن '' (Bloodless operation) کہتے ہیں ۔
کیا پنڈت سدر لعل جی کے بیان کو صحیح تسلیم کیا جائے یا آنریبل چیف منسٹر کے بیان کو ؟

اب میں دوسری چیز کے متعلق عرض کرنا چاہتا ہوں ۔ وہ یہ ہے کہ ۳۱ ۔ آدریے قبل لوگوں کو ملازمتوں پر رجوع ہونے کی نوٹس دیگئی ۔ لیکن جو لوگ ۲۸ ۔ آدریے بھی پہلے حاضر ہوئے انہیں رجوع نہیں کیا گیا اور سٹر سے ہماری آرمی کا تعلق ہونے کے باعث ہماری آرمڈ پولیس کے لوگوں کو ہٹا دیا گیا ۔ حالانکہ ان کے تجربہ سے فائدہ ہوسکتا تھا ۔ لیکن افسوس ہے کہ حکومت نے اس کا خیال نہیں کیا ۔ میں حکومت کو اس طرف رجوع کرتا ہوں کہ میناریٹی کمیونٹی کو ستایا جا رہا ہے اور جو بے سہارا لوگ ہیں ان کے ری ہیبلیٹیشن کی طرف کوئی توجہ نہیں کی جاتی ۔ قانون کا منشاء یہ ہوتا ہے کہ قانون بننے کے بعد اوس کا امپلیمنٹیشن ہو ۔ لیکن کانسٹی ٹیوشن کا نفاذ ہونے کے پہلے ہی یہ طے کیا گیا کہ میناریٹی کمیونٹی کے لوگوں کو ملازمتوں میں ½ ۱۲ فیصد ملازمتیں دیجائیں ۔ جو لوگ پہلے سے ملازمتوں میں ہیں یعنی میناریٹی کمیونٹی کے لوگ اون کو ہٹایا نہیں جاسکتا البتہ ان کے جدید تقرات اس وقت تک نہیں ہوسکتے جب تک کہ ریشو (Ratio) برابر نہیں ہو جاتا ۔ لیکن ایسا نہیں کیا گیا ۔ بلکہ مختلف بہانوں سے اور مختلف طریقوں سے ان لوگوں کو ہٹا دیا گیا ۔ ان پر الزامات لگائے گئے اور مقدمات چلائے گئے ۔ لیکن دو تین برس کے بعد بغیر کارروائی مقدمات کو واپس لے لیا گیا ۔ جب وہ لوگ باعزت بری ہو گئے تھے اور ان کے خلاف الزام نہیں تھا تو حکومت کا فرض تھا کہ وہ ان کو ملازمتوں پر واپس لیتی ۔ لیکن حکومت نے ایسا نہیں کیا ۔ حالانکہ حکومت کا دعوی ہے کہ وہ سیکولریزم پر عمل کر رہی ہے ۔ اسکے ساتھ ساتھ میں عرض کرونگا کہ تعلیم میں بھی میناریٹی کمیونٹی کے ساتھ بڑا ظلم ہوا ہے ۔ اور مختلف طریقوں سے زباندانی وغیرہ کے سلسلہ میں انہیں ہٹادیا گیا ۔ ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ انہیں نوٹس دیجاتی کہ وہ زبان سیکھیں لیکن انہیں یک دم ہٹادیا گیا ۔ اور ایسی نادار طالبات جنکو سواریاں مہیا تھیں وہ بند کر دیگئیں ۔ انکی فیسیں بڑھا دیگئیں ۔ اور جو تعلیمی سہولتیں تھیں ختم کردیگئیں ۔ اب یہ کہا جا رہا ہے کہ شہر میں جو آرٹس اینڈ کرافٹس (Arts and Crafts) کا اسکول ہے اسے سکندرآباد کو منتقل کیا جائے ۔ گویا اب جو سینکڑوں بچے تعلیم حاصل کرتے ہیں وہ محروم ہو جائنگے ۔ میں اس سلسلہ میں ایک اور بات یہ کہنا چاہتا ہوں کہ سی ۔ آئی ۔ ڈی کے جو نائب کوتوال ہیں ان سے جب میناریٹی کمیونٹی کے لوگ ملنے جاتے ہیں تو کہتے ہیں کہ پاکستان میں تمہارا مقام ہے ۔ پاکستان جاؤ ۔ تو میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا ہندوستان میں ہمارے لئے کوئی جگہ نہیں ؟ کیا ہم ہندوستان میں مساوی حقوق کے حقدار نہیں ؟ میں نہیں سمجھتا کہ کانسٹی ٹیوشن یا کسی بین الاقوامی قانون کے تحت ہمیں جانے پر مجبور کیا جاسکتا ہے ۔ میں حکومت سے یہ خواہش کرونگا کہ وہ ایسے عہدہ داروں کو سختی سے سخت سزائیں دے ۔ اور اغواشدہ عورتوں (Abducted Women) کو ان کے متعلقہ لوگوں کے پاس بھیجنے کا مناسب انتظام کرے ۔

شری بی - رام کشن راؤ- مسٹر اسپیکر سر- کٹ موشنس پر بحثیں ہوئیں - دونوں جانب سے - مختلف آنریبل ممبرس نے اپنے خیالات کا اظہار فرمایا میں بھی ان لوگوں میں سے ہوں جو ڈیموکریسی میں عقیدہ رکھتے ہیں - میں ان تمام بحثوں کا سواگت کرتا ہوں۔ میں جانتا ہوں کہ جب اپوزیشن کی جانب سے کٹ موشن پیش ہوتا ہے یا بحث کے بارے میں بحث ہوتی ہے تو تلخ الفاظ یا ترش الفاظ استعمال ہوا کرتے ہیں - اور اس طرح ممکن ہے کہ کبھی جواب دینے میں ترش الفاظ کا استعمال لازمی ہو جاتا ہے- ہوسکتا ہے کہ میں نے بھی کچھ ترش الفاظ استعمال کئے ہوں ۲۶ سال میں نے وکالت کی ہے - وکالت کی بحث میں ترش الفاظ کا استعمال جیسا کہ سمجھا جا رہا ہے کبھی کبھی ہوتا ہے - اور مجھے اسکی عادت ہے - کبھی کبھی میں بحث کے لئے کھڑا ہوتا ہوں تو یقیناً ایسے موقع پر ترش الفاظ میں نے بھی ممکن ہے استعمال کئے ہوں اور انکا استعمال کرنا جائز ہے -

مسٹر اسپیکر- بہ شرطیکہ ان پارلیمنٹری نہ ہوں -

شری بی - رام کشن راؤ- بہ شرطیکہ ان پارلیمنٹری نہ ہوں - اسکو میں قبول کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ میں نے کوئی ان پارلیمنٹری لفظ کم ازکم اس اسمبلی ہال میں استعمال نہیں کیا - ہوسکتا ہے کہ پھر بھی کچھ کہا ہو -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا جھوٹ کا لفظ ان پارلیمنٹری نہیں ہے ؟

شری بی - رام کشن راؤ - یہ لفظ لائی (Lie) کے معنوں میں آتا ہے - اور لائی ان پارلیمنٹری نہیں ہے- میں ایک لفظ بھول رہا ہوں غالباً اسے پارلیمنٹری زبان میں ٹرمینولاجیکل ان اکزاکٹیٹیوڈ (Terminological Inexactitude) کہا جاتا ہے- لیکن مجھے یہ کہنے کی اجازت ہوتو میں کہونگا کہ جب میں محسوس کرتا ہوں کہ ایک بے بنیاد واقعہ کا الیگیشن کیا جا رہا ہے جس کو میں کم ازکم بالکل جھوٹ سمجھتا ہوں تو ایسا کہنا ان پارلیمنٹری نہیں ہے - جہاں اس قسم کی بے بنیاد چیزوں کا اعادہ ضرورت سے زیادہ کیا جاتا ہے وہاں پر میں بھی مشتعل ہو جاتا ہوں اور مجھے بھی کہنے کی ضرورت پڑتی ہے- اگر کئی سچائیوں میں ایک جھوٹ ہو تو اس سے کوئی اثر نہیں لیا جاسکتا - لیکن اگر اس کا پرسنٹیج زیادہ ہوتو اسکا جواب دیتے ہوئے مجھے بھی مشتعل ہوکر کچھ کہنا پڑتا ہے - قبل اسکے کہ اسکو سیریلی (Serially)طریقہ کے لحاظ سے لوں میں یہ کہونگا کہ ان کٹ موشنس میں بہت کچھ غلط فہمیاں کام کر رہی ہیں۔اسکی وضاحت کرنے میں مجھے کچھ زیادہ ٹائم کی ضرورت ہوگی - کٹ موشنس لینے کے پہلے سب سے آخر میں جن آنریبل ممبر نے تقریر کی اور سیکولر ازم کے بارے میں اعتراض کیا ہے سب سے پہلے اس کا جواب دینا ضروری سمجھتا ہوں - میں نہایت پرزور طریقہ پر انکی تردید کرتا ہوں کہ حیدرآباد کی گورنمنٹ سیکولرزم کے اصول سے باہر جا رہی ہے یا حیدرآباد کی گورنمنٹ کی کمیونل پالیسی ہے - میں اعداد و شمار بتلاسکتا ہوں - پولیس ایکشن کے عین بعد جو گورنمنٹ حیدرآباد میں قائم ہوئی وہ ملٹری گورنمنٹ کا راج

تھا اور اسکے بعد ویلوڈی گورنمنٹ قائم ہوئی اور اوسکے بعد یہ الکٹڈ گورنمنٹ قائم ہوئی ۔ اسکے متعلق یہ جو کہا جا رہا ہے کمیونلزم کا راج ہے یہ بالکل غلط ہے ۔ میرے دوست بہت متاثر ہیں ۔ میں بھی متاثر ہوا ہوں اس امر سے ۔ پولس ایکشن کے عین قبل جس طرح میجارٹی کمیونٹی کے لوگوں پر ظلم و ستم کیا گیا قتل و غارتگری کا شکار بنایا گیا تھا اسی طرح پولیس ایکشن کے بعد کچھ پیمانہ پر میجارٹی کمیونٹی کے لوگوں کو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑا ۔ لیکن یہ ان لوگوں کا کام تھا جو ایک دوسرے کے انتقام کے جذبے سے معمور تھے ۔ اسکی وجہ سے حیدرآباد کی حکومت پر کمیونلزم کا الزام غلط ہے اور میں کہتا ہوں کہ ایک حد تک ناشکرگزاری ہے ۔ میں ان چیزوں کی تفصیلات نہیں بتلانا چاہتا کہ حیدرآباد کی گورنمنٹ نے حیدرآباد کی کانگرس آرگنائزیشن نے یا اور سیاسی جماعتوں نے جن کا مطمح نظر غیر فرقہ وارانہ سیکولراسٹیٹ کا قیام تھا میجارٹی کمیونٹی کے ان لوگوں کی تکالیف کو جن پر غیر شعوری طور پر بلا وجہ مظالم ڈھائے جا رہے تھے کس طرح دور کیا ۔ میں ان تمام تفصیلات کو بتانے کی ضرورت نہیں سمجھتا ۔ لیکن جن چیزوں کی طرف اشارہ کیا گیا کہ کسی کو گرفتار کیا گیا اور کسی ملازم کو باوجود وقت پر حاضر ہونے کے ملازمت میں نہیں لیا گیا تو میں کہونگا کہ ان ساری چیزوں کی وجوہات ہوسکتی ہیں ۔ میں نہیں سمجھتا کہ کسی بھی حکومت میں صد فی صد عدل و انصاف ہے جس توقع کا وہ اظہار کر رہے ہیں ناممکن ہے ۔ کہیں کہیں ہوسکتا ہے کہ غلطیاں ہوئی ہوں ۔ لیکن حکومت پر ان غلطیوں کی بنا پر الزام لگانا غیر صحیح اور نامناسب ہے ۔ میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ ایک آنریبل ممبر نے ایک جملہ کی طرف اشارہ کیا ہے جس سے پتہ چلتا ہے کہ کمیونلیزم (Communalism) قائم رکھنے کی کوشش کی جارہی ہے ۔ مثال کے طور پر کہا گیا ہے کہ پرائمری اسکولوں کے ٹیچرس کو علحدہ کردیا گیا ہے ۔ پرائمری اسکول کے ٹیچرس کو یکایک علحدہ نہیں کیا گیا ہے بلکہ اونکو دو سال کا موقع دیکر علحدہ کیا گیا ہے ۔ یونہی علحدہ نہیں کیا گیا ۔ یہی نہیں بلکہ آدھی تنخواہ دیکر امتحانات پاس کرنے کا موقع دیا گیا ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اس کے باوجود اعتراضات کی کوئی گنجائش ہو سکتی ہے ۔ کہا جاتا ہے کہ کیا یہی سکیولریزم ہے ۔ ان کو کافی مواقع دئے گئے اس کے باوجود وہ قابلیت کے اس معیار پر نہیں پہنچسے جو گورنمنٹ نے مقرر کیا تھا تو کیا گورنمنٹ انکو بٹھا کر منصب دیا کرتی ؟ کیا ان کی نا قابلیت کے باوجود انکی تنخواہ جاری رکھی جاتی ؟ اور ان کو منصبدار بنادیا جاتا؟ آپ منصبداروں کے بھی تو خلاف ہیں ۔ آئی ۔ سی ۔ ایس کے عہدہ داروں کی تنخواہیں آپ گھٹانا چاہتے ہیں اور اس کے ساتھ ساتھ یہ چاہتے ہیں کہ ایسے ناقابل لوگوں کو انکی ناقابلیت کے باوجود پرورش کیا جاتا رہے میں سمجھتا ہوں کہ آنریبل ممبر کا ریمارک یا تو کسی غلط فہمی کی بنا پر تھا یا انہوں نے شعوری طور پر جان بوجھکر یہ ریمارک کیا ہے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہاؤس انکے اس ریمارک سے قطعاً متاثر نہیں ہوسکتا ۔

عثمان آباد کے متعلق کہا گیا ۔ عثمان آباد میں ضرور نقصان ہوا ہے ۔ اس کا اعتراف گورنمنٹ کو خود ہے ۔ اس کی تلافی کے لیے اور وہاں کے مصیبت زدوں کو مصیبت سے بچانے اور ری ہیابیلیٹیشن کے لئے سنٹرس کھولے گئے ہیں ۔ وہاں کی غریب لڑکیوں کی

شادیوں کے لئے روپے دئے گئے ھیں ۔ بچوں کو اسکالر سپس (Scholarships) دئے گئے ھیں۔ ان واقعات سے جتنا دکھ اور درد آنریبل ممبر کو ہوا ہے میں یقین دلانا چاہتا ہوں کہ مجھے اور میرے دوستوں کو اس سے کچھ کم تکلیف نہیں ہوئی بلکہ میرے دوست سے زیادہ ہمدردیاں میں ان لوگوں کے ساتھ رکھتا ہوں ۔ میرے دوست نے یہ بھی کہا کہ حیدر آباد کے عہدہ دار کمیونل مائنڈیڈ (Communal minded) ھیں ۔ میں اس کو ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ تمام عہدہ دار اس قسم کے ھیں ۔ ہاں ممکن ہے کہ چند عہدہ دار کمیونل مائنڈڈ ہوں جیسا کہ گذشتہ زمانہ میں تھے ۔ میں کہونگا کہ اس قسم کے ریمارک کرنا کوئی صحیح بات نہیں ہے ۔ اس سے اچھی فضا پیدا نہ ہوگی ۔ اچھی فضا اسی وقت پیدا ہو سکتی ہے جبکہ ایک دوسرے سے ملیں اور پچھلے مفروضات کو اپنے دلوں سے نکالنے کی کوشش کریں ۔ بجائے اس کے گذشتہ باتوں کو بار بار دہرانا میں نہیں سمجھتا کہ کسی صحیح راستہ پر لیجا سکتا ہے۔

اس کے بعد سب سے پہلے میں کٹ موشن نمبر ۱ کے متعلق دو تین باتیں عرض کرونگا ۔ آنریبل ممبر نے ۱۵ لاکھ ۱۹ ہزار ۸ سو روپیے کم کرنے کی تحریک پیش کی ہے انہوں نے اس میں دست بند کے لئے جو (۱۹۸۰) روپیے ہیں انکو شامل کیا ہے۔ ساڑھے سات لاکھ رسوم داران کو اور ساڑھے سات لاکھ سیول ٹیم کو جو ملتے ھیں یہ دونوں ملکر ۱۵ لاکھ روپیے ہوتے ہیں اسطرح ان تینوں مدات کو ملا کر پندرہ لاکھ انیس ہزار آٹھ سو روپیوں کے ریڈکسن (Reduction) کی تحریک ہے۔ دست بند اور رسوم کے بارے میں میں ایک ہی جواب دونگا ۔ کہا گیا ہے کہ دست بند داروں کو دست بند اور رسوم داروں کو رسوم کا جاری رکھنا زمینداری ذہنیت کا پتہ دیتا ہے وغیرہ وغیرہ ۔ میں ان آرگیومنٹس (Arguments) کو دہرانا نہیں چاہتا بلکہ صرف فکٹس (Facts) آپ کے سامنے رکھنا چاہتا ہوں ۔ یہ دست بند ہے کیا چیز ؟ آنریبل لیڈر آف دی پی ۔ ڈی ۔ ایف کو غلط فہمی ہوگئی تھی کہ حضور نظام کے پاس کوئی رقم دست بند کے نام سے عطایا دینے کے لئے رکھی گئی ہے۔ یہ غلط ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ پچھلے زمانے میں جو لینڈ لارڈس تھے ۔ جو جاگیردار تھے انہوں نے اپنے پاس اپنے خرچے سے تالاب بنوائے ۔ انکا پانی انکے ہی زمینات کو سیراب نہیں کرتا تھا بلکہ گورنمنٹ کی دوسری رعایا کے زمینات بھی اس پانی سے سیراب ہوتے تھے اس لئے ان تالابوں کی تعمیر و ترمیم کی ذمہ داری ان لوگوں پر رکھی گئی تا کہ آیا کٹ کے زمینات کو پانی سیراب کرنے کے قابل رکھا جائے ۔ اس بارے میں انہیں جو اسناد دئے گئے تھے ان میں یہ لکھا گیا تھا کہ ''تاقیام شمس و قمر'' یعنی چاند اور سورج جب تک ہیں و اس سند کے مندرجہ حقوق سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ یہ رعایت انکے نتائج بعد میں کی گئی تھی بلکہ جو تالاب انہوں نے اپنے پیسے سے تعمیر کئے تھے اور جو سروس وہ ادا کر رہے ہیں اس کا معاوضہ ہے (۱۹۸۰۰) روپیے جو اونکو ادا کئے گئے ہیں انکے بعد کے زمانے میں بند ہوگئے اور اب وہ اپنے اخراجات سے تالابوں کی مرمت کر رہے ہیں اسی لئے آج تک دیا جارہا ہے اس کے ابالیشن کے متعلق اظہار رائے کیا گیا ہے ۔ حکومت کو اعتراض نہیں ہے ۔ اس کے لئے لیجسلیشن آنے والا ہے حکومت اس رجحان کے خلاف

ہیں ہے ۔ لیکن اس کو بند کرنے کے بعد خود حکومت پر اون بالائیوں کے تعمیر و ترمیم کی ذمہ داری عائد ہوگی ۔ اس کے تمام پہلوؤں پر غور کرکے اس بل کو حکومت اسمبلی میں پیش کریگی ۔ لیکن آپ چاہتے ہیں کہ فوری کچھ نہ کچھ کردیا جائے ۔ اسطرح سے نہیں کیا جا سکتا ۔ کسی معمولی اگزیکیٹیو آرڈر (Executive Order) کے ذریعہ ڈسمبند کو بند نہیں کیا جا سکتا ۔

رسوم داران کی پوری تعداد (۳۰۴۸) ہے اور ان کے لئے ساڑھے سات لاکھ روپیوں کی رقم ہے ۔ سالانہ ایک مرتبہ رسوم ملتا ہے ۔ یہاں بھی ایک طرف ڈسمکھ ہیں اوردوسری طرف دیسپانڈے ہیں ۔ میں بھی حکومت حیدر آباد کا ایک دیسپانڈیہ ہوں ۔ آنریبل لیڈر آف دی پی ڈی ایف بھی (Laughter).

آنریبل لیڈر آف دی پی ۔ ڈی ۔ ایف ۔ اسکو انالسس کرنے کیلئے تیار ہیں ۔ میں حیدرآباد کا چیف منسٹر بھی ہوں اور دیسپانڈیہ بھی ۔ مجھے بھی ساڑھے دس سو روپیے رسوم کے طور پر ملتے ہیں ۔ اس میں اور بھی حصہ دار ہیں وہ اپنا حصہ لیتے ہیں ۔ میں بھی اس کے لئے تیار ہوں ۔ کون کہتا ہے کہ رسوم داروں کا رسوم بند نہ کیا جائے ۔ ریونیو ڈپارٹمنٹ میں اس بل کا ڈرافٹ تیار ہو رہا ہے ۔ میں صرف اتنا چاہتا ہوں کہ ذرا صبر سے کام لیجئے ۔ اپوزیشن اگر یہ سمجھکر یہاں آئے کہ برسر خدمت حکومت زمینداارانہ ذہنیت رکھتی ہے ۔ جاگیر دارانہ ذہنیت رکھتی ہے تو اس کا جواب کوئی نہیں ہو سکتا وہ یہ نہیں سمجھتے کہ گورنمنٹ خود ان تمام چیزوں کو روبعمل لانے والی ہے ۔

شری وی ۔ ڈی ۔ دیسپانڈے ۔ عمل خود ثبوت ہے ۔

Action is the reply

Shri B. Ramkrishna Rao . And action will come in time

صبر کی ضرورت ہے ۔ صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے ۔ اس کے لئے لیجسلیشن کی ضرورت ہے ۔ اس کے لئے نکسٹ سیشن میں لیجسلیشن آئیگا ۔ نہ صرف یہ بلکہ بہت سی چیزیں ہیں جن پر غور کرنا ہے ۔ رسوم داروں کا سوال ایسا ہے کہ اس کے لئے کیاس گرانٹس کا مسئلہ زیر غور ہے ۔ تصیغہ مال اس پر غور کیا گیا ہے اور سررشتہ فنانس نے بھی غور کیا ہے ۔ گورنمنٹ ایک جوائینٹ کمیٹی (Joint Committee) بٹھا کر رسوم داروں اور منصب داروں کا فیصلہ کرنے والی ہے ۔ رسوم دار کیاس گرانٹس پاتے ہیں اور اسی طرح منصبدار بھی ماہوار پاتے ہیں وہ بھی خدمت ادا نہیں کرتے ۔ دونوں کی صورت تقریباً ایک ہی ہے ۔ اس لئے ان دونوں مسائل پر ایک ساتھ غور کیاجائیگا اور انکو ایک ساتھ پیش کیا جائیگا ۔ پالیسی کی حد تک گورنمنٹ کو اختلاف نہیں ہے ۔ ٹیری ٹوریل اینڈ پولیٹیکل پنشنرس کی مداب کے تحت جو گرانٹ مانگا گیا ہے اس میں وہ شامل ہے ۔ (۲۷) لاکھ روپیے منصب کے تحت آتے ہیں ۔ (۶۳۴۷) منصبدار ہیں اور ماہوار یاب یومیہ دار وغیرہ (۳۴۵۵۱) ہیں ۔ اس طرح تقریبا (۰۰ ۸) آدمیوں کا معاملہ ہے ۔ ان میں سے بعض ایسے ہیں جنہیں معاوضہ جاگیر منصب دیا گیا ہے اور بعض ایسے ہیں جو ماہواراب خاص کی تعریف میں آتے ہیں اور بعض امتیازی ہیں ۔ ان سارے منصبداروں

کے بارے میں جانچ کرکے تصفیہ کرنا ہے کہ انالیسس کے لئے کیا قواعد نافذ کرنا چاہئے؟ ان تمام باتوں پر غور ہو رہا ہے - ہم ڈیموکریسی (Democracy) کے اصولوں کو مانتے ہیں - اگر اسٹالن کی طرح میں بھی کوئی آرڈیننس دے سکتا یا تو ٹیلیٹیرین کیبنٹ (Totalitarian Cabinet) کی طرح یہ کیبنٹ کوئی فیصلہ کرسکتی تو اتنک ہوچکا ہوتا لیکن یہ ان دی نیچر آف تھنگس (In the nature of things) امپاسبل (Impossible) ہے - منصبوں کے ختم کرنے کا بھی وہی طریقہ اختیار کرنا ہوگا جس طرح جاگیرداروں کے لئے ایک کمیٹی بٹھا کر انکے مطالبات کو سنکر ان کا تصفیہ کیا گیا - اسی طرح منصبوں اور رسوم داروں کو ختم کرنے کا بھی یہی طریقہ ہوگا انکی شکایتیں سنی جائینگی اور ان پر غور کیا جائیگا آخر وہ بھی تو رعایا کے ایک جزو ہیں - وہ بھی اسٹیٹ کے سبجکٹس ہیں - اس پر غور کرنا ہے کہ انکے حقوق لیگلی تسلیم کئے جاسکتے ہیں یا نہیں کیونکہ انکے حقوق حاصلہ کو ختم کرنا ہے اور لکویڈیٹ (Liquidate) کرنا ہے - انکے اعتراضات بھی ملحوظ رکھنا ضروری ہے - منصبداروں کی ایک کمیٹی بنائی گئی ہے - انکا ایک ڈیپوٹیشن (Deputation) میرے پاس آیا تھا وہ اپنے کیس کو ریپریزنٹ (Represent) کرنا چاہتے ہیں - ان کو اسکا موقع نہ دیکر نہ یک جنبش قلم انکو ختم نہیں کیا جاسکتا - اس کے لئے اسمبلی میں قانون آئیگا - اکانمی کمیٹی نے حکومت کے سامنے جو رکمنڈیشنس رکھی ہیں ان پر بھی غور ہوگا - اکانمی کمیٹی نے اپنی سفارشات میں کسی چیز کو نظر انداز کردیا ہے تو اس پر بھی حکومت کو غور کرنا ہوگا - ایسی بہت سی دقتیں ہیں - ان دقتوں کو نکالنے کی کوشش کی جائیگی - رسوم دسبند اور مناصب ان تینوں چیزوں کے بارے میں میں یہ عرض کردینا چاہتا ہوں کہ حکومت آپ کی رائے سے متفق ہے - ان کو ختم کرنے کے لئے جلد سے جلد قانون اسمبلی میں پیش ہوگا - اب رہی یہ بات کہ اس سال کے بجٹ میں یہ چیزیں رکھی گئی ہیں تو ظاہر ہے کہ جب تک کہ یہ چیزیں قانون کے ذریعہ ختم نہ ہو جائینگی ان کے لئے بجٹ میں گنجائش رکھنا ہی ہوگا - انکو ادا کرنا ہوگا - اگر اس سال کے اندر قانون نہ آئے تو ایسی صورت میں کیا عمل ہوگا یہ الگ بات ہے - بہر صورت چونکہ موجودہ حالت میں وہ جاری ہیں مسدود نہیں ہوئے ہیں اس لئے ان کے لئے گنجائش رکھی گئی ہے - مجھے یقین ہے کہ آئندہ سال بجٹ میں یہ رقم نہ رہے گی -

اسکے بعد میں ان کٹ موشنس کی طرف رجوع ہوتا ہوں جن کے بارے میں جنرل بحث کی گئی - اس میں شک نہیں کہ عالی جناب نے یہ اشارہ کیا ہے کہ کسی اسپیسفک کٹ موشن (Specific cut motion) پر اسپیسفک (Specific) طور پر بحث ہونی چاہئے لیکن جنرل بحثیں ہوئی ہیں اس لئے میں انکے بارے میں جنرل طور پر کہونگا - میں انہیں سیریل طریقہ پر لیتا ہوں - کٹ موشن [illegible] دستبند اور رسوم کے بارے میں ہے اسکے ساتھ ہی سیول ٹیم آفیسرس (Civil team officers) کا بھی ذکر ہے - کٹ موشن [illegible] [illegible] ۱۹۴۸ ع
رکو حیدرآباد میں پولیس ایکشن [illegible] کو ختم ہوا ہے [illegible] ۱۹۴۸ ع

سے یہاں سول انکس شروع ہوا - کسی وجہ سے بھی ہو مگر گورنمنٹ آف انڈیا نے اس تاریخ سے یہاں سول انتظامات شروع کردئے - یہاں سیول ٹیم آفیسرس بھجوائے گئے انکے ساتھ مسس - ڈرائیورس - کچھ سارجنٹس بھی آئے - لیکن جیسے جیسے یہاں کے حالات میں تبدیلیاں ہوتی گئیں اور حالات نارمل ہوتے گئے سول ٹیم آفیسرس واپس ہوتے گئے - اور اب ریونیو ڈپارٹمنٹ میں صرف ۳ کلکٹرس یونین کے موجود ہیں - ایک ورنگل پر - ایک کریم نگر پر - اور ایک رائچور پر - ۳ ڈپٹی کلکٹرس ہیں - انہیں بھی واپس بھجدینے کا تصفیہ ہوچکا ہے - اور غالباً اس مہینے کے آخر میں یہ ڈپٹی کلکٹرس واپس چلے جائینگے - ایک پرسنل اسسٹنٹ ہیں جو سول ٹیم آفسرس کے ساتھ آئے تھے وہ موجود ہیں - ۵ تحصیلدار موجود ہیں - باقی واپس بھجدئے گئے - منسٹریل اسٹاف جو انکے ساتھ آیا تھا ان میں ۹۱ کلرکس ہیں - ان میں سے ۳۱ موجودہ سرویسز میں ابزارب (Absorb) کئے جاچکے ہیں - باقی (۹) واپس چلے جائینگے - جو مسیل سرونٹس آئے تھے انکی تعداد (۴۳) ہے - انکی سرویسس ٹمپریری (Temporary) ہیں اگر انکی ضرورت سمجھی جائے تو ابزارب کرلیا جائیگا ورنہ یہ بھی واپس کردئے جائینگے - بہر حال ریپاٹری ایشن کا پراسس تیزی سے جاری ہے - پولیس ڈپارٹمنٹ میں بھی ایسے لوگ واپس کردئے گئے ہیں اب بھی کچھ تعداد پولیس ڈپارٹمنٹ میں ایسی ہے - ان کا تخمینی خرچ ایک لاکھ کچھ ہزار روپیے ہے - اس وقت جو بجٹ پیش ہے اس کے پیش ہونے کے بعد بھی کچھ آفسرس واپس ہوئے ہیں - اس لئے اس ایٹم میں مزید بچت کی گنجائش ہے - بجٹ میں ان کے لئے گنجائش اس وقت تک رکھنا پڑیگا جب تک کہ پورے نہ چلے جائیں - مجھے یقین ہے کہ چند مہینوں میں بلکہ مہینے دیڑھ مہینے میں ۳ ڈپٹی کلکٹرس واپس چلے جانے والے ہیں - سول ٹیم آفسرس کے لئے پٹرول وغیرہ کے جو اخراجات ہیں میں نے انکی تفصیلات معلوم کرنے کی کوشش کی - مجھے معلوم ہوا کہ یہ صرف سیول ٹیم آفیسرس کے لئے ہی نہیں ہیں بلکہ ویریس (Various) آفیسرس جو ناعراض لا اینڈ آرڈر دورہ کرتے ہیں ان کے لئے بھی ہیں - اس میں آئندہ اور بھی کمی ہوسکتی ہے - اس مسئلہ پر حکومت غور کر رہی ہے - حکومت کا یہ خیال نہیں کہ اس میں ا کاٹی نہ کی جائے - وہ ضرور اکاٹی کرنے کی کوشش کرے گی - اس مد میں جتنے پراویزنس (Provisions) رکھے گئے ہیں مجھے امید ہے کہ جب سال پر ہم آپ کو نہ بتاسکینگے کہ اتنی رقوم خرچ نہیں ہوئی ہیں بلکہ کم ہوئی ہیں - اس اعتبار سے میں یہ کہونگا کہ اب جو تقریباً دیڑھ درجن سیول ٹیم آفسرس رہگئے ہیں انکے بارے میں اعتراض کرکے اسپر کٹ موشن لانا مناسب نہیں اور خود کٹ موشن لانے والے ممبر شاید یہ بات محسوس کریں اور اپنا کٹ موشن واپس لے لیں -

اسکے بعد جو کٹ موشنس سلسلہ نمبر ۳ سے ۸ تک ہیں وہ سب کے سب ریوینیو ڈپارٹمنٹ کے مدات سے متعلق ہیں - کٹ موشنس میں عام طور پر جن اسپیسیفک پائنٹس (Specific points) پر بحث ہوئی ہے وہ لینڈ ٹینورس (Land Tenures) ڈسٹرکٹ اڈمنسٹریشن (District Administration) اور ٹینسی پرابلم (Tenancy Problem) تک محدود ہے اس لئے میں ا ہی پرا بلمس

پر ایسے حالات کا اظہار کرونگا - اگر میں ایک ایک کٹ موشن کا جواب دوں تو شائد زیادہ دیر ہوجائے اور میں اسکی ضرورت بھی نہیں سمجھتا - اگر میں اپنے جواب میں آنریبل دوستوں کو مطمئن کرسکوں تو ضرور اس طرف جاؤنگا جس طرف جانے کا ہم نے وعدہ کیا ہے اور جس طرف جانے کی امید آپ بھی رکھتے ہیں - میں نہیں جانتا کہ امید آپ رکھتے ہیں یا نہیں کیونکہ ہم جیسے معزز ممبروں کو یہاں بیٹھے ہیں ان سے کوئی ایسی امید نہیں پائی جاتی - اورنہ آپ کو ہم سے سوشلزم (Socialism) کی طرف جانے کی امید ہوسکتی ہے - آپ مزدوروں اور کسانوں سے متعلق سوالات کرتے ہیں - اس قسم کی چیزیں تو بہت کہی گئیں - میں انکا جواب دینے نہیں کھڑا ہوں - لیکن میں سمجھتا ہوں کہ کچھ فیکٹس اینڈ فگرس (Facts and Figures) ایسے لوگوں کے سامنے پیش کروں جو کسی رنگین عینک سے نہیں دیکھتے اور ایسے ہی لوگوں کو میں کسی حد تک مطمئن بھی کرسکتا ہوں جس کا کہ میں نے وعدہ کیا ہے - میں اس وقت ڈسٹرکٹ اڈمنسٹریشن کے بارے میں کہونگا کیونکہ ریوینیو منسٹر بھی میں ہی ہوں - اس نقطہ نظر سے ریوینیو کا جو اڈمنسٹریشن ہے اور اسکی جو تفصیلات ہیں ان سے جتنا میں واقف ہوں اور ان میں جتنے نقائص ہیں میں نہیں سمجھتا کہ آپ ان سے واقف ہیں کیونکہ ان سے میرا سابقہ (سبب) ہے - میں یہ جانتا ہوں کہ پٹیل پٹواری کتنی کارگذاریاں دکھاتے ہیں لیکن ایک طرف تو سیکڑوں برس سے چلے آنے والے اس طریقہ کی بنیادیں کھوکھلی ہوگئی ہیں اور دوسری طرف جس طرح کہ ٹمٹماتے ہوئے چراغ گل ہونے سے پہلے بھڑک لیتے ہیں اسی طرح وہ انسٹیٹیوشنس (Institutions) بھی آج کچھ کم نہیں کررہے ہیں - چنانچہ میں نے گرداوروں کی ٹریننگ کلاسس میں ان لوگوں سے کہا تھا اور انکو وارن کیا تھا کہ آج آپ لوگ اسکولوں اور کالجوں سے نکلے ہوئے نوجوان ہیں - گرداوری اور مال کی ٹریننگ بھی آپکو دیگئی ہے لیکن آپ کو دوسرے استاد ملینگے جو کسی اور قسم کی ٹریننگ دینگے جس سے کہ آپکو دور رہنا چاہئے اور بچنا چاہئے - یہ میں نے وارننگ دی تھی - غرض کہنے کی یہ ہے کہ جتنے مظالم وہ کرتے ہیں - جتنا دھوکہ وہ دیتے اور جس جس طریقہ سے وہ رعایا کو نقصان پہنچاتے ہیں وہ حکومت کے پیش نظر ہے -

"In fairness I must say that this was a problem even before the past Government."

چنانچہ ہماری سابقہ گورنمنٹ نے اسکو عمداً جاری نہیں رکھا تھا کیونکہ ان کو بھی اس کا احساس تھا اور آج سے دس بارہ سال پہلے پٹیل پٹواریوں کے ہریڈیٹری سسٹم کو ختم کرنے کی اسکیم گریکس کے پیش نظر تھی کہ لیجسلیشن (Legislation) کے ذریعہ اسکو ختم کرایا جائے - لیکن جونہی انہوں نے یہ قدم اٹھایا پولیٹیکل کنڈیشنس بدل گئے اور انکو یہ اسکیم اور لیجسلیشن پوسٹ پون (Postpone) کرنا پڑا - یہ سب ریکارڈ مثل میں موجود ہے - لیکن گذشتہ سال سے ہم نے پھر اسکو اپنے ہاتھ میں لیا ہے - کیونکہ یہ اسکیم از بس ضروری ہے اور جو قانون اس ضمن میں بنایا جارہا ہے اس کو ہاؤس کے سامنے پیش کیا جائیگا - ہمارا ارادہ یہ ہے کہ پٹواری - مالی پٹیل

اور پولیس پٹیل ان دو آدمیوں کو جو کہ ہر گاؤں میں رہتے ہیں کم کرکے مالی پٹیل اور
پولیس پٹیل دو آدمی مقرر کئے جائیں - یہ میرا ذاتی خیال ہے اور
اکانمی کمیٹی (Economy Committee) کی بھی یہی سفارش
ہے - لیکن اس میں دو طرح کی امپلیکیشنس (Implications)
ہیں ایک تو مالی امپلیکیشن اور دوسری اڈمنسٹریٹیو امپلکس - اڈمنسٹریٹیو
(Administrative) مشکلات اس میں یہ ہیں کہ ایک دم سے ۲۲ ہزار گاؤں کو
سرکلس میں تقسیم کیا جائے تو بھی قریب قریب ساڑھے چھ ہزار پٹواریوں کی ضرورت
ہوگی اور دوسرا اہم سوال جو پیدا ہوگا وہ یہ ہے کہ موجودہ لوگوں کو جب نکال دیا
جائیگا تو پھر ان امپلائمنٹ (Unemployment) کا سوال اٹھیگا - اگر ہم موجودہ
ان امپلائڈ لوگوں کو انکی جگہ مقرر کریں اور انکو پٹواری گری دیں تو اس میں انتظامی
مشکلات کا ہم کو سامنا کرنا پڑیگا - کیونکہ انکو ۳۲ رجسٹرات رکھنے پڑتے ہیں -
ان رجسٹرات کی خانہ پری کرنی پڑتی ہے - آج بھی پٹیل پٹواریوں کے لئے جو امتحان
رکھا گیا ہے اس امتحان کو پاس کرنا پڑتا ہے - ان تمام چیزوں کی تکمیل ضروری ہے -
حتی کہ گماشتوں کو بھی امتحان پاس کرنا پڑتا ہے - ایک بڑی دقت یہ بھی ہے کہ
اصلدار جیسے بہت سے لوگ (تقریباً ۹۰ فیصد) ہیں جو خود کام نہیں کرتے - اسکی
وجہ یہ ہے کہ پرانے زمانہ میں وہ گاؤں کے راجہ خیال کئے جاتے تھے - لیکن اب ہوتا
یہ ہے کہ ایک کانسٹیبل جاتا ہے اور کہتا ہے کہ پٹیل کو بلاؤ - پٹواری کو بلاؤ
اور ایسے بہت سے کامپلیمنٹس دیتا ہے - چونکہ پٹیل پٹواریوں کی بھی سلف رسپکٹ
(Self-Respect) ہوتی ہے اسلئے اصلدار خود کام نہیں کرتے بلکہ وہ اپنے
طرف سے ایسے آدمی کو مقرر کرتے ہیں جو ان کامپلیمنٹس کو سن سکتا ہے اور خود
بیک گراونڈ میں رہکر کام کرتے ہیں - ان تمام چیزوں کے بارے میں میں انکو انڈیکیشن
(Indication) دینا چاہتا ہوں - اور جو پرپوزل زیر غور ہے وہ یہ ہے کہ
سرکلس (Circles) بنائے جائیں - اگر ہر موضع پر پٹواری کو نہ بھی رکھا جائے
تو یہ سرکلس ۶۵ یا ۶۳ ہوتے ہیں - اسکے بارے میں بورڈ آف ریونیو
(Board of Revenue) کو لکھا گیا ہے اور کام شروع ہونے والا ہے - ان سرکلس
کو بنانے کے بعد ٹریننگ کلاسس (Training Classes) کھولے جائینگے اور یہ کام ایک
سال میں ختم ہوگا اسلئے تین یا چار سالہ پلان مرتب کرنا ہوگا تاکہ کم سے کم ایک ہزار
آدمیوں کی تربیت کا انتظام ہوسکے اور جب وہ تیار ہو جائیں تو انکا تقرر کیا جاسکے -
ان تمام ذمہ داریوں کے پیش نظر جو کہ پٹیل پٹواریوں کے تفویض ہیں مثلاً مالگزاری
وصول کرنا - لیوی وصول کرنا - گاؤں میں لاانیڈ آرڈر باقی رکھنا - میونسپل میاٹرس
کے علاوہ سرکاری لوگوں کی آؤ بھگت ہے تو یہ ساری چیزیں اسکے اسکیل میں
سے تو نہیں ہوسکتیں یقیناً ان پٹہ کی رمیات سے جو کہ رعایا کے بدار ہونے سے
پہلے انکے قبضہ میں چلی گئی تھیں ان اخراجات کا بار برداشت کیا جاتا ہے
میں یہ نہیں کہتا کہ ان میں اچھے لوگ نہیں ہونگے - بعض اچھے بھی
ہونگے اور بعض کا ضمیر چھپتا بھی ہوگا - غرض اس سسٹم کو نکالنے کے لئے

ہم کو ان تمام پراکٹیکل چیزوں پر غور کرنا ہوگا اور رکروٹمنٹ کے طریقہ کا لحاظ بھی کرنا پڑیگا ۔ جب ضروری لیجسلیشن ہاؤس کے سامنے پیش ہوگا اس وقت تجاویز پیش کئے جائینگے اور صاحب ہونگے کہ اس فیوڈل وسٹیج (Feudal vestige) کو ختم کیا جائے ۔ تاکہ اس ہرنڈیٹری سسٹم کو بدلکر کوئی اور بہتر دمہ دارانہ طریقہ اختیار کیا جاسکتا ہے ۔ کیونکہ آج ہم دیکھتے ہیں کہ جب کوئی پٹواری یا گماشتہ کوئی مس اپروپریئیشن (Misappropriation) کرتا ہے اور سرکاری رقم کا تصرف کرتا ہے تو اصلدار اس کا دمہ دار ہوتا ہے اور سرکاری رقم کی بازیافت کے لئے اس کا گھر نیلام ہوتا ہے ۔ اسکے پاس برتن ، جانور اور اسباب وغیرہ سب کچھ بیچ دئے جاتے ہیں ۔ اور سرکاری رقم وصول کی جاتی ہے ۔ اب رہا سوال اسکی تنخواہ کا جسکے متعلق میں کہونگا کہ ہم مواضعات کے پٹواری کو ایک ٹٹو تو چاہئیے ۔ ایک چپراسی کی تنخواہ (۴ - ۰) روپیے تو دینا ہی پڑیگا ۔ اس سے ہمارے بجٹ میں قریب قریب ۳۰ لاکھ روپیہ کا مزید بار عائد ہوگا لیکن جو خرابیاں اس ہرنڈیٹری سسٹم سے ہو رہے ہیں اسکے مقابلہ میں ہم ۳۰ - لاکھ روپیے کا بار برداشت کرسکتے ہیں اور ہمیں اس میں کوئی فینانسل ڈیفکلٹی (Financial difficulty) بھی نہیں ہے ۔ یہ اسٹپنڈیریز (Stipendiaries) پٹواری ہونگے ۔ انکے ہاتھوں میں ہزاروں روپیے کے کلکشنس (Collections) ہونگے اور کس کالیبر (Calibre) کے لوگ ہونگے کن قواعد کے تحت انکو رکھا جائے تاکہ سرکاری روپیہ انکے ہاتھوں میں محفوظ رہے ۔ ہم کو ان تمام حالات و واقعات کی پیش بندی کرنی ہوگی۔ اس سلسلہ میں میں صرف ایک بات کہکر اپنی تقریر ختم کرنا چاہتا ہوں کہ کیابینٹ (Cabinet) میں اسبارے میں پہلی حکومت کے زمانے میں بھی غور کیا گیا۔ اس بات کو بتاتے ہوئے کیابینٹ کے کسی راز کا اظہار نہیں کر رہا ہوں بلکہ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بتلانا یہاں ضروری ہے کیونکہ اس پچھلی حکومت کو بھی نسبتاً کی نظر سے دیکھنے والے موجود تھے ۔ اور ویلوڈی حکومت کے زمانہ میں بھی کیابینٹ نے اسکے متعلق سوچا اور اسکے پریلی منریز (Preliminaries) پر غور کیا گیا ۔ اور اسبات کو محسوس کیا گیا کہ ضروری لیجسلیشن فوراً نافذ کیا جائے چنانچہ بمبئی کلکرنی اینڈ وطن انالیشن ایکٹ کے نمونہ پر ہم بھی لیجسلیشن کرنا چاہتے ہیں ۔ کیونکہ انڈیا کے دوسرے علاقوں میں یونیفارمٹی (Uniformity) نہیں ہے اور چونکہ بمبئی میں بہت زیادہ پروگریسیو لیجسلیشن (Progressive legislation) ہوا ہے اسی نمونہ پر ہم لیجسلیشن کرنا چاہتے ہیں۔ لیکن یہ سنکر شاید میرے دوستوں کے رونگٹے کھڑے ہو جائینگے کہ بمبئی میں بھی کمپنسیشن دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ بمبئی گورنمنٹ نے یہ سمجھا کہ یہ ایک پروپرائٹری رائٹ (Proprietory right) کا سوال ہے جو تحت قانون بلا کمپنسیشن کے نہیں لیا جاسکتا اس لئے ہم کو بھی یہاں پر اویژن رکھنے کی ضرورت ہے ۔

شری وی ڈی دیشپانڈے : کیا یہ فیصلہ امنڈمنٹ کے بعد میں ہوا ہے ؟

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ امنڈمنٹ کا اس پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ امنڈمنٹ کے بارے میں میرے آنریبل دوست کو کچھ غلط فہمی ہوئی ہے۔ ۳۱ (اے) میں جو امنڈمنٹ ہوا ہے اس کا اثر اسٹیٹس پر ہے جیسے کہ مدراس بہار وغیرہ میں ہوا۔ کہیں یہ نہیں کیا گیا کہ بغیر کمپنسیشن دینے کے زمینات لی گئی ہوں۔

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ سکشن ۳۱ کے تحت بغیر کمپنسیشن دینے کے اسکو ختم کرنے کا اختیار شاید لیجسلیچر کو دیا گیا ہے۔

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ نہیں۔ یہیں پر تو آپ غلطی کر رہے ہیں۔ خیر اس بحث میں جانے کی ضرورت نہیں۔ اگر ایسا ہے میں کوئی قانون بنانا ہو تو حکومت کو اس پر لیگل اوپینین (Legal Opinion) لینی پڑیگی۔ بمبئی میں اس سکشن اے کے تحت ممکن ہے ایسا کیا جاتا ہو۔ لیکن جیسا کہ آپ سمجھتے ہیں پٹیل پٹواریوں سے میں بحث نہیں رکھتا۔

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ لیکن ہم اس سے سبق تو لے سکتے ہیں۔

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ ہمارے معزز ممبر چین اور روس کی مثال سب سے پہلے کہیں قائم کرنا چاہتے ہیں تو حیدرآباد میں قائم کرنا چاہتے ہیں۔

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ پٹیل پٹواریوں کو سکشن ۳۱ کے حوالہ سے بغیر کمپنسیشن (Compen ation) دئے ختم کیا جاسکتا ہے۔

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ آرٹیکل ۹ میں پراپرٹی کی تعریف کی گئی ہے کہ رائٹ، ٹائٹل یا انٹرسٹ جس میں ہوسکتا ہو وہ پراپرٹی کی تعریف میں آسکتا ہے۔ اور اسی وجہ سے اس کا کمپنسیشن دینا ضروری ہو جاتا ہے ورنہ کانسٹی ٹیوشن کی خلاف ورزی ہوگی۔ یہ گورنمنٹ آف حیدرآباد کے لیگل اڈوائزر نے رائے دی تھی۔ اگر اونکی رائے غلط ہو تو ہم گورنمنٹ آف انڈیا کے لیگل اڈوائزر سے رجوع ہوسکتے ہیں۔ وہاں سے جو رائے دیجائیگی اوس کے مطابق عمل کیا جاسکتا ہے۔ بہر حال کمپنسیشن کے بارے میں تخمینہ لگایا گیا ہے۔ کوئی قطعی چیز جیسا کہ اس بارے میں کہ کتنا دینا چاہئے ہم نے تصفیہ نہیں کیا۔ لیکن ہم نے کمپنزیشن دینے کا جو اندازہ لگایا ہے وہ بمبئی سے کم ہے۔ اور یہ صرف تخمینہ ہے۔ اور یہ چیز کہ ان کو ۲ گنا دیا جائے یا ۳ گنا دیا جائے یہ قطعی نہیں ہوا ہے۔ اور اسکے متعلق قانون بنکر اسی اسمبلی میں آپکے سامنے آئیگا۔ ۳ کروڑ روپیے کے قریب قریب ۸ - ۱۰ برس میں ان لوگوں کو کمپنسیشن دینا پڑیگا۔ لیکن اگر اوس میں سے کچھ نکالدینا پڑیگا تو مجھے کچھ اعتراض نہیں ہے لیکن میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حیدرآباد کی حکومت اس جانب اقدام کر رہی ہے اور اسکے متعلق نومبر کے سشن میں یہاں بل پیش ہوسکتا ہے۔ ہماری گورنمنٹ نے ۲ مارچ کو جائزہ لیا جس کو آج تین ماہ ہوتے ہیں۔ اسکے پہلے بھی کچھ لوگ ہم میں سے اس گورنمنٹ میں تھے اسلئے یہ کہنے کی زیادہ گنجائش مل رہی ہے۔

یہ جو تھوڑا سا عرصہ ملا اوس میں بھی آپ نے اتنی تکلیفوں میں مبتلا تھا ۔(Laughter) ہم نے آنکھیں کھلی رکھ کر کام کرنے کی کوشش کی ۔ میں یہ نہیں کہتا کہ ہم کامیاب ہوئے ہیں لیکن آپ اگر اس کوشش کو کوشش بھی سمجھنے کے لئے تیار نہیں ہیں تو میں کیا جواب دوں ؟

ٹیل پٹواریوں کی حد تک میں اطمینان دلانا چاہتاہوں کہ حکومت کی یہ پالیسی ہے کہ جلد از جلد ان کو ختم کردیا جائے ۔ اور میں کہہ سکتا ہوں کہ ہم اگلے سال میں اس چیز کو لائینگے ۔

اس کے بعد میں دوسری چیزوں کی طرف جاتا ہوں ڈسٹرکٹ اڈمنسٹریشن کے تعلق سے جو باتیں کہی گئیں ان میں کچھ اصلیت ہے یہ میں مانتا ہوں ہمارے آفیسرس ۔ تحصیلدار ۔ پیشکار ۔ نائب تحصیلدار یہ پہلے سے تھے ۔ جو ہمارے ورثہ میں آئے ہیں لیکن اس سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ کچھ لوگ تو بے کار تھے ۔ اور کچھ لوگ خراب تھے ۔ جب ان لوگوں میں سے کچھ لوگ چلے گئے ۔ اور کچھ لوگ ہیں ۔ انہیں ہم سدھارنے کی کوشش کر رہے ہیں ؟ لیکن ایک دن میں کامیاب کیسے ہوسکتے ہیں جو کرپشن ہے ۔ رشوت کا سلسلہ ہے ۔ فیوریٹزم (Favouritism) ہے اس کو دور کرنے کے لئے قدم اٹھائے جارہے ہیں ۔ لیکن یہ کام ایک دم نہیں ہوسکتا ۔ یہ جو میں یہاں کہہ رہا ہوں اسی طرح میں نے کلکٹرس کانفرنس ڈی ۔ یس ۔ پی اور عہدہ داروں کی کانفرنس میں بھی کہی ہیں ۔ یہ جو تبدیلی ہوئی اسے میں انقلاب نہیں کہتا کیونکہ آپ اسکو انقلاب نہیں سمجھتے ۔ انقلاب تو آپ اس کو سمجھتے ہیں جو آپ کے معنوں میں انقلاب ہو ۔ بہر حال تو ایسی تبدیلی حیدر آباد میں ہوئی پہلے یہاں بہت سے ان کوالی فائیڈ (Un-qualified) ملازمین تھے ان کوالی فائیڈ ان معنوں میں کہ وہ کوئی معیار قابلیت نہیں رکھتے تھے ۔ پولیس ایکشن کے بعد ری آرگنائزیشن (Reorganisation) کیا گیا ۔ اس ری آرگنائزیشن کے بعد بھی بہت سے لوگ بچے ۔ جو بچے ان میں کوالی فائیڈ بھی تھے اور ان کوالی فائیڈ بھی ۔ میں کسی خاص کمیونٹی کی بات نہیں کہہ رہا ہوں ۔ اس میں ہر کمیونٹی کے لوگ شامل تھے ۔ جو لوگ ان کوالی فائیڈ تھے ان کو کوالی فائیڈ لوگوں سے ری پلیس (Replace) کیا گیا ۔ امتحان مقابلہ ان کے لئے رکھا گیا ۔ جو تحصیلدار پہلے سے تھے ان میں اکثر کوالی فائیڈ (Qualified) تھے اور کچھ ان کوالی فائیڈ تھے ۔ نئے طور پر جن کوالی فائیڈ لوگوں کو ہم نے لیا سکتے ہے وہ بہ لحاظ کم عمرے کی وجہ سے ٹیکسی ایکٹ یا قانون مالگزاری سے پوری اور اچھی طرح واقف نہ ہے اس لئے میں آپ سے پلیڈ (Plead) کرتا ہوں کہ آپ اسکو ٹالریٹ (Tolerate) کریں اور ان کو تجربہ حاصل کرنیکا موقع دیں ۔ ہم سرویسس کو ری آرگنائیز کر رہے ہیں ۔ ممکن ہے کچھ غلطیاں ہوئی ہوں ۔ لیکن محض اس کی وجہ سے ڈسٹرکٹ اڈمنسٹریشن پر آپ جو تنقید کررہے ہیں وہ صحیح نہیں ۔ ڈسٹرکٹ آفیسرس کو اسپیڈ اپ (Speed up) کرنے کی ضرورت محسوس کرتا

ھوں - معزز ارکان جو اس پر اتنا زیادہ زور دیکر تنقید کررہے ھیں کہ یہ لوگ فرائض سے واقف نہیں ھیں

مسٹر اسپیکر - ساڑھے سات ھورہے ھیں - میرے پاس ساڑھے سات ہو ۔ منٹ کم ھیں -

شری .بی - رام کشن راؤ - افسوس ہے کہ میں لمبی تقریر کرنے کا عادی ھوں - اب میں مختصر طور پر دوسرے مدات کا ذکر کرتا ھوں اور جلد سے جلد اپنا جواب ختم کرتا ھوں - ڈسٹرکٹ اڈمنسٹریشن کے تعلق سے میں صرف آپ سے ٹالرینس کی خواھش کرتا ھوں - جو نقائص ھیں وہ بہت جلد دور ھو جائیں گے- ٹیننسی ایکٹ کے تعلق سے میں اُن تمام چیزوں کا کوئی جواب دینا نہیں چاھتا - بہت سے معزز ممبروں نے کہا کہ ٹیننسی اگریکلچرل لینڈس ایکٹ کی وجہ ذرہ برابر بھی فائدہ نہیں ھو رہا ہے بر خلاف اس کے نقصان ھی ھورھا ہے۔ میں اس کا کچھ جواب نہیں دیتا - بلکہ اس کا جواب ان ۲ لاکھ پروٹکٹڈ ٹیننٹس (Protected tenants) سے مل سکتا ہے جنہیں پروٹکٹڈ ٹننٹس کا سرٹیفیکٹ دیا گیا - ھو سکتا ہے کہ ان ۲ لاکھ میں سے کچھ مستفید نہیں ھورہے ھوں لیکن اسکے یہ معنی تو نہیں کہ پروٹکٹڈ ٹیننٹس کو جس قانون کے تحت رائٹس (Rights) دئے گئے ھیں وہ فالو (Follow) نہیں کیا جا رہا ہے - اسطرح مایوسانہ انداز میں پریجوڈیس (Prejudice) کے ساتھ غور کرنا مناسب نہیں - میں کریٹی سزم (Criticism) کو ویلکم (Welcome) کرتا ھوں لیکن اس قانون سے جو فوائد ھورہے ھیں اون کو تسلیم کرتے ھوئے جو نقصانات ھورہے ھیں بتلا ئے جائیں اور ڈیفینٹ پروپوزل (Definite proposal) پیش کیا جائے تو مناسب ہے۔ بعض نے کہا جاتا ہے کہ ایوکشن (Eviction) کے سلسلہ میں ایک آرڈیننس (Ordinance) نو نکالنا چاھئیے میں پوچھتا ھوں کہ اسکے کیا معنی ھیں ؟ ٹیننسی ایکٹ کی دفعات موجود ھیں جن سے پتہ چلتا ہے کہ ایوکشن کن صورتوں میں ھو سکتا ہے اور کن صورتوں میں نہیں - اسکے علاوہ جب کبھی ایوکشن ھوتا ہے تو اوس کی تحقیقات کیجاتی ہے اور جرمانہ عائد کیا جاتا ہے - اسکا ایفکٹ (Effect) لینڈ لارڈس پر بھی ھوتا ہے -

میں اس چیز کو مانتا ھوں کہ وہ غریب کسان وہ ٹیننٹس جنہیں لنگوٹی نصیب نہیں کیسے جان سکیے ھیں کہ انکے حقوق کیا ھیں - انکو عدالت میں جانے پر مجبور کیا جائے تو پھر ھم کس مرض کی دوا ھیں ؟ ان کو کیا معلوم کہ کیا بات ہے - اس قانون کو بدل دیا جائے اور دوسرا قانون لایا جائے پھر بھی کیا ھوگا ؟ - آج تک اس قانون سے فائدہ اٹھانے والے آدمی کو اگر معلوم نہیں ہے کہ یہ فائدہ اوسے مل رہا ہے اگر وہ اس قابل نہیں ہے کہ وہ قانون کا فائدہ اٹھائے تو ھم کو سیریسلی (Seriously) سوچنا چاھئیے کہ زیادہ سے زیادہ فائدہ اس قانون سے ملنے کے لئے ھمیں کیا کرنا چاھئیے۔ یہ فرض ھم پر عائد ھوتا ہے جو پبلک کی سیوا کرنے والے ھیں اور ایسے غریبوں کے لئے اپنی جان قربان کرنے کے لئے تیار ھیں - آخر ھم کس مرض کی دوا ھیں ؟

ایک آنریبل ممبر - کتنے بے قاعدگی کرنے والوں کو جیل میں رکھا گیا ہے ؟

شری بی - رام کشن راؤ - بے قاعدگی کرنے والے چاہئے وہ ہریجن ہوں جتنے بھی ہوں انہیں جیل میں بند کرنا ہی ہوگا -

ٹیننٹس کی ان مشکلات کو دور کرنے کے لئے حکومت جتنی کوشش کرسکتی ہے کر رہی ہے - معاملات الجھے ہوئے ہیں - بعض لوگ ایسے ہیں جو لینڈ لارڈس اور ٹیننٹس میں سمجھوتہ ہونے نہیں دیتے - قانون کی پابندی کرانے والوں کے ساتھ تعاون نہیں کرتے - بہر حال کئی الجھنیں ہیں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کسی سبھا کی طرف سے ٹیننٹس اور لینڈ لارڈس میں سمجھوتہ کرانے کی کوشش کی گئی تو آپ نے اسکو پیرلل گورنمنٹ (Para' el Govt) کا نام دیا -

شری بی - رام کشن راؤ - اس سبھا نے یقیناً پیرلل گورنمنٹ کا طریقہ اختیار کیا - سمجھوتہ کرانے کی کوشش نہیں کی گئی بلکہ فیصلے کئے جانے لگے - جرمانے عائد کئے جانے لگے - آٹھ آٹھ سو روپیہ جرمانے کرکے اسکی ڈرسس کی گئی نہ رہا - وصول کئے جائیں - اس قسم کی رپوٹس (Reports) ہیں - یہاں نہیں اس قسم کی کوششیں کی جائینگی - حکومت ہرگز انکو برداشت نہیں کریگی - (Chec s)

آربی ٹریشن (Arbi ration) کیجئے - جاگیرداروں کو مٹانے کی کوشش کیجئے - آپ جا کر فیصلہ کریں اور پولیس کرٹ سے تعمیل کرینگے وہ کون شخص اسکی تعمیل کریگا ؟ قانون کی عمل آوری کے لئے جتنی کوشش ہو سکتی ہے کی جا رہی ہے - میں ایک سجیشن کا سواگت کرتا ہوں جو دیا گیا - بورڈ آف ریوینیو ایک کمیٹی بنائے جسکا صدر تحصیلدار ہو اور دو نان آفیشل ممبرس ہوں - اس کمیٹی کا فرض یہ ہوگا کہ وہ ٹیننٹس اور لینڈ لارڈس میں جو تنازعات ہوں انہیں آربیٹریٹ (Arb.trate) کرے - اسکے بعد ٹریبونل کے لئے پراویژن ہے - ہمارے پاس ایسے تجاویز قریب قریب منظورہ ہیں ان سے ضرور فائدہ ہوگا - میں ان تفصیلات میں جانا نہیں چاہتا - وقت ہوچکا ہے - چونکہ آپ نے پیرلل گورنمنٹ کا ذکر کیا اسلئے کہنا پڑا - یہ ڈیلی نیوز کا پیپر ہے -

"A well-manned Parallel Government exists in Nalgonda.

Shri V. D. Deshpande : Please bring that into court and we will reply there.

Sri B. Ramkrishna Rao : I know the reply will appear in tomorrow's News Paper.

شریمتی آرتہ کملادیوی - یہ بالکل جھوٹ ہے -

Mr. Speaker : No discussion Please.

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ پوری باتوں کا جواب میں نے ابھی پہلی تقریر میں دیدیا ہے۔ مسی لیجسلیشن کمپلیٹ ہے۔ ٹینیٹس اور لینڈ لارڈس کے نزاعات اس کی رو سے حل ہوسکتے ہیں۔ سیلنگ آف دی رائٹس (Selling of the Rights) کے بارے میں مفصل غور کیا گیا ہے۔ تعلقوں کو بدلا گیا ہے۔ دہارہ معاف کیا گیا ہے جس کے لئے ۲۰ برس سے ایجیٹیشن (Agitation) ہو رہا تھا۔ پٹہ داروں کو زمیات میں درختوں کا حق دیا گیا ہے اور جمعبندی کا قانون سمپلی فائی (Simplify) کیا گیا ہے۔ تہہ بندی کے جھلے قانون کو ابالش (Abolish) کیا گیا ہے۔ لیوی (Levy) کے رولس کی ترمیم کی گئی ہے۔ کچھ ڈائرکشنس (Directions) دئے گئے ہیں۔ سرکاری زمیات پر ان اتھارائیزڈ (Unauthorised) لوگوں کے قبضہ کے بارے میں

شری کے۔ ایل۔ نرسمہوا ن راؤ۔ کیا ہریجنوں کو زمیات کی تقسیم کے بارے میں کچھ رولس بنائے گئے ہیں ؟

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ میں نے اسپسل لاؤنی رولس بنائے ہیں۔ ونوبا جی بھاوے نے کہا ہے کہ بھوداں یگیہ کے رولس بنانے چاہئیں۔ ڈسٹری بیوشن آف لینڈ (Distribution of Land) کے سلسلہ میں ایک کمیٹی بٹھائی گئی ہے۔ اس کے متعلق ڈرو پو رلس ہمارے پاس ہیں۔ آنے والے سیشن میں پیش ہونگے اور کمپریس کے مسئلہ پر بھی غور کیا جارہا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ ہماری ساری کوششیں آپ کے معیار پر پوری نہ اتریں اور میں اسکی امید بھی نہیں رکھتا کہ وہ پوری اتریگی۔ آپ کے معیار پر نہیں تو میں اپنے معیار پر اتارنے کی کوشش کرونگا۔

لیجسلیشن کے بارے میں چھوٹی چھوٹی چیزوں پر اظہار خیال کیا گیا لیجسلیشن کے تعلق سے جو کچھ کہا گیا وہ ایک ایسی بات ہے جو انتظامی اصولوں کے نقطہ نظر سے اس میں کمی یا ناکامی کی گنجائش نہیں ہے۔ کٹ موشن کے ذریعہ سے جو کچھ کہا گیا اس پر ڈسکشن (Discussion) کرنا مقصود تھا۔

کرپشن کی حد تک میں اپنے ڈپارٹمنٹ کی حد تک جواب دونگا اور اگر چیف منسٹر کی حیثیت سے سارے ڈپارٹمنٹس کی حد تک بھی کہوں تو بیجا نہ ہوگا۔ میں حکومت کی جانب سے اس سے انکار نہیں کرتا اور نہیں کہتا کہ اسکی ذمہ داری حکومت پر نہیں ہے۔ حکومت کے عہدہ دار چور ہوں یا بڑے کرپٹ ہوں یا کچھ کچھ کرپشن کے مرتکب ہوتے ہوں تو حکومت پر اسکی ذمہ داری ضرور ہے۔ میں اسکو مانتا ہوں۔ ہاؤس میں صحیح طور پر کہا گیا کہ ہمارا اڈمنسٹریشن کرپشن میں مبتلا ہے لیکن میں یہ کہونگا کہ اسکی ذمہ دار رعایا بھی ہے اسکے ذمہ دار عوام ہیں جو رشوت دینے کے عادی ہو گئے ہیں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ یہ چیزیں بہت جلد ختم ہو جائیگی۔ لیوی کا موجودہ طریقہ برخاست ہو جائے تو آدھا کرپشن دور ہو جائےگا۔ اس طریقہ سے ہم ضرور کوشش کرینگے ہماری سی۔ آئی۔ ڈی میں ایک انٹی کرپشن برانچ (Anti-corruption Branch) ہے اس کے پاس (۱۳۸) عہدہ داروں کے خلاف رشوت ستانی کی درخواستیں وصول ہوئی ہیں

پولیس نے ان کی تحقیقات کی اور جن کے بارے میں ثبوت فراہم ہوسکا انکے خلاف کارروائی کی گئی ۔ اور چند ایسے ہیں جن کے خلاف ثبوت نہ مل سکا ۔ رشوت ایسی چیز ہے کہ اس کے الزامات کو ثابت کرنا مشکل بلکہ قریب قریب ناممکن ہے اسکے باوجود ان پر اڈمنسٹریٹیولی (Administratively) اسٹپ (Step) لیا گیا ہے ۔ یہ ہو سکتا ہے کہ ہمارے اڈمنسٹریشن کے چھوٹے عہدہ دار جو بڑے عہدہ داروں کے بھائی بند ہوں مثلاً گرداور ۔ لیوی گرداور ۔ رسد کے انسپکٹرس ۔ یا تحصیلدار انکی نیتیں بدلی ہوں ۔ لیکن جہاںتک اپرریںک آفیسرس (Upper-rank Officers) کا تعلق ہے میں کہہ سکتا ہوں کہ ان میں کرپشن نہیں ہے ۔ البتہ اس زمانہ میں جس زمانہ کی یاد آپ کے دل میں ہے عہدہداروں سے قطع نظر اپررینک لیڈر بھی اس میں مبتلا تھے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ عالیجناب اسپیکر صاحب کا بھی دھیان اسطرف گیا ہوگا جسطرف میں اشارہ کر رہا ہوں ۔ ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ جو چھوٹے عہدہ داروں کے جو شاید کچھ کرپٹ ہوں بڑے عہدہدار کرپٹ نہیں ہیں بلکہ میں یہاں تک کہنے کے لئے تیار ہوں کہ ہمارے سب گرداور اور پورے تحصیلدار بھی اس میں مبتلا نہیں ہیں ۔ شاید ہی چند ایسے ہوں ۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ وہ وقت پر کام نہ کرتے ہوں ۔ جن سوالات کا تعلق ریوینیو ڈپارٹمنٹ سے تھا میں سمجھتا ہوں کہ میں نے اون سب کا جواب دیدیا ہے اور اگر کچھ رہ گئے ہیں تو آئندہ کہدونگا ۔ جنرل اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ (General Administration Department) کے تعلق سے جو اعتراضات ہوے ہیں ان میں سب سے زیادہ اعتراضات ہاسپٹالیٹی ڈپارٹمنٹ (Hospitality Department) پر ہوے ہیں ۔ اسکو پہلے عامرہ کہا جاتا تھا اب اس نام کو اس لئے بدل دیا گیا ہے کہ اس نام میں ، اس کے الفاظ میں کچھ ایسی بو باس تھی جسکی وجہ سے اسکو بدل دیا جانا ہی مناسب سمجھا گیا اور اب اس ڈپارٹمنٹ کا نام ہاسپٹالیٹی ڈپارٹمنٹ رکھا گیا ہے ۔ اسکا پراویژن پہلے ساڑھے سات لاکھ روپیے تھا ۔ سنہ ۱۹۵۱ ع میں گورووا لا کمیٹی یا برسگ راؤ کمیٹی نے جو سجیشنس پیش کئے تھے ان کے اعتبار سے تخفیف کی قینچی سب سے پہلے اسی ڈپارٹمنٹ پر لگی سنہ ۱۹۵۲ ع میں یہ رقم ۷ لاکھ ۵۶ ہزار سے (۲,۱۷,۸۸۳) پر لائی گئی ۔ اسطرح قریب ۵ لاکھ کی تخفیف ہوئی ۔ ریوائیزڈ اسٹیمیٹ (Revised Estimate) میں یہ معلوم ہوا کہ اکانمی کے ساتھ خرچ کرنے پر بھی ۲ لاکھ ۱۷ ہزار روپیے خرچ کرنا ہی ہوگا ۔ میں یہ بھی واضح کردینا چاہتا ہوں کہ اس رقم میں منسٹرس کی موٹروں کے پٹرول کے اخراجات بھی شریک رہتے ہیں ۔ اب بھی شریک ہیں ۔ اسی طریقہ پر باہر سے جو ڈسٹنگویشڈ گسٹس (Distinguished guests) آتے ہیں انکے اخراجات بھی اسمیں شامل ہیں ۔ ممکن ہے آپ کہیں کہ انکے لئے لیک ویو گسٹ ہاؤس ہے ۔ یہاں پنڈت جواہر لال نہرو یا گوپال سوامی آئنگار آتے ہیں ۔ آپ کہینگے کہ انکے لئے ہاسپٹالیٹی کا انتظام حکومت کیوں کرتی ہے ؟ مگر آپ مجھے چاہے کنزرویٹیو (Conservative) کہئے یا دکنی کلچر کا نمائندہ لیکن جیسا کہ میری بہن معصومہ بیگم صاحبہ نے کہا میں انکی رائے سے متفق ہوں ۔ ہمارے حیدر آباد کی روایات ہی ایسے ہیں ۔ اس کے لحاظ سے کیا یہ ممکن ہے کہ حیدر آباد کی

حکومت ھی ان ھاسپٹیبل (In hospitable) ھو جائے - کسی آدمی کو یہاں جگہ نہ دیں یہ غلط ھوگا - کیا دوسرے صوبوں میں ایسا ھوتا ہے؟ میں مدراس گورنمنٹ کا گسٹ (Guest) رھا ھوں - ان کے پاس بھی ایک گورنمنٹ ھاسپٹالیٹی ڈپارٹمنٹ ہے - بمبئی گورنمنٹ کا گسٹ رھا ھوں وھاں بھی یہ محکمہ ہے - اسی بجٹ میں اس کے لئے لاکھ دو لاکھ روپیے رکھا کوئی ایسی چیز نہیں جو اعتراض کے قابل ھو - اگر آپ دوسروں کی ھاسپٹالٹی نہ کرینگے تو کیا وہ ھماری ھاسپٹالٹی کرینگے؟ یہ اسٹیٹ کی ایسی چیز ہے جو بجٹ کو بھاری نہیں بناسکتی - یہ حکومت کے لوازمات میں سے ہے - منسٹرس یا چیف منسٹرس کے لئے نہیں - جس کرسی پر ھم ھیں یہ اسکے لوازمات ھیں آپ لوگوں میں سے کوئی دوست اگر میرے پاس آئے اور اگر میں شربت یا کافی نہ پلاؤں تو میں برا سمجھا جاؤنگا - یہ چیزیں چھوٹی چھوٹی سی ھیں میں یہی کہوں گا کہ اس پر ھاؤس کو اعتراض نہ ھونا چاھئیے - میں آپ کو یہ بتلانا چاھتا ھوں کہ حال ھی میں ۱۵ دن کے اندر ریوائزڈ پروپوزل کے لحاظ سے بجٹ چھپ کر آجانے کے بعد بھی کمی کی گئی ہے - جب الاؤنسس کا بل پاس ھوجائیگا تو اس وقت منسٹرس کے پٹرول کا جو خرچ رکھا گیا ہے وہ رقم بھی اس آئٹم (Item) سے خارج ھوجائے گی -

اسکے بعد ڈیمانڈ نمبر (۱۳) منسٹروں کی تنخواھوں کے بارے میں ہے - بدقسمتی سے یہ نمبر بھی (۱۳) ہے اور منسٹروں کی تعداد بھی (۱۳) - ممکن ہے اس پر بھی اعتراض ھو - ظاھر ہے جب تعداد بڑھ جاتی ہے تو منسٹرس اور انکے اسٹاف کی تنخواھوں وغیرہ کا خرچ بھی بڑھ جاتا ہے - لیکن اگر پہلے کے مقابلہ میں تنخواھوں کا مقابلہ کیا جائے تو خرچ میں قریب قریب کمی ھی ھوئی ہے - پہلے یہاں ۸ منسٹرس تھے جن کی مجموعی تنخواہ آج کے ۱۳ منسٹرس کی تنخواھوں سے زیادہ تھی - میں نے حساب نہیں کیا ہے آپ حساب کرلیں - غرض یہ کہ اس میں تھوڑا سا ضرور اضافہ ھوا ہے - یہ ھونے کی بات ہے - یہ ڈیموکریسی کا خمیازہ ہے جسے آج ھم کو بھگتنا پڑ رھا ہے - جس طرح لیجسلیٹرس کی تنخواھیں ھیں اوسی طرح یہ بھی ڈیموکریسی کا خمیازہ ہے بہر حال ھم نے اس پر کافی غور کرکے کمی کی ہے - غیر ضروری مدات کو ختم کرکے بیر نیسیسیٹیز (Bare necessities) کو رکھا ہے - اب اس میں مزید تخفیف کی گنجائش نہیں - سکریٹریز اور انکے ڈپارٹمنٹس کی تنخواھوں کے بارے میں کہا گیا - جنرل اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کے بارے میں کہا گیا اس کا جواب میں نہیں دونگا - اسکا جواب آنریبل ممبر کلوا کرتی نے دیا ہے - واقعہ یہ ہے کہ جو سکریٹریز اور دیگر اسٹاف کے ممبرس ھیں ان کے اور حکومت کے درمیان اگریمنٹ ہے - ان دی لارجر انٹرسٹ (In the larger interest) انہیں برداشت کرنا ضروری ہے - اس میں کئی مرتبہ تخفیف ھوئی ہے - کئی الاونس کم کردئے گئے ھیں - اس سے پہلے کئی الاونس تھے - اب بہت سے موقوف کردئے گئے ھیں - تین مرتبہ کیبینٹ میں انکی لسٹ آئی - ایک مرتبہ چند لوگوں کو چھانٹا گیا - دوسری مرتبہ کچھ لوگ چھانٹے گئے اور تیسری مرتبہ کچھ - اب صرف یونیفارمٹی اور سرویسس کے لحاظ سے جو الاونس ملنے چاھئیں وھی دئے جا رھے ھیں - سکریٹریز کی تنخواھیں زیادہ ھونے کے بارے میں کہا

گیا لیکن وہ کاونٹڈ سرویسس(Counted se vices) کے لوگ ھیں - آئی-سی- ایس آفیسرس ھیں - گورنمنٹ آف انڈیا کے ساتھ انکے کنٹرا کٹس (Contracts) ھیں- اس لحاظ سے انہیں پراویڈنٹ فنڈ اور پنشن وغیرہ دینا پڑتا ھے لیکن اگر آپ دیکھیں تو معلوم ھوگا کہ حقیقت میں کتنے روپیے انکے ھاتھ آتے ھیں - ۱۱۶۰ روپیے ھر ماہ انکی تنخواہ سے وضعات ھوتے ھیں - اور انہیں صرف ۱۶۰۰ روپیے ھاتھ آتے ھیں - پیپر پر دکھانے کے لئے انہیں ۲۷۰۰ یا بشمول الونسس ۳۳۰۰ روپیے ملتے ھیں لیکن انہیں ۶۰۰ روپیے انکم ٹکس ادا کرنا پڑتا ھے - کیا اسکے باوجود بھی کہا جاسکتا ھے کہ انکی تنخواھیں زیادہ ھیں ؟ آئی - اے - ایس کے انٹیگریشن (Integration) کے بعد یہ سوال بھی باقی نہیں رہتا -

ایک اور ایٹم ۹۳-لندن کے گھروں کے بارے میں ۱۶۷۰۰ روپیوں سے متعلق ھے-

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - کیا چیف سکرٹری کے بارے میں معلوم کرایا جاسکتا ھے کہ انہیں یہاں رکھنے کےلئے کوئی لزوم ھے ؟

شری بی - رام کشن راؤ - چیف سکرٹری اور آئی - جی - پی ان دو عہدوں پر سنٹرل گورنمنٹ کے عہدہ دار ھیں - لیکن یہ صحیح نہیں ھے کہ سنٹرل گورنمنٹ ان عہدوں پر اپنی جانب سے تقررات کرتی ھے - واقعہ صرف اس قدر ھے کہ سنٹرل گورنمنٹ کو پارٹ (بی) اسٹیٹس پر کانسٹی ٹیوشن کے تحت نگرانی کا جو حق ھے اور خاص طور پر جسطرح آنریبل ممبر کاوا کرتی نے کہا حیدرآباد کی صورت میں پولیس ایکشن کے بعد تھوڑے سے پرٹیکولر (Particular) حالات جو انکے ذمہ ھیں ان کے پیش نظر اور جونکہ انکی پوسٹس (Key posts) ھیں اسلئے ان پر تقررات کے وقت ان سے مشورہ کیا جاتا ھے - اس وجہ سے بھی کہ اڈمنسٹریٹیو سرویسز ابھی پورے نہیں ھوئے ھیں - آئی - اے - ایس کا انٹیگریشن ھوا ھے لیکن ابھی یہ چیز مکمل نہیں ھوئی ھے - ان پوسٹس پر تقرر کا اختیار حکومت حیدرآباد کو ھے - سنٹرل گورنمنٹ سے بتوسط کونسلر (Counsellor) مشورہ کرنا پڑتا ھے - ان حالات میں چیف سکرٹری اور آئی - جی - پی کے تقررات کے ضمن میں یہ نہیں کہا جاسکتا کہ ڈیموکریٹک گورنمنٹ میں یہ قید کیوں عائد کی گئی ھے - یہ کہنا صحیح نہ ھوگا - اسلئے کہ گورنمنٹ آف انڈیا بھی ھماری ھی گورنمنٹ ھے - اھم معاملات میں انکے ڈائرکشن(Direction) کو ھم خوشی سے قبول کرتے ھیں -

لندن کے بنگلوں کے سلسلے میں مجھے یہ کہنا ھے کہ وھاں کے دو بنگلے فلمور گارڈن اور حیدرآباد ھاؤس حیدرآباد گورنمنٹ کے ھیں - انکالیر ھولڈ ھے - حیدرآباد ھاؤس میں اس وقت پرنسس آف برار اور انکے لڑکے موجود ھیں - اسکے مینٹیننس (Maintenance) کا بار نظام ادا کرتے ھیں اسے حیدرآباد گورنمنٹ نہیں اٹھاتی - یہ بنگلے فروخت کئے جانے والے ھیں - حال ھی میں آفرس (Offers) آئے ھیں - اگر یہ آفرس ٹھیک معلوم ھوں تو انہیں بیچ دیا جائیگا - بہت ممکن ھے کہ خود نظام انہیں خرید لیں - اسلئے کہ اس میں انکے پوترے مقیم ھیں - فلمور گارڈن میں گورنمنٹ آف انڈیا کے ھائی کمشنر کا عملہ موجود ھے - جس زمانہ میں حیدرآباد کے ایجنٹ لندن میں تھے اس وقت یہ خریدا گیا تھا - اسکا

ایزهولڈ ہے - ہائی کمشنر انڈیا اس کا کرایہ ادا کرتے ہیں - اسکے مینٹیننس کے اخراجات بجٹ میں رکھے گئے ہیں - یہ لازمی ہے کہ جب کوئی چیز ہے تو اسکے مینٹیننس کے اخراجات تو برداشت کرنا ہی پڑیگا - خصوصاً لندن جیسے مقام پر ظاہر ہے خرچہ ہوتا ہی ہے -

شری لکشمن کونڈا - کیا اس کے لئے اسٹاف نہیں ہے ؟

شری بی - رام کشن راؤ - اسٹاف نہیں ہے جو آفیسرس پیروی کے لئے یہاں سے جاتے ہیں وہاں رہتے ہیں - کوئی خاص اسٹاف وہاں نہیں ہے - سب کو ریڈیوس (Reduce) کردیا گیا ہے - حیدرآباد کے جو طلبا لندن میں تعلیم حاصل کرنے کے لئے جاتے ہیں انکے انتظام کے لئے ایک یا دو آدمی وہاں ہیں جو ہائی کمشنر انڈیا کے تحت کام کرتے ہیں -

اسکے بعد ٹیریٹوریل اور پولیٹیکل پنشنس ہیں - میں نے مضمون کا ذکر کردیا ہے - اس سلسلے میں اسے مزید دہرانے کی ضرورت نہیں -

جاگیر اڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ کے بارے میں کہا گیا - یہ مسئلہ صاف ہے - ۱۸ کروڑ کمپونسیشن دیا جا رہا ہے جو ۱۵ - ۲۰ سال میں ادا ہوگا - جاگیرات کے لکویڈیشن (Liquidation) کا جو پراسس ہے اسکو عمل میں لانے کے لئے جاگیر اڈمنسٹریشن آفس ہے - اس کے لئے گورنمنٹ نے اپنی جانب سے کوئی علحدہ سکرٹری نہیں رکھا ہے - بلکہ ایجوکیشن سکرٹری سے ہی یہ کام لیا جا رہا ہے - البتہ عملہ پہلے ۳ لاکھ کے صرفہ سے کام کرتا تھا اب اس فیگر کو گھٹا کر ۲ لاکھ ۶۲ ہزار کردیا گیا ہے - اور یہ بھی چھ مہینے کا معاملہ ہے - ۶ - ۷ مہینے کے اندر جب پورے کاروبار تکمیل پا جائینگے اور ووچرس (Vouchers) دیدیے جائینگے اس وقت یہ ایٹم بھی ختم ہو جائیگا - کمپونسیشن دینا جب اپنی جگہ قائم ہے تو اس کا بھی اس وقت تک باقی رہنا ضروری ہے - آپ یہ کیوں نہیں دیکھتے کہ ہندوستان میں، سارے بھارت میں سب سے پہلے جاگیروں کا ابالیشن کس جگہ ہوا - حیدرآباد میں ہوا - فسٹ کیس ان انڈیا - سردار پٹیل جس وقت موجود تھے انہوں نے اس مسئلہ پر غور کرکے ایسے کمپونسیشن کا فیصلہ کیا - وہ اس کا اندیشہ کرتے تھے کہ جاگیرات کا قبضہ آسانی سے حاصل کرنا دشوار ہے - اس میں بڑی ہل چل ہوگی اور زبردستی کرنی پڑے گی لیکن وہ اس طرح زبردستی کرنا نہیں چاہتے تھے - اس لحاظ سے انہوں نے سب سے پہلے حیدرآباد میں جاگیرات پر قبضہ کرلیا - شائد آپ دیکھ رہے ہونگے کہ راجستھان اور سوراشٹرا میں تو اب بل پیش ہو رہا ہے -

ہوسکتا ہے آپ کہیں کہ بہت جنرس (Generous) طریقہ پر معاوضہ مقرر کیا گیا ہے - اسبارے میں میں بحث کرنا نہیں چاہتا کیونکہ آپ نے نام دیا ہے کہ میں جاگیرداروں کا دوست ہوں اور میں خود ایک چھوٹا سا جاگیر دار ہوں - اگر مجھے اپنے آپ سے محبت ہے تو یہ ایک فطری چیز ہے - لیکن میں آپ سے ایک ان بیاسڈ (Unbiased) نقطہ نظر رکھکر جانچنے کی درخواست کرتا ہوں - ایک امیر پائیگاہ جسکو ۳ لاکھ

۸۰ هزار روپیہ ملا کرتے تھے اسکو آج ۹۹ هزار روپے مل رہے ہیں ۔ اس کمپنسیسں کی قسطوں میں اگر اضافہ کیا جائے تو کم مدت لگے گی اور اگر کمپنسیسں کم کیا جائے تو مدت زیادہ ہوگی ۔ گورنمنٹ آف انڈیا نے اسکو طئے کیا ہے ۔ یہ ہوسکتا ہے کہ یہ آپکی رائے کے سوای ہو لیکن یہ نیچرل جسٹس (Natural justice) کے خلاف ہوگا ۔ اگر آپ چاہیں تو موڈ آف پیمنٹ (Mode of Payment) میں تبدیلی کرسکتے ہیں ۔ میں پولیٹیکلی (Politically) اڈمنسٹریٹیولی (Administratively) اور لیگلی (Legally) رول آوٹ (Rule-out) نہیں کر رہا ہوں ۔ لیکن اس میں بہت سی دقتیں ہیں اس لئے میں آپکو وارن (Warn) کرنا چاہتا ہوں ۔ باقی باتوں کے متعلق میں زیادہ تفصیلات بیان کرنا نہیں چاہتا ۔ اس وقت تک ہی میری تقریر بہت لمبی چوڑی ہوگئی ہے اور جو چیزیں باقی رہ گئی ہیں وہ بہت ہیں اسلئے تمام تفصیلات کا جواب دینا ناممکن ہے ۔ میں آپکو آگاہ کرنا چاہتا ہوں کہ جو باتیں کہی گئی ہیں میں ان سے ناواقف نہیں ہوں اور جن چیزوں کی طرف حکومت کو توجہ دلائی گئی ہے ' جن نقائص اور ڈیفکٹس (Defects) کی طرف اشارہ کیا گیا ہے انکو دور کرنے کا میں آپکو اطمینان دلانا چاہتا ہوں ۔ یہ ہوسکتا ہے کہ آپکی منزل بھی وہی ہو جس راستہ پر ہم چل رہے ہیں ۔ آپکا جو طریقہ ہے وہ دوسرا طریقہ ہوسکتا ہے لیکن میں آنریبل لیڈر آف اپوزیشن سے یہ کہنا چاہتا ہوں کہ انکی اور ہماری منزل ایک ہی ہے اور وہ ہے ڈیموکریٹک سوشلزم ۔ اگر چیکہ ہمارے راستے الگ الگ ہیں ۔ اور میں سمجھتا ہونکہ سوائے چند اختلافات کے وہ راستہ بڑی حدتک عوامی جمہوری حکومت کا ہی ہے ۔ اور اس سے بڑی حدتک عوام کو اطمینان حاصل ہوگا ۔ اگر اس میں کچھ دیر لگے گی تو میں صرف آپ سے صبر و ٹالریشن (Toleration) کی درخواست کرونگا ۔

شری ۔ وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ اتنی بڑی تقریر کے بعد اب ہم اس حالت میں نہیں ہیں کہ کٹ موشنس کے متعلق اپنا فیصلہ دیں یا انہیں واپس لیں ۔ اور میں یہ بھی خیال نہیں کرتا کہ اس میں ہاؤس کا کچھ نقصان ہونے والا ہے ۔ اسلئے میں عرض کرونگا کہ کل کونسچن آور کے بعد گرانٹس پیش کئے جائیں ۔

مسٹر اسپیکر ۔ تو کیا بہت سارے کٹ موشنس واپس لینے کی امید ہے ؟

شری پاپی ریڈی ۔ کیا اس شرط پر ٹائم دیا جائیگا ؟

ڈاکٹر چنا ریڈی ۔ اسپیچس کے دوران میں ہی سونچا جاسکتا ہے ۔ بعد میں سونچنے کا موقع نہیں رہتا ۔

مسٹر اسپیکر ۔ ہاں وقت کا سوال ہے ۔ میری گھڑی میں ۸ بجکر ۱۰ منٹ ہوئے ہیں اور ٹیبل کی گھڑی میں ۸ بجکر ۵ منٹ ہوئے ہیں ۔

شریمتی شاہجہاں بیگم ۔ اب ۸ بجکر پانچ منٹ ہوئے ہیں ۔

شری بی۔ رام کشن راؤ۔ اگر عالی جناب اجازت دیں تو میں یہ عرض کرونگا کہ عام طور پر پارلیمان اور۔ گو اسمبلی میں یہ طریقہ رائج ہے کہ اسٹیٹمنٹس پر اسی وقت رائے شماری کی جاتی ہے اور ووٹس (Votes) لئے جاتے ہیں۔ ۱۲ گھنٹے یا ۱۸ گھنٹے گذر جانے کے بعد ممکن ہے کہ سری اسل میں اتنی طاقت نہ رہے اور میرے معزز دوست ابھی کٹ موشنس واپس لینے راضی ہوں اور پھر زور لگانے والے ہوں اسلئے اس وقت جبکہ میرے دوست ہنس رہے ہیں ووٹ لیا جانا بہتر ہوگا۔

مسٹر اسپیکر۔ ابھی میں نے کہا تھا کہ اس مسئلہ کو ہم آج ہی ختم کرینگے۔ اسلئے میں اسٹیٹمنٹس ووٹ کے لئے رکھتا ہوں۔ شری اے۔ راج ریڈی

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے۔ وہ یہاں نہیں ہیں۔

مسٹر اسپیکر۔ لیکن چونکہ کٹ موشن . . .

شریمتی شاہجہاں بیگم۔ وہ آگئے۔

شری اے راج ریڈی۔ میرا کٹ موشن ووٹ کیلئے رکھا جائے۔

Mr. Speaker · The question is —

"That the demand under the Head Land Revenue be reduced by Rs 15,19,800"

The motion was negatived

Mr. Speaker Next cut motion Shri Uddhava Rao Patil.

Shri Uddhava Rao Patil I beg leave of the House to withdraw my cut motion

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker · Shri B. Krishnaiah

Shri B. Krishnaiah I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn

Mr Speaker : Shri L. Muttiah.

(Shri L Mutiah was not present in his seat)

Mr. Speaker: When once the cut motion is moved, it has to be put to vote.

The question is .

"That the demand under the head ' Land Revenue' be reduced by Re 1'-

The motion was negatived.

Shri V. D Deshpande · I demand division

The House divided.

Ayes	Noes
56	81

The motion was negatived.

Mr. Speaker : Shri. V. D. Deshpande.

Shri V. D. Deshpande · I do not want to press my cut motion. I am withdrawing it.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker . Next. Shri K Sreenivasa Rao.

Shri K. Sreenivasa Rao : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker : Shri Sripat Rao.

Shri Sripat Rao . I beg leave of the House to withdraw my cut motion

The motion was by leave of the house withdrawn.

Mr Speaker · Shri B. D. Deshmukh.

Shri B. D. Deshmukh : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker : Demand No. 5. Shri A. Raj Reddy.

Shri A. Raj Reddy : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker : Demand No. 12. Shri A. Raj Reddy.

Shri A. Raj Reddy : I want the cut motion to be put to vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the demand under the Head 'Government Hospitality Organisation' be reduced by Rs 2,46,200"

The motion was negatived.

Mr. Speaker : Next Demand No. 13 Shri A. Raj Reddy.

Shri A. Raj Reddy : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker : Shri K. V Narayan Reddy.

K. V Narayan Reddy : I beg leave of the House to withdraw my 3 cut motions under this head.

The motions were by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker . Demand No. 17. Shri Ankush Rao Venkat Rao.

Shri Ankush Rao Venkat Rao : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker : Shri Ch Venkat Rama Rao.

Shri Ch. Venkat Rama Rao : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr Speaker : Shri A. Raj Reddy.

Shri A. Raj Reddy : I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker : Next, Demand No. 21.

An hon. Member: This cut motion has already been disallowed.

Mr. Speaker : Next. Demand No. 39. Shri Sreeramulu.

Shri G. Sreeramulu : I wish my cut motion be put to vote.

Mr. Speaker The quest.on is .

"That the demand under the Head 'Charges in England, and High Commissioner for India in London" be reduced by Rs 16,700"

The motion was negatived.

Shri Raja Ram . I demand a div sion, Sir.

The House divided

Ayes	Noes
55	81

The motion was negatived

Mr. Speaker Next Demand No 68. Shri Deshpande.

Shri V. D. Deshpande I demand that my cut motion be put to vote.

Mr. Speaker · The question is :

"That the Demand under 'Territorial and Political Pensions' be reduced by Rs 20,35,000".

The motion was negatived.

Mr. Speaker · Next Demand No. 78. Shri Ch. Venkatrama Rao.

Shri Ch Venkatrama Rao · I want to withdraw my cut motion.

The mot on was by 'eave of the House withdrawn.

Mr. Speake : Demand No 82 Shri V. D. Deshpande.

Shri V D Deshpande I beg leave of the House to withdraw my cut motion.

The motion was by leave of the House withdrawn.

Mr. Speaker . Demand No. 85 Shri B D Deshmukh

Shri B. D. Deshmukh I want my cut motion to be put to vote.

Mr. Speaker : The question is :

"That the demand under 'Jagir Administration Expenditure' be reduced by Rs. 2,62,500".

The mo ion was negatived.

Mr Speaker : The question is :

"That the demands Nos 1, 3, 5, 12, 13, 14, 17, 21, 31, 35, 37, 39, 55, 65, 68, 73, 78, 81, 82 and 85, the aggregate being Rs. 1,96,66,025 be granted."

The motion was adopted.

Shri V. D. Deshpande : On a point of information, Sir.

یہ جو ڈیمانڈز کئے جا رہے ہیں میں سمجھتا ہوں ان کے بارے میں اگر الگ الگ ووٹنگ ہو تو ٹھیک ہوگا۔ ہوسکتا ہے چند کے بارے میں تو ہاں کہا جائے اور چند کے بارے میں نہیں کہا جائے۔

مسٹر اسپیکر ۔ طریقہ یہ ہے کہ اگر کوئی کٹ موشن منظور ہو جائے تو اسکو اس کی حد تک کم کیا جائے گا اور وہ ڈیمانڈ نکال دیا جائیگا۔

The House then adjourned till Nine of the clock on Saturday, the 21st June, 1952